
# پنجابی نامہ

ارشاد احمد پنجابی



ساڈی پنجابی اکیڈمی لاہور

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

جملہ حقوق محفوظ

پہلا ایڈیشن ۱۹۵۹ء

دوسرا ایڈیشن ۱۹۸۱ء

قیمت پچیس روپے

ناشر

ساڈی پنجابی اکیڈمی

۳- عثمانیہ سٹریٹ ۔ عقب داتا صاحب - لاہور

طابع

بختیار پرنٹرز-لاہور

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# پنجابی نامہ

ارشاد احمد پنجابی

Academy of the Punjab in North America - APNA:  http://www.apnaorg.com

# تعارف

پنجابی نامہ کی دوسری اشاعت پیش خدمت ہے - پنجاب کی ثقافت سے متعلق اہم اور نمائندہ الفاظ پر مشتمل اس کاوش نے توقع سے زیادہ قبولیت حاصل کی - تھوڑے ہی عرصے میں پہلی اشاعت ہاتھوں ہاتھ نکل گئی ، شاید اس لیے کہ پنجاب شناسی کے شائقین کے لیے اس نوعیت کا مدد گار مواد پہلے سے موجود نہ تھا - کئی سالوں سے اہل علم اور ارباب ادب کو اس کتاب کے نایاب ہونے کا گلہ تھا ، امید ہے موجودہ اشاعت سے طلبائے زبان و ثقافت کی یہ شکایت دور ہو جائے گی -

مرحوم و مغفور احمد دین اظہر صاحب ڈائریکٹر مرکزی اردو بورڈ ، لاہور کی تحریک پر ۱۹۶۵ء میں اس کتاب کی تالیف کا آغاز ہوا - منصوبہ یہ تھا کہ خطۂ پنجاب کے اہم ثقافتی اور سماجی پہلوؤں سے متعلق ذخیرۂ الفاظ کو تقسیم ابواب یعنی تبویب کے ساتھ مرتب کیا جائے - یہی اہتمام بالآخر اس کتاب کی مقبولیت کا سبب ہوا - علمی و ادبی حلقوں کے علاوہ قومی اخبارات و جرائد نے بھی پنجابی نامہ کی تالیف میں پیش نظر دیانت اور محنت کو سراہا اور اس نوعیت کے کاموں کی اہمیت سے اپنے قارئین کو آگاہ کیا - اہل علم نے جس طرح اس کتاب کی پذیرائی کی ، اس کے لیے جس قدر شکریہ ادا کیا جائے ، کم ہے -

شہری اور دیہاتی زندگی میں معاشرتی فرق ایک ایسا عنصر ہے جس نے ان دونوں کے درمیان اجنبیت کی دیوار کھڑی کر دی ہے - اس کی وجہ شائد ابلاغ عامہ کی زبان اور حکمت عملی ہو - پنجابی نامہ کی تالیف کا ایک نمایاں مقصد یہ بھی ہے کہ شہر میں رہنے

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

والوں کو اپنے دیہات اور قصبوں میں رائج الفاظ ، ان کے معنی اور ان میں چھپی ثقافت کی ایک جھلک دکھائی جا سکے - پھر دیہات میں رہنے والی اکثریتی آبادی کو اس امر کا احساس ہو کہ ان کی زبان اور ثقافت کو محفوظ کرنے اور اسے آگے بڑھانے کے لیے کوئی اقدام کیا جا رہا ہے - اردو خواہوں کے لیے بھی پنجابی نامہ کی تالیف اس لحاظ سے مفید ہے کہ وہ اپنی تحریروں میں پنجاب کی دیہاتی زندگی کے عین نمائندہ الفاظ استعمال کرکے گیسوئے اردو کو مزید سنوار سکیں گے - یوں اردو زبان کی پاکستانی تشکیل میں بھی مدد ملے گی -

آخر میں زیر نظر عمل کے نقوش ابھارنے اور دوبارہ شائع کرنے کے ضمن میں محترم شیخ ظفر اقبال ، آقائے رازی ، سید جلال شاہ ، ذوالفقار احمد اور چوہدری محمد اشرف جیسے مخلص دوستوں کا تہ دل سے ممنون ہوں - پنجابی ادبی لہر کے کارکنوں کی ہلا شیری بھی قابل ستائش ہے ، جن کی مدد سے کتاب پہیلی اور اس کی دوسری اشاعت ممکن ہوئی -

محدود الفاظ کے اس مرقع کو از سر نو ترتیب دینے اور اس میں مزید اضافہ کرنے کی ضرورت کا مجھے شدید احساس ہے - وقت اور وسائل کی کمی کے باعث اس کام کو اگلی اشاعت تک ملتوی کیا جاتا ہے - انشاءاللہ یہ کام بھی پورا کرنے کی کوشش کی جائے گی -

مخلص

ارشاد احمد پنجابی

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# فہرست

## سماجیات

۱ ۔ شادی بیاہ کی رسمیں ، ۱۱
۲ ۔ پیدائش کی رسمیں ، ۲۷
۳ ۔ مرگ ، ۳۱
۴ ۔ عام سماجی رسوم اور توہمات ، ۳۳
۵ ۔ چوری اور رسہ گیری ، ۳۷

## انسانیات

۱ ۔ رشتہ داریاں ، ۴۴
۲ ۔ شکل و شباہت ، قد و قامت ، ڈیل ڈول ، ۴۸
۳ ۔ اعضائے جسمانی ، ۵۴
۴ ۔ نشست و برخاست کے طریقے ، ۵۷

## قدرتیات

۱ ۔ باد و باراں اور دیگر متعلقات ، ۶۱
۲ ۔ زمین اور اس کے متعلقات ، ۶۸
۳ ۔ دریا اور ندی نالے ، ۷۵
۴ ۔ جنگلات ، ۷۹

## حیوانیات

۱ ۔ عام جانور اور ان کے متعلقات ، ۸۳



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

٢ - زراعت اور بار برداری کے جانور، ٨٥
٣ - دودھ دینے والے جانور، ٨٨
٤ - جانوروں کے بچے ، ٩٢
٥ - مویشیوں کے امراض ، ٩٥

## لسانیات

١ - پنجابی مصادر ، ٩٩
٢ - اسمائے صوت ، ١٣٠
٣ - اسمائے جمع ، ١٣٣

## تفریحات

١ - لڑکوں کے کھیل ، ١٣٩
٢ - لڑکیوں کے کھیل ، ١٣٧
٣ - مردوں کے کھیل ، ١٣٩
٤ - کھیلوں کی اصطلاحات ، ١٥١
٥ - لوک گیت ، ١٥٧
٦ - لوک ناچ ، ١٦١

## کھیتی باڑی

١ - زرعی نظام کار ، ١٦٧
٢ - زرعی اصطلاحات اور دیگر متعلقات ، ١٧١
٣ - زرعی آلات اور ان کے متعلقات ، ١٨٣
٤ - آبپاشی کے ذرائع اور دیگر متعلقات ، ١٨٧
٥ - چاول کی فصل اور اس کے متعلقات ، ١٩٤
٦ - کپاس اور اس کے متعلقات ، ١٩٨
٧ - مکئی اور چری کی فصلیں ، ٢٠٠

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

۸ - کہاد اور اس کے متعلقات ، ۲۰۳
۹ - مختلف قسم کے رسے رسیاں ، ۲۰۶


## امور خانگی


۱ - اسباب خانہ داری ، ۲۱۱
۲ - چارپائی اور اس کے متعلقات ، ۲۱۶
۳ - عمارات اور ان کے متعلقات ، ۲۱۸
۴ - اشیائے خور و نوش اور ان کے متعلقات ، ۲۲۳
۵ - روٹی کی قسمیں اور متعلقات ، ۲۳۰
۶ - بلونے کا سامان ، ۲۳۳
۷ - چرخہ اور اس کے متعلقات ، ۲۳۴
۸ - لباس ، پارچات اور دیگر متعلقات ، ۲۳۷
۹ - زیورات ، ۲۴۳


## انسالیات (ب)


۱ - امراض اور دیگر متعلقات ، ۲۴۹
۲ - بالوں کے متعلقات ، ۲۵۷
۳ - نشست کے طریقے ، ۲۶۰
۴ - نیند اور بیداری ، ۲۶۱


## متفرقات


۱ - اوقات کا تصور ، ۲۶۵
۲ - مقدار کا اندازہ ، ۲۶۸
۳ - بو کی قسمیں ، ۲۷۰
۴ - پیشہ ور لوگ ، ۲۷۲
۵ - اثرات و کیفیات ، ۲۷۵


Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# سماجیات

۱ - شادی بیاہ کی رسمیں
۲ - پیدائش کی رسمیں
۳ - مرگ کی رسمیں
۴ - عام سماجی رسمیں
۵ - چوری اور رسہ گیری

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۱ ۔ شادی بیاہ کی رسمیں

## بال منگیوا

بچپن کی سگائی ۔ پنجاب کی قدیم روایت کے مطابق بعض جذباتی عورتیں اپنے کسی عزیز کی نومولود لڑکی کو گود میں لے کر اس خواہش کا اظہار کرتی ہیں کہ جوان ہونے پر اپنے بیٹے کی شادی اس کے ساتھ کریں گی اور اسے اپنی بہو بنائیں گی ۔ اگر لڑکی کے والدین بھی رضامند ہو جائیں تو حاضرین میں شیرینی تقسیم کی جاتی ہے ۔ گویا بات پختہ ہو گئی اور نسبت قرار پا گئی ۔ ایسی رسمیں بعد میں بہت سی خرابیوں کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہیں ۔ اس لیے آج کل متروک ہوتی جاتی ہیں ۔

## وٹا/وٹا سٹا

اپنی بیٹی یا بہن کا رشتہ دے کر کسی دوسرے کی لڑکی کا رشتہ حاصل کرنا ۔ یہ رسم بھی بہت سی معاشرتی خرابیوں کا باعث ہوتی ہے ۔

## پیڈ

خشک میوہ جات ، مٹھائی اور مہندی وغیرہ جو دولہا کے والدین برات کے ساتھ لے کر جاتے ہیں ۔ دلہن کے وارثین ڈولی رخصت ہونے کے بعد یہ چیزیں اپنی برادری میں تبرک کے طور پر تقسیم کر دیتے ہیں ۔

## بتنھ تیلیاں

شادی کی ایک قدیم رسم ہے ۔ عورتیں تنکوں کے ایک مٹھے پر چھوٹی سی



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

توکری رکھ کر اوراس میں دیا جلا کر دولہا کے سر پر وارتی ہوئی ساتھ ساتھ خوشی کے گیت گاتی ہیں ۔

## بھاجی

(دیکھو ورتن بھاجی)

## بیور

دلہن کے کپڑوں کا قیمتی جوڑا ۔ اس میں صرف دو ہی کپڑے ہوتے ہیں ، قمیص اور دوپٹہ ۔

## پُشکارا (ملنی)

دلہن کے بزرگوں اور عزیزوں کا مل کر برات کے استقبال کے لیے جانا ۔ دیہات میں عموماً برات دن ڈھلے آتی ہے اور اسے تکیے میں ٹھہرایا جاتا ہے۔ وہیں ان کی خاطر تواضع کی جاتی ہے۔ سورج غروب ہونے کے بعد جب رات کی تاریکی مسلط ہو جاتی ہے تو دلہن کے بزرگ اور عزیز اکٹھے ہو کر مشعلیں ہاتھوں میں لیے رسمی طور پر برات کے استقبال کے لیے جاتے ہیں ۔ ادھر سے براتی بھی آگے بڑھتے ہیں ۔ دونوں گروہ ایک دوسرے سے کچھ فاصلے پر آمنے سامنے کھڑے ہو جاتے ہیں ۔ پھر طرفین سے چند بزرگ اور سر کردہ افراد آگے بڑھ کر بڑی گرمجوشی کے ساتھ آپس میں بغل گیر ہوتے ہیں ۔ یہ رسم 'ملنی' کہلاتی ہے ۔ ملنی کے بعد برات گاؤں کی بیچ در بیچ گلیوں سے جلتی ہوئی مشعلوں کی روشنی میں بڑی دھوم دھام کے ساتھ دلہن کے گھر کی طرف روانہ ہوتی ہے ۔ اسے پنجابی زبان میں 'ڈھکنا' کہتے ہیں ۔ سٹھنیاں اسی موقع پر دی جاتی ہیں ۔

## پتنگ نہان

شادی کے موقع پر قریبی رشتہ دار مردوں اور عورتوں کو بھی کپڑوں کے جوڑوں سے نوازا جاتا ہے ۔ مردوں کا جوڑا عموماً پگڑی کے لیے ململ اور

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

ہیں تو عورتیں نیک شگون کے طور پر دروازے کی سردل پر تیل ڈالتی ہیں ۔ جب کوئی عزیز سفر پر جائے یا واپس آئے تو اس موقع پر بھی یہ رسم ادا کی جاتی ہے ۔ سمدھیوں کے آنے پر بھی گھر کے دروازے پر 'تیل چویا' جاتا ہے ۔

## تیور

دلہن کے کپڑوں کا قیمتی جوڑا جو تین چیزوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔ شلوار ، قمیص اور دوپٹہ ۔

## جاگا

شادی سے چند روز پہلے عورتوں کے رات بھر جاگ کر بیاہ کی تیاری کرنے اور باہم مل کر گیت گانے کی رسم ۔

## جُتی لُکائی

شادی سے اگلے دن جب دولہا دلہن کے ساتھ سسرال آتا ہے تو سالیاں اُس کی جوتی چھپا لیتی ہیں اور اس وقت تک نہیں دیتیں جب تک وہ لاگ نہ دے لے ۔ اسے جتی چھپائی کی رسم کہتے ہیں ۔

## جھگا چُنی

قمیض اور دوپٹہ ، کپڑوں کا جوڑا جو شادی کی تقریب میں دولہا اور دلہن کے والدین کی طرف سے قریبی رشتہ دار عورتوں کو دیا جاتا ہے ، مردوں کو 'پگ تھان' دیتے ہیں ۔

## چھنیاں بھنن

شادی کے دن جب عورتیں دولہا کو کھارے پر بٹھا کر دہی چڑھاتی اور نہلاتی ہیں تو کھارے کے قریب کچھ چھنیاں اور پیسے رکھ دیتی ہیں ۔ دولہا کا ماموں دولہا کو شگن کے طور پر کچھ روپے دیتا ہے اور کھارے

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

سے نیچے اترنے کے لیے کہتا ہے ۔ دولہا کھارے سے نیچے چھلانگ لگاتا ہے تو چپنیاں ٹوٹ جاتی ہیں اور پیسے کمہار لے جاتا ہے ۔

**چَول**

سانجے کی ایک رسم جس میں نائن ایک برتن میں تیل ڈال کر حاضر عورتوں کے سامنے پیش کرتی ہے اور وہ رواج کے مطابق اس میں کچھ سکتے ڈالتی جاتی ہیں ۔ ہر عورت یہ نقدی گھر کی مالکہ کے علم میں ضرور لاتی ہے تا کہ وہ مناسب موقع پر یہ نقدی انہیں لوٹا سکے ۔

**چیکُوں**

ایک قسم کا اُبٹنا جو ہلدی ، میٹھے تیل اور جو کے آٹے کا مرکب ہوتا ہے ۔

**دِت دات**

شادی کے موقع پر جو کپڑے ، زیور اور سامان ماں باپ کی طرف سے لڑکی کو دیا جاتا ہے ۔ جہیز ۔

**دھیان/راٹھا چاری**

جب برات دلہن کے گاؤں میں جاتی ہے ، تو دولہا کے لواحقین کچھ مٹھائی اور روپے اپنی برادری کی ان لڑکیوں میں تقسیم کرتے ہیں جو دلہن کے گاؤں میں بیاہی ہوتی ہیں ۔

**ڈھو**

دولہا کا برات لے کر دلہن کو بیاہنے کے لیے سسرال جانا ۔ 'ڈھکنا'

**ڈھولکی وجانا**

شادی شروع ہوتے ہی دولہا دلہن کے ہاں لڑکیاں ڈھولک لے کر بیٹھ

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

جاتی ہیں اور ساری ساری رات ڈھولک پر گیت گاتی رہتی ہیں ۔ اس موقع پر مٹھائی یا چائے وغیرہ سے تواضع کرنے کا رواج ہے ۔ بعض شرعی لوگ ڈھولکی کی مخالفت کرتے ہیں مگر جواب ملتا ہے 'ساڈی رسم اے پرانی ، اساں ڈھولکی وجانی'

## روپیہ رکھائی

رشتے کی بات چیت پختہ ہونے کے بعد رسمی سی کارروائی کی جاتی ہے ۔ جس میں لڑکے اور لڑکی کے والدین ایک دوسرے کے گھر جا کر لڑکے اور لڑکی کے ہاتھ پر سگن کے طور پر کچھ رقم رکھتے ہیں ۔ اس رسم کو سگائی ، منگنی اور کڑمائی بھی کہتے ہیں ۔ اس موقع پر مہمانوں کی تواضع عموماً دودھ اور مٹھائی سے کی جاتی ہے ۔ یاد رہے کہ جب تک لڑکی والے رشتے کی بات پکی نہ کرلیں وہ دولھا کے عزیزوں کو دودھ پیش نہیں کرتے۔ اس لیے منگنی کو 'دودھ پلانا' بھی کہتے ہیں ۔

## روٹی خوان

یہ رسم منگنی کے بعد ادا کی جاتی ہے ۔ لڑکی کے والدین لڑکے کو اپنے ہاں مدعو کرتے ہیں ۔ لڑکا اپنے کھانے کے برتن میں کچھ روپے ڈال دیتا ہے ۔ لڑکی کے والدین اسے 'لنگی اور انگوٹھی' کا تحفہ پیش کرتے ہیں ۔

## سباہلا ، سرباہلا

دولہا کا ساتھی اس کا سباہلا یا سرباہلا کہلاتا ہے ۔ یہ عموماً دولہا کا چھوٹا بھائی یا بھتیجا ہوتا ہے اور اسے بھی سہرا باندھ کر دولہا کے پیچھے گھوڑی پر بٹھایا جاتا ہے ۔ بعض توہم پرستوں کا خیال ہے کہ سباہلا دولہا کو جنات اور ارواح خبیثہ کے اثر سے محفوظ رکھتا ہے ۔

## ساہا

شادی کا معین دن ، جوتش کے مطابق شادی کا مہورت ، ہندوؤں میں

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

رسم ہے ، کہ شادی کے دن ، تاریخ اور وقت کے تعین کے لیے جوتشی سے ''سبھ گھڑی'' دریافت کرتے ہیں ، اسے ساہا کہتے ہیں ۔ پنجاب کے مسلمانوں میں ایسی کوئی رسم نہیں ۔ البتہ ساہا کا لفظ شادی کے معنوں میں عام استعمال ہوتا ہے ۔ مجازاً کسی مبارک اور اہم کام کو بھی ساہا کہتے ہیں ۔

**ساہے جانا**

(سورتّد محاورہ) شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے جانا ۔ کسی مبارک اور اہم کام کے لیے جانا ۔

**سر وارنے**

وہ پیسے جو دولہا اور دلہن کے سر پر وار کر صدقے کے طور پر لاگیوں کو دیے جائیں ۔

**سگن**

نذرانہ ، نقد ، نیگ ، منگنی کی رسم ، کڑمائی کے وقت جو چیزیں لڑکی کے والدین لڑکے کو یا لڑکے کے والدین لڑکی کو دیتے ہیں ۔ شادی بیاہ کے دوران جو رسمیں ادا کی جاتی ہیں ۔

**سگن منانا**

(سورتّد محاورہ) شادی کی رسمیں ادا کرنا ۔ شادی کے دوران دولہا اور دلہن کی ناز برداریاں کرنا ۔

**سوٹ**

دولہا کی گھوڑی اور دلہن کی ڈولی پر سے جو ریزگاری نچھاور کی جاتی ہے اور جسے لڑکے بالے غریب بھکاری دونوں ہاتھوں سے لوٹتے ہیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## سُہاگ پٹاری

وہ پٹاری جو شادی کے دنوں میں دلہن کو سسرال کی طرف سے آتی ہے۔ اس میں ناریل، چھوہارے وغیرہ ہوتے ہیں۔

## سُہاگ پُڑا

کاغذ کا پڑا جس میں کیسر، کستوری، الائچی وغیرہ سات چیزیں ہوتی ہیں۔ یہ پُڑا دلہن کو سسرال کی طرف سے بری کے ساتھ دیا جاتا ہے۔

## کاج

شادی کے انتظامات اور رسومات۔

## کچّی پنّی

شادی کے موقع پر تقسیم کی جانے والی خاص مٹھائی۔ بھگو کر خشک کیے ہوئے چاولوں کو پیس کر گھی میں سرخ کرکے، کشمش بادام، گری، چھوہارے وغیرہ ملا کر پنّیاں (گولے) بنا لیتے ہیں۔ یہ پنیاں شادی کے موقع پر تقسیم کی جاتی ہیں۔ دلہن میکے سے سسرال آتے ہوئے بھی کچی پنّی ساتھ لاتی ہے جو سسرال والے اپنی برادری میں تھوڑی تھوڑی تقسیم کرتے ہیں۔ ''رتی رواں تے سجنا دی سنبھال''۔

## کنگنا/کنگنا کھیڈائی

دیکھو گانا/گانا کھیڈائی۔

## کھارا

سرکنڈے کا بنا ہوا چوکور ٹوکرا۔ رسم ہے کہ دولہا اور دلہن کو نیک شگون کے طور پر شادی کے دن کھارے پر بٹھا کر نہلاتے ہیں۔ اس رسم کو 'کھارے چڑھنا' کہتے ہیں۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## کھارا لہائی

شادی کے دن دولہا اور دولہن کو کھارے پر بٹھا کر اور دہی مل مل کر نہلاتے ہیں - پھر ان کے مامون شگن کے طور پر ان کے ہاتھوں میں کچھ رقم دے کر انہیں کھارے سے اتارتے ہیں - اس موقع پر عورتیں کھارے کے مخصوص گیت گاتی ہیں - چھٹیاں توڑنے کی رسم اسی موقع پر ادا کی جاتی ہے -

## کھٹ

جہیز کی نمائش کی رسم - دلہن کو ڈولی میں بٹھا کو وداع کرنے سے پہلے کھلے صحن میں چارپائیاں ڈال کر جہیز کا تمام سامان ان پر پھیلا دیا جاتا ہے - اس موقع پر عورتیں کھٹ کے مخصوص گیت بھی گاتی ہیں - (یاد رہے کہ پاکستان میں جہیز کی نمائش کو اب قانوناً بند کر دیا گیا ہے) -

## کھٹ ہوکنا

دلہن کو رخصت کرنے سے پہلے جہیز کی ایک ایک چیز کے متعلق میراثی اعلان کرتا ہے کہ یہ فلاں (رشتہ دار) کی طرف سے ہیں - اسے کھٹ ہوکنا کہتے ہیں -

## گانا

مَولی کا دھاگہ جس کے ساتھ ایک لوہے کا چھلا ، پھندنا اور حرمل وغیرہ کی چھوٹی سی پوٹلی بندھی ہوتی ہے ، شادی کے دن دولہا اور دلہن کو کھارے پر بٹھا کر دہی چڑھانے اور نہلانے کے بعد ان کی کلائی پر گانا باندھ دیتے ہیں - عام خیال ہے کہ اس سے جن بھوت اور خبیث روحیں ان کے قریب نہیں پھٹکتیں - گانے کو کنگنا بھی کہتے ہیں -

## گانا کھڈائی

یہ رسم دلہن کو بیاہ لانے پر دولہا کے گھر ادا کی جاتی ہے - عورتوں

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

کی موجودگی میں دولہا اور دلہن ایک دوسرے کی کلائی پر بندھے ہوئے "گانے" کو کھولنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ عموماً دولہا ہی کو دلہن کا گانا کھولنا ہوتا ہے ، دلہن کی سکھیاں دولہا کو ناکام بنانے کے لیے خوب کس کر گرہ دیتی ہیں ۔ اس رسم کا مقصد میاں بیوی میں بے تکلفی پیدا کرنا ہوتا ہے ۔ اس رسم کو 'کنگنا کھیڈائی' بھی کہتے ہیں ۔ گانا کھیڈائی کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ دلہن تر یا ایسی ہی کوئی اور چیز ہتھیلی میں رکھ کر مٹھی بھینچ لیتی ہے اور دولہا اُس کی مٹھی کھولنے کی کوشش کرتا ہے ۔ اسی موقع پر دولہا اور دلہن کے گھر کی لڑکیاں اپنے اپنے رشتہ دار کی حمایت میں نعرے لگاتی اور شور مچاتی ہیں ۔

## گنڈا لڈا

دلہن کے ننھیال والے جب 'نانکی چھک' لے کر آتے ہیں تو بعض اوقات سامان کی زیادتی کی صورت میں گڈے (بیل گاڑی) پر لاد کر لاتے ہیں ۔ عورتیں اور بچے بھی گڈے پر سوار ہوتے ہیں ۔ عورتیں خاص گیت گاتی ہیں ۔ 'نانکی چھک' کو لاگیوں کے سروں پر لانے کا بھی رواج ہے ۔

## گوت

کل ، ذات ، گھرانا ۔

## گوت کُنالا

نئی نویلی دلہن گھر آتی ہے تو دولہا کی قریبی رشتہ دار عورتیں ایک کنالی یا پرات میں کھانا ڈال کر اس کے گرد حلقہ باندھ کر بیٹھ جاتی ہیں اور دلہن کو اپنے ساتھ کھانا کھلاتی ہیں ۔ اس رسم کا مقصد دلہن کو اپنی گوت میں شامل کرنا ہوتا ہے ۔

## گنڈھ

شادی کے دن اور تاریخ کے تعین کی ایک رسم ہے ۔ لڑکے اور لڑکی کے

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

لواحقین پہلے خود باہمی مشورے سے دن اور تاریخ مقرر کر لیتے ہیں ۔ پھر اپنے اپنے شریکے اور برادری کو مدعو کر کے رسمی طور پر اپنے فیصلے سے آگاہ کرتے ہیں ۔ یہ شادی کا پہلا مرحلہ ہے ۔ شادی میں شمولیت کی دعوت کو بھی 'گندھ' کہتے ہیں ۔ لاگی گھر گھر جاتا ہے اور پیغام کےساتھ مٹولی کا تھوڑا سا دھاگہ بھی دیتا ہے۔ الائچی بھیجنےکا بھی رواج ہے ۔ جن لوگوں کو گنڈھ بھیجی جاتی ہے وہ گنڈھ لانے والے کو کچھ نقدی دیتے ہیں ۔ اسے 'وداگی' کہتے ہیں مثل مشہور ہے کہ 'نیوندرا' ''وداگی'' سے پہچانا جاتا ہے ۔ جس نے وداگی میں پانچ روپے کا نوٹ دیا وہ نیوندرے میں سو روپے کا نوٹ دے گا ۔

## گھڑا گھڑولی

دیہات کی رسم ہے ۔ شادی کے دن سکھیاں اپنے گھڑے بھر بھر کر دلہن کو نہلاتی ہیں ، یہ رسم عموماً بڑی بھاوج ادا کرتی ہے ، باقی سکھیاں اس کی رہبری میں موقع کے خاص گیت گاتی ہیں ۔

## گھنڈ چکائی

شب زفاف کی رسم ہے ۔ دولہا ، دلہن کا گھونگھٹ اٹھانے کے لیے اُسے حسب مقدور کچھ رقم یا چھوٹا موٹا زیور بطور نذرانہ پیش کرتا ہے ۔

دلہنیں ابتدا میں اپنے سسر ، جیٹھ اور سسرال کے دوسرے مردوں سے بھی پردہ کرتی ہیں ۔ انہیں بھی دلہن کا گھونگٹ اٹھانے کے لیے کچھ رقم اس کی نذر کرنی پڑتی ہے ۔

## لاگ

بیاہ شادی کے دوران مختلف مواقع پر جو رقوم لاگیوں کو بطور انعام دی جاتی ہیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## لاگ

نائی ، ماشکی ، موچی وغیرہ نیچی ذات کے لوگ جو شادی بیاہ کے موقع پر خدمت کر کے لاگ (انعام) حاصل کرتے ہیں۔

## لسی مُندری

نائن ، دولہا اور دلہن کو پاس بٹھا کر ایک کھلے اور گہرے برتن میں لسی (چھاچھ) ڈالتی ہے - پھر اس میں انگوٹھی ڈال کر دونوں کو ایک ساتھ تلاش کرنے کے لیے کہتی ہے - اگر دلہن پہلے ڈھونڈ نکالے تو پاس کھڑی سکھیاں دولہا کا بھرپور مذاق اڑاتی ہیں اور اگر دولہا پہلے ڈھونڈ لے تو اس کا پلا بھاری رہتا ہے - اس رسم کا افادی پہلو یہ ہے کہ دولہا اور دلہن میں اجنبیت کو ختم کر کے بے تکلفی پیدا کی جائے -

## مائیاں

تیل چڑھانے کی رسم کو 'مائیاں پینا' کہتے ہیں - یہ رسم شادی سے ایک ہفتہ پہلے ادا کی جاتی ہے - اسی دن سے لڑکا اور لڑکی دونوں مائیے پڑ جاتے ہیں - وہ میلے کچیلے کپڑے پہنتے ہیں اور گھر سے باہر نہیں نکلتے- عورتیں ہر روز ان کو اُبٹنا ملتی ہیں - عام طور پر ان دنوں میں لڑکیاں سر میں پانی نہیں ڈالتیں - دولہا غسل نہیں کرتا تاکہ شادی کے دن نہا دھو کر شہانہ جوڑا پہننے سے طرفین کا حسن خوب نکھرے -

## مُکلاوا

دولہا میاں جب دلہن کو بیاہ کر لاتے ہیں تو دوسرے دن وہ اپنے میکے واپس چلی جاتی ہے - ایک دو دن بعد دولہا اس کے والدین اور قریبی رشتہ دار مرد اور عورتیں اکٹھے ہو کر دلہن کو پھر لینے جاتے ہیں - اسے مُکلاوا کہتے ہیں - مُکلاوے کے بعد میاں بیوی کی باقاعدہ ازدواجی زندگی کا آغاز ہوتا ہے -

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## ملنی

دلہن کے لواحقین جب برات کے استقبال کے لیے جاتے ہیں تو دولہا اور دلہن دونوں کے بزرگ ایک دوسرے سے بڑے گرم جوشی کے ساتھ گلے ملتے ہیں ۔ اس رسم کو 'ملنی' کہتے ہیں ۔

## مولی

رنگا رنگ سوت کے دھاگوں کا لچھا جو کئی اہم موقعوں پر سگن کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ گانا (کنگنا) اسی دھاگے کا بنایا جاتا ہے ۔ جو دولہا اور دلہن کی کلائی میں باندھتے ہیں ۔ جہیز میں دی ہوئی گائے بھینس کے ماتھے پر بھی مولی کا دھاگا باندھا جاتا ہے ۔ یہ رسم میراثی یا نائی ادا کرتا ہے ۔

## میل

دلہن کی طرف سے شادی کی تقریب میں شامل ہونے اور شادی کےانتظامات میں ہاتھ بٹانے والے اعزہ و اقارب یا دلہن کے ننھیال کے لوگ (جنج یا جنیت کی ضد) ۔ برات سے ایک دن پہلے دلہا دلہن کے گھر میں رشتہ داروں اور مہمانوں کے اجتماع کو میل کہتے ہیں ۔

## میلی

دلہن کے ننھیال کی طرف کے مہمان جو بارات کا استقبال کرتے ہیں ۔ (جانجی کی ضد)

## میلن

دلہن کے ننھیال کی عورت ۔ میلی کی تانیث ۔

## منگ

کسی لڑکے کی جس لڑکی کے ساتھ منگنی ہوئی ہو وہ اس کی منگ کہلاتی

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

ہے ۔ اردو لفظ منگیتر عام ہے اور لڑکے اور لڑکی دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ لیکن 'منگ' کا اطلاق صرف لڑکی پر ہوتا ہے ۔

## میڈھی کھلائی

کنواری لڑکی کی شادی طے کرنے کی رسم ۔ شادی سے چند روز قبل لڑکے کے لواحقین لڑکی کے گھر جاتے ہیں اور ان میں سے کوئی بڑی بوڑھی لڑکی کی میڈھی کھولتی ہے گویا یہ اُسے بہو کے طور پر انتخاب کرنے کی علامت ہے ۔

## نانکی چھک

دلہن کے ننھیال کی طرف سے لائے گئے کپڑوں کے جوڑے ، زیور ، برتن اور دیگر تحائف ۔ ننھیال کے لوگ بڑی دھوم دھام سے یہ تحائف لے کر آتے ہیں۔ عورتیں موقع کے مطابق گیت گاتی ہیں ۔ نانی کی عدم موجودگی میں یہ رسم ممانی ادا کرتی ہے ، شادی شدہ خالائیں بھی مقدور کے مطابق کپڑے اور تحفے لاتی ہیں ۔

## نتھ سُورا

منگنی کی ایک رسم ہے ۔ دولہا کی طرف سے منگنی کے موقع پر دلہن کے لیے جو کپڑوں کا جوڑا اور زیورات ملتے ہیں ۔ دلہن کو وہ لباس پہنا کر اس کی ناک چھید دی جاتی ہے ۔ مدعو عورتیں دلہن کو سلامی دیتی ہیں اور بتاشے یا مٹھائی تقسیم کی جاتی ہے ۔ اس رسم میں چھری سے کاٹی جانے والی کوئی چیز پیش نہیں کی جاتی ۔ کیونکہ اسے بد شگونی خیال کیا جاتا ہے ۔

## واگ بھڑائی

بارات کی روانگی کے وقت جب دولہا سہرا باندھے ہوئے گھوڑی پر سوار ہوتا ہے تو بہنیں آگے بڑھ کر گھوڑی کی باگ تھام لیتی ہیں اور اس وقت چھوڑتی ہیں جب دولہا انھیں انعام کے طور پر کچھ رقم دیتا ہے ۔ یہ

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

رقم گویا باگ پکڑنے کا صلہ ہوتی ہے - اس موقع پر عورتیں گھوڑی کے گیت بھی گاتی ہیں -

**وسیبا**

بیوی کا اپنے میاں کے ساتھ نباہ -

**وہنگی**

دلہن کے ننھیال والے جب نانکی چھک لے کر آتے ہیں تو ساتھ بہنگی میں کچھ گندم بھی لاتے ہیں - اسے کہار اٹھا کر لاتا ہے -

**وٹنا**

ایک مرکب خوشبو ہے ، مانجے (مائیاں) کے دنوں میں دولہا اور دلہن دونوں کو ہر روز وٹنا اور دہی ملا جاتا ہے - خیال ہے کہ اس سے ان کا حسن نکھر جاتا ہے اور روپ خوب چڑھتا ہے -

**ہتھ بھرا**

لڑکی کی شادی کے موقع پر اس کی ماں کی رشتہ دار عورتیں اور ملنے والیاں اس کے لیے جوڑے ، تحائف اور کھانے کی چیزیں لاتی ہیں - انھیں ہتھ بھرا کہا جاتا ہے -

**ہتھ بھرائی**

لاگیوں اور کمیروں کو جو شادی کے انتظامات میں گھر والوں کا ہاتھ بٹاتے اور رات دن خدمت کرتے ہیں ، بعد میں جو انعام دیا جاتا ہے اسے 'ہتھ بھرائی' کہتے ہیں - لاگ معمولی رقم ہوتی ہے جو شادی کے دوران مختلف مواقع پر دی جاتی ہے - لیکن ہتھ بھرائی کی رقم تقریب کے خاتمے پر یک مشت ادا کی جاتی ہے اور اس کے ساتھ کپڑے اور دیگر تحائف بھی دیے جاتے ہیں -

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۲ - پیدائش

## پیٹ گھروڑی

(گھروڑی - دیگچے کی کُھرچن) کسی عورت کے بطن سے پیدا ہونے والا سب سے آخری بچہ ، جس کے بعد اور کوئی اولاد نہ ہو -

## جم پل

پیدائش اور پرورش ، کوئی شخص جہاں پیدا ہؤا ہو اور جہاں اس نے پرورش پائی ہو ، اس کا 'جم پل' وہیں کا ہوتا ہے -

## جنیپا

بچہ پیدا ہونے کی حالت -

## جٹھیرا

عورت کے سسرال کے خاندان کا کوئی بزرگ جو مر چکا ہو اور گھر کے افراد اسے بہت مانتے ہوں -

## جیٹھریاں دی پنجیری

ایک قسم کی پنجیری جو گھی میں بھونی ہوئی سوجی میں خشک میوہ جات اور دیگر لوازمات ملا کر بڑے اہتمام سے تیار کی جاتی ہے اور خاص طور پر زچہ کے جیٹھوں کو پیش کی جاتی ہے -



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**بھشنڈ**

نوزائیدہ بچے کے سر کے پیدائشی بال ۔

**جھنڈ لہائی**

بچے کی پیدائش کے چند دن بعد اس کا سر منڈانے کی رسم ۔ عورتیں بچے کے سر کے بالوں (جھنڈ) کو محفوظ کر لیتی ہیں ۔ کیونکہ عام خیال ہے کہ ان بالوں کے ذریعے جادو کرکے زچہ اور بچہ کو نقصان پہنچایا جاسکتا ہے ۔

**چھلا**

بچے کی پیدائش سے لے کر چالیس دن کی مدت ، اس دوران میں زچہ اور بچہ دونوں ناپاک سمجھے جاتے ہیں اور ان کو گھر سے باہر نہیں نکالا جاتا ۔ اسے 'سوتک' بھی کہتے ہیں ۔

**چھلا نہانا**

زچہ کا بچے کی پیدائش کے بعد چالیسویں دن غسل کرنا ۔ جس کے بعد زچہ معمول کے مطابق کام کاج کرنے کے قابل سمجھی جاتی ہے ۔ اس غسل کے موقع پر زچہ اور بچہ دونوں کو نئے کپڑے اور زیورات پہنائے جاتے ہیں اور آنے والے مہمان مبارک باد کے ساتھ بچے کے لیے تحائف بھی پیش کرتے ہیں ۔

**تکھتل/ترکھتل**

تین بیٹوں کے بعد پیدا ہونے والی بیٹی ، یا تین بیٹیوں کے بعد پیدا ہونے والا بیٹا ، توہم پرست عورتوں کا خیال ہے کہ ایسا بچہ منحوس ہوتا ہے ۔

**دند ٹھکائی**

اگر بچے کے ایک ساتھ دو نچلے دانت نمودار ہوں تو اسے منحوس سمجھا

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

جاتا ہے اور کسی سیانے سے دم جھاڑا کرایا جاتا ہے ، اس عمل کو دند ٹھکائی سے تعبیر کرتے ہیں ۔

## گڑھتی

پیدائش کے بعد بچے کو نہلا دھلا کر اس کے کان میں اذان کہی جاتی ہے ۔ پھر خاندان کا کوئی فرد بچے کو شہد یا کھانڈ چٹاتا ہے ، اسے گڑھتی کہتے ہیں اور عام اعتقاد ہے کہ گڑھتی دینے والے کے عادات و خصائل کا بچے پر نہایت گہرا اثر پڑتا ہے ۔

## دابڑا

خشک میوہ جات کو کوٹ کر اور گھی میں تل کر ، کھانڈ ملا کر تیار کی ہوئی خشک غذا جو نہایت مقوی ہوتی ہے اور چھلے کے دوران زچہ کو دی جاتی ہے ۔

## سُو

ایک بچے کی پیدائش سے لے کر دوسرے بچے کی پیدائش تک کی مدت ۔

## سُوتک

(چھلے کو 'سوتک' بھی کہتے ہیں)

## کاڑھا

دابڑے کی طرح ایک نہایت مقوی غذا ، اس میں خشک میوہ جات ، گھی چینی کے علاوہ دودھ بھی ڈالا جاتا ہے اور خاص طور پر زچہ کو پلایا جاتا ہے ۔

## گھیو کھچڑی

لڑکا پیدا ہونے کی خوشی میں ننھیال کی طرف سے بھیجے ہوئے تحفے ، خوراک

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

کپڑے وغیرہ ، جو زچہ اور بچہ دونوں کے لیے ہوتے ہیں ۔

## مُولہ مِٹھت

لڑکے کی پیدائش پر مٹھائی کھلانے کی رسم جس میں اعزہ و اقارب میں حسب توفیق گڑ ، شکر ، بتاشے ، لڈو وغیرہ تقسیم کیے جاتے ہیں ۔

## ودھاوا

چاندی کی ہنسلی جو بچوں کے گلے میں ڈالی جاتی ہے ۔ جن عورتوں کی اولاد زندہ نہ بچتی ہو وہ منت مانتی ہیں کہ معین مدت تک ہر سال عاشورۂ محرم میں بچے کو چاندی کی ہنسلی پہنائیں گی ۔ یہ ہنسلی پیسے مانگ کر بنائی جاتی ہے اور مقررہ مدت کے بعد ان کو فروخت کر کے ساری رقم کی کھیر پکا کر بچوں کو کھلا دی جاتی ہے ۔

## ناڑوآ

بچے کی ناف کی رگ جس کے ذریعے وہ بطن مادر میں اپنی غذا حاصل کرتا ہے ۔ بچے کی پیدائش پر ناڑو جدا کرنے سے پہلے جو عورتیں موجود ہوں وہی چھلے تک اندر آ جا سکتی ہیں ۔ دوسری عورتوں کے لیے چھلے تک زچہ بچہ کے پاس آنے کی ممانعت ہوتی ہے ۔ اس موقع پر ماں کی رشتہ دار عورتیں دائی کو کچھ نہ کچھ لاگ کے طور پر دیتی ہیں ۔

## وڈیاں سُنتاں

بعض لوگ بچوں کے ختنے کی رسم بڑی دھوم دھام سے مناتے ہیں ، شادی کا سا ہنگامہ ہوتا اور ساری برادری کو مدعو کیا جاتا ہے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۳ ـ مرگ

## بھتی

کسی کا کوئی عزیز فوت ہو جائے تو متوفی کے لواحقین کو شدت غم و اندوہ کے باعث کھانے کی سدھ بدھ نہیں رہتی ۔ اس لیے رسم ہے کہ میت کو سپرد خاک کر کے واپس آتے ہیں ، تو ان کے قریبی رشتہ دار ان کے لیے کھانے کا انتظام کرتے ہیں ۔ یہ کھانا 'بھتی' کہلاتا ہے ؛ اسے 'کوڑا وٹا' بھی کہتے ہیں ۔

## پٹی

کسی عزیز کے ماتم میں سینے اور منہ پر دوہتڑیں مار مار کر پیٹنا اور رونا ۔

## پُھوہڑی

صف ، چٹائی ، مردے کا سوگ منانے کے لیے عورتیں چالیس دن تک چٹائیاں بچھا کر اکٹھی بیٹھتی اور باہم مل کر روتی پیٹتی ہیں ۔ اس رسم کو 'پھوڑی پانا' کہتے ہیں - پھوہڑی پر بیٹھی متوفیٰ بچے کی ماں بالعموم بیٹھی رہتی ہے اٹھ کر نہیں پھرتی تاکہ اس کا سایہ دوسری بھاگوان عورتوں پر نہ پڑے جن کے بچے صحیح سلامت ہوتے ہیں ۔

## تیجا

وہ رسم جو کسی کی وفات کے بعد تیسرے دن ادا کی جاتی ہے ۔ رسم قل ،



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

مرد عموماً تین دن سوگ مناتے ہیں ، تیسرے دن فاتحہ خوانی کے بعد اپنے اپنے کارو بار میں مصروف ہو جاتے ہیں ۔

## داند لدائی

کسی امیر کی وفات پر مذہبی رسوم ادا کرنے کے صلے میں مُلّا کو ملنے والے کپڑے ، برتن اور اناج وغیرہ ۔

## سیاپا

کسی عزیز کی وفات پر عورتوں کے رونے پیٹنے کی رسم ۔ اس موقع پر مرنے والے کے اوصاف کو یاد کر کے چھاتی کوٹی جاتی ہے ۔ سیاپے میں نائن وہی کردار ادا کرتی ہے جو نماز میں امام ۔ یہ رسم ہندوؤں میں عام تھی ۔ مسلمانوں میں تقریباً ناپید ہے ۔

## کٹھ

وہ رسم جو میّت کے چالیس دن بعد ادا کی جاتی ہے ۔ عزیزوں اور رشتہ داروں کو باقاعدہ مدعو کیا جاتا ہے ۔ فاتحہ خوانی کے بعد ساری برادری کی موجودگی میں متوفی کے سب سے بڑے بیٹے کے سر پر باپ کی پگڑی باندھی جاتی ہے ۔ گویا اس کے بعد وہ اپنے والد کا جانشین ہوتا ہے ۔

## کیرنے

میت کے سوگ میں گائے جانے والے رونے دھونے کے گیت ۔

## مُکان

تعزیت کی رسم منانے کے لیے عورتوں کا اجتماع ۔

## ہوکا

کسی عزیز کے مرنے کا غم ۔ نیز کسی عزیز کے بچھڑنے یا کوئی چیز گم ہو جانے کا صدمہ ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۴ - عام سماجی رسوم اور توہمات

## اونسیاں پانا

فال نکالنے کا ایک خاص طریقہ ہے ، کسی پردیس گئے ہوئے عزیز کے متعلق یہ معلوم کرنے کے لیے کہ وہ واپس آئے گا یا نہیں ، عورتیں زمین پر کچھ لکیریں کھینچتی ہیں ، پھر ان کے نیچے ایک ایک لکیر چھوڑ کر اور لکیریں کھینچتی ہیں ۔ اگر اوپر کی لکیریں پوری ہوں تو راستہ بند ہوگا اور پردیسی کے آنے کا کوئی امکان نہیں ، اگر ایک لکیر بچ رہے تو راستہ کھلا ہوگا اور پردیسی جلد واپس لوٹ آئے گا ۔ اس کے اور بھی کئی طریقے ہیں ۔

## پوکھا

توہم پرست عورتوں کا عقیدہ ہے کہ کوئی کام شروع کرتے ہی جو شخص سب سے پہلے سامنے آئے اس کا اثر کام پر پڑتا ہے ۔ یہ اثر 'پوکھا' کہلاتا ہے ۔ بعض لوگوں کا پوکھا اچھا ہوتا ہے اور کام جلد سر انجام ہو جاتا ہے ، بعض منحوس لوگوں کا پوکھا برا ہوتا ہے ۔ وہ سامنے آ جائیں تو کام بگڑ جاتا ہے ۔ باہمن (برہمن) کا پوکھا منحوس اور بہتر (حلال خور) کا پوکھا مبارک خیال کیا جاتا ہے ۔

## پُچھ

مستقبل کے واقعات کے متعلق پیش گوئی کرنا ، آئندہ پیش آنے والے حالات کے متعلق دریافت کرنا ، غیب کی باتیں پوچھنا ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA:  http://www.apnaorg.com

## جھولی پانا

ایک رسم ہے ۔ بے اولاد عورتیں اپنے کسی عزیز کے بیٹے کو پیدا ہوتے ہی اپنی گود میں لے کر اسے اپنا بیٹا بنانے کا اعلان کر دیتی ہیں۔

## جھولیاں پانا

چرائی ہوئی چیز کا پتا لگانے کا ایک با عزت طریقہ ہے ۔ جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو وہ اپنی اپنی جھولی میں مٹی بھر کر لاتے اور ایک جگہ ڈالتے جاتے ہیں ۔ چور مسروقہ چیز کو مٹی میں چھپا کر وہاں ڈال دیتا ہے، بعد میں وہ چیز مٹی کے ڈھیر میں سے نکال لی جاتی ہے ۔ مالک کو اپنی چیز مل جاتی ہے چور کو شرمسار بھی نہیں ہونا پڑتا ۔

## جھبولا جھاڑنا

آشوب چشم کے علاج کا ایک طریقہ ہے ۔ کسی کھلے برتن کو پانی سے بھر کر اس میں سرسوں کا تیل ڈالتے ہیں ۔ مریض اس پانی کی طرف دیکھتا ہے اس سے آنکھوں کی تکلیف رفع ہو جاتی ہے ۔

## چُوریا

مکئی کی روٹی کی بنائی ہوئی چوری ، جو عورتیں مراد پوری ہونے پر بزرگوں کے مزاروں پر چڑھاتی ہیں ۔

## چونکی دینا

(دیکھو تسان کھیڈنا) ۔

## چھیکنا

برادری سے خارج کرنا ۔ ایک قسم کی تعزیری کارروائی ہے ۔ کوئی شخص سماجی قدروں کو پس پشت ڈال کر نازیبا حرکات کا مرتکب ہو تو برادری کے سر کردہ افراد کو مدعو کرکے معاملہ ان کے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور سب متفقہ طور پر اس شخص کا مقاطعہ کر دیتے ہیں ۔ یعنی پوری

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

برادری اس سے بول چال، لین دین ، غرض ہر قسم کے تعلقات منقطع کر لیتی ہے - اسے حقہ پانی بند کرنا بھی کہتے ہیں۔

## کھلی بوہکر/بوہکر لیھلے

گھر میں کسی کا داخلہ بند کرنے یا بیٹے کو عاق کرنے کی ایک قدیم رسم ، آنے والے کی راہ میں جھاڑو کی تیلیاں بکھیر دی جاتی ہیں یا دروازے پر جھاڑو کھڑا کر دیتے ہیں جس سے متعلقہ شخص گھر والوں کی ناراضگی کو بھانپ کر واپس لوٹ جاتا ہے -

## چٹھ (مو)

نئے مکان کی افتتاحی رسم - جب کوئی شخص نیا مکان تعمیر کراتا ہے تو اس میں منتقل ہونے سے پہلے اعزہ و اقارب کو پر تکلف دعوت دی جاتی ہے - اسے ''چٹھ کرنا'' کہتے ہیں -

## ودھائی

بیٹے کی پیدائش ، شادی یا خوشی کے دوسرے موقعوں پر مبارک باد دینے کی رسم -

## ورتن بھاجی

ایک قدیم سماجی رسم جو امداد باہمی کے اصول پر مبنی ہے - شادی کے موقع پر سب لوگ 'صاحب خانہ' کی دامے درمے مدد کرتے ہیں اور حسب ضرورت سبھی لوگ ایک دوسرے کی امداد و تعاون سے بہرہ اندوز ہوتے ہیں -

## مسان

وہ جگہ جہاں ہندو اپنے مُردوں کو جلاتے ہیں : جلے ہوئے مُردوں کی ہڈیوں کی راکھ - بعض عورتیں دشمنی کی بنا پر یہ راکھ دوسری عورتوں کو کھلا دیتی ہیں جس سے وہ طرح طرح کی مہلک بیماریوں میں مبتلا ہو

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

جاتی ہیں ۔ یہ ایک قسم کا جادو ہے ۔

## مسان کھیڈنا

مسان کی مریضہ کے علاج کے لیے چوہڑوں کو بلایا جاتا ہے ۔ جو مریضہ کو سامنے بٹھا کر ڈھولک ، چمٹا اور چھینے بجاتے اور شبد گاتے ہیں ۔ اگر واقعی مسان کھلائے گئے ہوں تو مریضہ پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اور وہ سر کے بال بکھیر کر حال کھیلنے لگتی ہے ۔ اسے "چونکی دینا" سے بھی تعبیر کرتے ہیں ۔ یہ سلسلہ کئی کئی دن جاری رہتا ہے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۵ - چوری اور رسہ گیری

**اوجھڑ**

کُھرا نکالنے والوں کی اصطلاح میں ایسی جگہ جہاں کوئی راستہ نہ ہو ، نیز غلط راستہ ۔

**اُہر**

وہ جگہ جہاں مسروقہ مال چھپایا جائے ۔

**بُھنگا**

چرائی ہوئی چیز لوٹانے کا معاوضہ ، وہ رقم جو رسہ گیر یا چور اصل مالک سے مال مسروقہ لوٹانے کے عوض طلب کرتے ہیں ۔

**. پھوڑا**

کُھرا نکالتے وقت جن کھروں کا معائنہ پہلے کیا جا چکا ہو ، مزید اطمینان کے لیے پیچھے مڑ کر ان کا دوبارہ معائنہ کرنے کا عمل ، تا کہ صحیح سراغ مل سکے ۔ .

**پیڑ**

آدمی یا جانور (گائے ، بھینس ، گھوڑا ، اونٹ وغیرہ) کے پاؤں کے نشانات جو چلتے وقت زمین پر پڑتے جاتے ہیں ۔

**تریڈھ**

مسروقہ مویشیوں کا کھوج نکالنے کے لیے لیا گیا جائزہ جس میں کھوجی



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

چل پھر کر اپنی عقابی نگاہوں سے کھرے کو تاڑ لیتے ہیں ۔

**دھاڑ**

ڈاکوؤں کا گروہ ، لٹیروں کی ٹولی

**کُھرا**

کُھر یعنی چار پائے کے پاؤں کے نشان ۔

**کُھرا نکالنا**

(موزّد محاورہ) کھوجی کا چارپایوں کے پاؤں کے نشانات کی مدد سے چوروں اور رسہ گیروں کا سراغ لگانا ۔

**کھُستا**

ایک خاص قسم کا چمڑے کے جوتا جو چور اور رسہ گیر مسروقہ مویشیوں کے پاؤں میں ڈال دیتے ہیں تاکہ ان کا ' کھرا پہچانا نہ جا سکے نیز ایک خاص قسم کا دیسی ساخت کا جوتا ۔

**گویڑ**

قیاس ، اندازہ ۔ مسروقہ مال کی تلاش ، چوری کا سراغ لگانے سے قبل صورت حال کا جائزہ ۔

**لادہ**

چوروں کو معلوم ہو جائے کہ ان کا پیچھا کیا جا رہا ہے تو وہ گرفتاری سے بچنے کے لیے ہر ممکن حربہ استعمال کرتے ہیں اور واہر (یعنی تعاقب کرنے والوں) پر بھرپور حملہ کر دیتے ہیں ، اسے **لادہ** کہتے ہیں ۔

**بیٹو**

مسروقہ مال مویشی کا مالک ، شناخت کنندہ ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**مرخائی**

مخبری کرنے کا انعام ۔

**وژوج**

کُھرا لگاتے وقت غلط کُھرے پر گامزن ہونے کی حالت ۔

**وِگوان**

چرائے ہوئے مویشی کے عوض میں ملا ہؤا دوسرا مویشی ۔

**سِرکانا**

قرض دار کا قرض خواہ کے پاس مزارع یا مزدور کی حیثیت سے اس وقت تک کام کرنا جب تک قرض کی رقم ادا نہ ہو جائے ۔

**موڑ**

وقت پر قرض ادا کر دیا جائے تو قرض خواہ اپنی خوشی سے کچھ رقم مقروض کو واپس کر دیتا ہے اسے 'موڑ' کہتے ہیں ۔

**بھنشوتنی**

اس شرط پر قرض لینا کہ اب کے بھاؤ کے مطابق غلہ کی صورت میں ادا کر دیا جائے گا ۔

**پنجوپر**

ایک روپے پر ۵/۱ روپیہ سود لینے کی رسم ۔

**دھراوا/دھرہوا**

کوئی چیز رہن رکھنے کا عمل ۔

**دُھرور**

رہن رکھی ہوئی چیز ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# انسانیات

۱ ۔ رشتہ داریاں ۔
۲ ۔ شکل و شباہت ، قد و قامت ، ڈیل ڈول ۔
۳ ۔ اعضائے جسمانی ۔
۴ ۔ نشست و برخاست کے طریقے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA:  http://www.apnaorg.com

# ۱ - رشتہ داریاں

### اپنایت

آپس میں کی قرابت داری -

### انگ

نائی یا میراثی کے آبائی گاؤں کی لڑکی ، جس کی شادی کسی دوسرے گاؤں میں ہوئی ہو - وہ اپنے سسرال کے گاؤں میں نائی یا میراثی کا ''انگ'' کہلاتی ہے (انگ کے لغوی معنی ہیں جسم کا حصہ) -

### انگ ساک

قریبی رشتہ دار -

### انگی پرسنگی

دور کے رشتہ دار -

### بھین

بہن -

### بھتیج نوشہ

بھتیجے کی بیوی -

### پتیس

سسر کے بھائی کی بیوی -



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۱ - رشتہ داریاں

**اپنایت**

آپس میں کی قرابت داری -

**انگ**

نائی یا میراثی کے آبائی گاؤں کی لڑکی ، جس کی شادی کسی دوسرے گاؤں میں ہوئی ہو - وہ اپنے سسرال کے گاؤں میں نائی یا میراثی کا ''انگ'' کہلاتی ہے (انگ کے لغوی معنی ہیں جسم کا حصہ) -

**انگ ساک**

قریبی رشتہ دار -

**انگی پرسنگی**

دور کے رشتہ دار -

**بھین**

بہن -

**بھتیج نوشہ**

بھتیجے کی بیوی -

**پتیس**

سسر کے بھائی کی بیوی -



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**پتیوہرا**

سسر کا بھائی ۔

**پچھانگ**

عورت کے پہلے خاوند کی اولاد ۔

**پوت نونشہ**

پوتے کی بیوی ۔

**پھپھیس**

پھوپھی ساس ، سسر کی بہن ۔

**پھپیتوہرا**

سسر کا بہنوئی ۔

**جٹھیتا/جٹھُتّر**

خاوند کے بڑے بھائی (جیٹھ) کا بیٹا ۔

**ددیس**

دادی ساس ، سسر کی ماں ۔

**ددیتوہرا**

سسر کا باپ ۔ خاوند کا دادا ۔

**دریتا/درُتّر**

خاوند کے چھوٹے بھائی (دیور) کا بیٹا ۔

**دُہاجو/دہاجڑ**

جس کی پہلی بیوی مر جائے اور وہ دوسری شادی کر لے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**چھوٹ**

مطلقہ عورت ، جسے اس کے خاوند نے چھوڑ دیا ہو ۔

**دوہت نوشہ**

نواسے کی بیوی ۔

**دوہت پوت**

پوتے اور نواسے ، بیٹے اور بیٹی کی اولاد ۔

**ساکا داری**

رشتہ داری ، قرابت ۔

**سالے ہار**

سالے کی بیوی ۔

**سسڑی**

سس (ساس) کی تصغیر ہے

**سکا رتا**

نہایت قریبی رشتہ دار ۔

**سوکیتا/سکنتر**

خاوند کی پہلی بیوی کا بیٹا ۔

**شریک**

شریکے کا کوئی فرد ۔

**شریکا**

بھائی ، چچا ، تایا اور ان کی اولاد شریکا کہلاتی ہے کیونکہ یہ آپائی

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

جائداد میں برابر کے شریک ہوتے ہیں۔ بہن ، خالہ، پھوپھی ، ان کے خاوند اور ان کی اولاد ، شریکے میں شمار نہیں ہوتے کیونکہ ان کی 'ڈھیری' (آبائی جائداد کا حصہ) الگ ہوتی ہے ، یہ سب برادری کے لوگ ہیں۔ شراکت ہمیشہ باہمی دشمنی اور عداوت کا باعث ہوتی ہے ۔ اس لیے پنجابی میں شریک کا لفظ مجازی طور پر "بد ترین دشمن" کے معنوں میں آتا ہے ۔ جب سے بہنوں کو قانونی طور پر زمین کا حصہ ملا ہے ۔ وہ بھی بھائیوں کی 'شریک' ہوگئی ہیں ۔

## کُڑم

بیٹے یا بیٹی کا سسر ۔

## کُڑما چاری ، کڑمتّ/ کوڑما

سمدھیوں کے روایتی تعلقات ۔

## متیر/مترئا

سوتیلا پن ، سوتیلا رشتہ ۔

## مسیر

خالہ زاد بھائی یا بہن ۔

## مسیس

ساس کی بہن ، ماسی ساس ۔

## مستیویرا

ساس کا بہنوئی ۔

## ملیس

دولہا یا دلہن کی ممانی ، مامی ساس ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ملیویرا**

دولہا یا دلہن کا ماموں ۔

**ملیر/ممیر**

ماموں زاد بھائی یا بہن ۔

**وڈیرا**

جد امجد ، کنبے کا رکن اعلیٰ ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۲ ۔ شکل و شباہت ، قد و قامت ، ڈیل ڈول

**ادھکڑ**

ادھیڑ عمر ، نہ بوڑھا نہ جوان ۔

**انُوآں**

نو عمر لڑکا جس کے ابھی مسیں بھی نہ بھیگی ہوں ۔

**اُوٹھل**

اونٹ کی مانند دراز قد اور بے ڈول آدمی ۔

**بڈھ سُہاگن**

جس عورت کا خاوند بڑھاپے میں بھی زندہ ہو ۔ آخر تک سہاگن رہنے والی خوش نصیب عورت ۔ بڑی بوڑھیاں دلہن کو دعائیں دیتی ہیں ''بڈھ سہاگن ہووئیں'' ۔

**بڈھ سُہیار**

صحت مند ، خوب صورت اور نمائش حسن کی دلدادہ بڑھیا ۔ ایسی عورت جو بڑھاپے میں بھی جوانی کے چونچلے نہ چھوڑے ۔

**برچھا**

بڑے ڈیل ڈول والا ، زور آور لیکن غیر مہذب آدمی ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## بلا

بلّی جیسی نیلی آنکھوں والا مرد ، (مؤنث بلّی) ۔ (لفظ بلّی آنکھوں کی صفت کے طور پر بھی آتا ہے ۔ بلّیاں اکھّاں) ۔

## بلّھڑ

بڑے اور بھدّے ہونٹوں والا آدمی ۔

## پتل کنّا

پتلے کانوں والا ، جس کی قوت سامعہ بہت تیز ہو ۔

## پھینا

چپٹی ناک والا مرد (مؤنث پھینی)

## ٹنڈا

جس شخص کا بازو ٹوٹا یا کٹا ہؤا ہو (مؤنث ٹنڈی)

## جھاٹو/ جھاٹا کھنڈی

وہ عورت جس کے سر کے بال پریشان اور الجھے ہوئے ہوں ۔

## چبّھڑ

ایک چھوٹا سا جنگلی پھل، مجازاً بھونڈی صورت والا پست قدآدمی ۔ (چھوٹے بچوں کو بھی پیار سے چبّھڑ کہہ دیتے ہیں ۔)

## چُنّا/ چُنّھا

کنجی پلکوں اور چھوٹی چھوٹی آشوبی آنکھوں والا ، جسے روشنی میں کم دکھائی دے ۔ (مؤنث چُنّی ، چُنّھی)

## چکھتا/چکھترا

گٹھیلے اور مضبوط جسم والا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**دانڈو/دنشدلو**

جس کے سامنے کے دانت بڑے اور باہر کو نکلے ہوئے ہوں -

**ڈانڈی**

طاقتور بازوؤں والا (ڈنڈ بازو کی مچھلی) -

**ڈُڈّا**

ٹیڑھے پاؤں والا (مؤنث ڈُڈّی) -

**ڈیلاڑ**

موٹی موٹی آنکھوں والا ، جس کی آنکھوں سے وحشت ٹپکتی ہو -

**روڈا/روڈ بھوڈ**

جس کے سر کے بال منڈے ہوئے ہوں -

**سُجاکھا**

آنکھوں والا ، جس کی دونوں آنکھوں کی بینائی ٹھیک ہو (مؤنث سجاکھی) -

**سجکھبّو**

جس شخص کے دونوں ہاتھ یکساں کام کرتے ہیں - (یہ صفت بہت کم لوگوں میں پائی جاتی ہے ) -

**کُکّا**

بھُورے بالوں والا (مؤنث کُکّی) - یہ لفظ بالوں کی صفت کے طور پر بھی آتا ہے - جیسے کُکّے بال -

**کنّل/کنتڑ**

بڑے بڑے کانوں والا -

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**کھبجو (کھبو)**

بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا ۔

**کھڑ کنا**

بڑے بڑے اور کھڑے دانوں والا ۔

**کھنڈا**

ٹیڑھی ٹانگوں والا ، جس شخص کی ٹانگیں باہر کو نکلی ہوئی ہوں ۔

**کھڑ سُکّ**

وہ درخت جو کھڑا کھڑا سوکھ جائے ۔ دبلا پتلا آدمی ۔

**کھنڈا**

جس آدمی کا ہونٹ کٹا ہوا ہو ۔

**کھوڈا**

بے ریش آدمی ۔

**کیرا**

جس آدمی کی آنکھوں کا رنگ زردی مائل ہو (مؤنث کیری) کیرے آدمی کو سابق پنجاب میں 'بے وفا' خیال کیا جاتا ہے ۔

**گبھرو**

کڑیل جوان ، نیز نوجوان خاوند ۔

**گبھروٹ**

نوخیز لڑکا ، جس نے ابھی عالم جوانی میں قدم رکھا ہو ۔

**گٹھا**

پست قامت ، (مؤنث گٹھی)۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## گھگا

بھاری آواز والا ، جس کا گلا بیٹھا ہوا ہو (مؤنث گھگی) ۔

## گھونا/ گھون سون

جس آدمی کا سر بالکل منڈا ہوا ہو ۔

## لتوا/لیرا

کم عمر اور نازک اندام لڑکا ۔

## متھیلی

خوش جبیں عورت ۔

## مُٹیار

جوان اور صحت مند لڑکی ، جس پر بھرپور جوانی کا عالم ہو ۔

## مُچھتلی

بڑی بڑی مونچھوں والا مرد ۔ مُچھیل بھی بولتے ہیں ۔

## مدھرا

درمیانے قد کا ، نہ زیادہ بلند نہ پست (مؤنث مدھری) ۔

## مگھتا

پانی یا چھاچھ ڈالنے والا ایک چھوٹا سا مٹی کا برتن ۔ مجازاً پست قد اور بھدے جسم والا آدمی (مؤنث مگھتی) ۔

## ملوک

نازک بدن ، نازک مزاج ، شاہانہ مزاج کا حامل ۔
ناتھ دیکھ کے بہت ملوک چنچل اہل طبع نے سوہنا چھیل منڈا (وارث شاہ) ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ناسڑ**

بڑے بڑے یا چوڑے نتھنوں والا ۔

**ہڈُبو**

جس کے جبڑوں کی ہڈیاں اُبھری ہوئی ہوں ۔ پچکے ہوئے گالوں والا کمزور آدمی ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۳ ۔ اعضائے جسمانی

**اکھوانا**

آنکھ کا وہ گڑھا جس میں آنکھ کا ڈھیلا ہوتا ہے ۔

**بَتّر**

بدن کا اگلا حصہ اور پہلو ، نیز مٹی کے ٹوٹے ہوئے برتن کا ٹکڑا ۔

**بُلّھی**

بُلّھ (ہونٹ) کی تصغیر ، بچے کا ہونٹ ، معشوق کا نازک اور پیارا ہونٹ ۔

**تیڑ**

دھڑ کا نچلا حصہ ، کمر سے گھٹنوں تک ، قابلِ ستر حصہ ۔

**ٹُنڈ**

ٹوٹے یا کٹے ہوئے بازو کا سرا۔

**ٹُھتّھ**

انگوٹھے کا اگلا سرا ۔

**چُوکلا / چُوکنا**

کمر یا کولہے کی ہڈی ۔

**ڈنڈوڑ**

بڑا دانت جو منہ سے باہر نکلا ہوا ہو ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**دنڈدی**

دند (دانت) کی تصغیر ، بچے کا چھوٹا سا دانت ۔

**ڈھنڈی**

ڈھنڈ (پیٹ) کی تصغیر ، بچے کا چھوٹا سا پیٹ ۔

**ڈولا**

بازو کا کہنی سے کندھے تک کا حصہ ۔

**کُچھنڑ**

پسلیوں اور کولہے کی درمیانی جگہ ، جہاں کھڑے ہونے کی حالت میں بچے کو اٹھایا جاتا ہے ۔

**کنڈھ**

کمر سے لے کر کندھوں تک کا عقبی حصہ ، جاندار کی پشت ۔

**کنگروڑ**

ریڑھ کی ہڈی ۔

**کویا**

آنکھ کا کنارہ ۔

**کھنلڑی**

کھنّل (کھال) کی تصغیر ۔

**کوٹھی**

آنکھ کا چھپر ۔ ناک کی نشست ۔

**کُھنج**

گھٹنے کی پشت یا پچھلا گڑھا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## کھکھاڑ/ کھکھواڑ

جبڑوں کی ہڈیاں ، نیز دونوں جبڑے ۔

## گاٹا/گاٹی

گردن کی پشت ۔

## گنتی

آنکھ کا وہ حصہ جس پر پلکوں کے بال لگے ہوئے ہیں ۔

## موڑ

گردن سے نیچے اور دونوں شانوں کے درمیان پیٹھ کا بالائی حصہ ۔

## نا ُڑو/ناڑو آ

بچے کی ناف کی رگ ۔

## پڑپ

جسمانی کمزوری کے باعث گال پچکنے اور جبڑوں کے نمودار ہونے کی حالت۔
کانوں کی ابھری ہوئی ہڈیاں (پڑیاں) ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۴ ـ نشست و برخاست کے طریقے

**أتانا**

کمر کے بل لیٹا ہؤا ۔

**اٹھروہا**

پاؤں کے بل بیٹھا ہؤا ۔

**اوڑک چھوہا**

کسی قسم کے سہارے کے بغیر ، بے سہارا ۔

**اوکـڑو**

پاؤں کے پنجوں کے بل ، چوتڑوں کے بل ۔

**پتھـلا**

چوکڑی مار کر بیٹھنا ، بیکار اور نکمے ہو کر بیٹھنا ۔

**تلی ٹیک**

اس طرح بیٹھنا کہ ہتھیلیاں زمین پر لگی ہوں ۔

**چوپھال**

بازو پھیلا کر چت لیٹنا ۔

**ڈھاسنا**

لیٹ کر لگائی ہوئی ٹیک ، سر کو سہارا دینے کے لیے پشت پر رکھا ہؤا



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

سہارا اور سہارا لینے کی کیفیت ۔

**کوڈا**

کمر کے بل آگے کو جھکا ہوا ۔

**گلوکڑی**

دونوں بازوؤں کو گردن کے پیچھے باندھنے کی حالت ۔

**گوٹھ**

بیٹھ کر کسی رسی یا کپڑے سے کمر سمیت گھٹنے باندھ لینے کی حالت ۔

**گوٹھ مار**

گوٹھ مار کر بیٹھا ہؤا ۔

**گوٹھ مارنا**

(سورٹھ محاورہ) چوتڑوں کے بل بیٹھ کر گھٹنوں اور کمر کے گرد کوئی پٹکا وغیرہ باندھ لینا ۔

**مُنکڑی**

ہاتھ موڑ کر بیکار بیٹھنے کی حالت ۔

**لِسّل**

پاؤں پسار کر سیدھا لیٹا ہؤا ۔

**ونگڑی**

ہاتھ میں ہاتھ پھنسالینے یا ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھنے کی کیفیت ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# قدریات

۱ - باد و باراں اور دیگر متعلقات -
۲ - زمین اور اس کے متعلقات -
۳ - دریا اور ندی نالے -
۴ - جنگلات -

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۱۔ باد و باراں اور دیگر متعلقات

## اوڑ ، تلتی

وہ موسم جس میں معمول کے مطابق بارش نہ ہو۔ (وقت پر بارش نہ ہونے کے باعث فصلوں کو بہت نقصان پہنچتا ہے) خشک سالی ، قحطِ باراں ، سوکا۔

## اوڑ لگنا

(مونّث محاورہ) موسم خشک گزر جانا ، بارش نہ ہونا۔

## اہن

بارش کے ساتھ پڑنے والے بہت باریک اولے۔

## بُلاّ

تیز ہوا کا جھونکا۔

## بَدلوائی

آسمان پر بادلوں کے محیط ہونے کی کیفیت ، فضا ابر آلود ہونا۔ جُھمبڑ۔

## بھڑاس

گرمی کے موسم میں تپتی ہوئی زمین پر بارش ہو جائے تو زمین اپنی اندرونی حرارت خارج کرتی ہے۔ زمین سے اٹھنے والی اس بخارات آمیز گرم ہوا کو 'بھڑاس' کہتے ہیں ، مجازاً دل کا بخار۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۱۔ باد و باراں اور دیگر متعلقات

**اوڑ ، تلئی**

وہ موسم جس میں معمول کے مطابق بارش نہ ہو۔ (وقت پر بارش نہ ہونے کے باعث فصلوں کو بہت نقصان پہنچتا ہے) خشک سالی ، قحطِ باراں ، سوکا۔

**اوڑ لگنا**

(موزّد محاورہ) موسم خشک گزر جانا ، بارش نہ ہونا۔

**اہن**

بارش کے ساتھ پڑنے والے بہت باریک اولے۔

**بُلاّ**

تیز ہوا کا جھونکا۔

**بدلوائی**

آسمان پر بادلوں کے محیط ہونے کی کیفیت ، فضا ابر آلود ہونا۔ جَھڑ۔

**بھڑاس**

گرمی کے موسم میں تپتی ہوئی زمین پر بارش ہو جانے تو زمین اپنی اندرونی حرارت خارج کرتی ہے۔ زمین سے اٹھنے والی اس بخارات آمیز گرم ہوا کو 'بھڑاس' کہتے ہیں ، مجازاً دل کا بخار۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**بھکھ لّونا**

گرمی کے موسم میں ریگستان میں لو چلتی ہے تو دور سے بہتے ہوئے پانی کی مانند دکھائی دیتی ہے ۔ ریگستان میں سورج کی روشنی کے انعکاس سے چمکنے والی ریت کی چمک ۔

**بُھور**

ہلکی ہلکی مسلسل بارش

**پچھوں**

مغرب (پچھم) کی طرف سے چلنے والی ہوا ۔

**پُرا**

مشرق (پورب) کی طرف سے چلنے والی ہوا ۔

**پَروار**

برسات کے موسم میں رات کو چاند کے گرد جو روشنی کا دائرہ سا دکھائی دیتا ہے ۔

**پھانڈا**

سردیوں میں بارش کے ساتھ چلنے والی تند ہوا ۔

**پھرکتا**

مینہ کے بعد بادلوں کے چھٹنے اور مطلع صاف ہونے کی کیفیت ، نکھار ۔

**پھکت**

نہایت ہلکی ہلکی بارش جس سے زمین بھی تر نہیں ہوتی ۔

**پہل چھٹلا**

برسات کے موسم کی پہلی بارش ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**پینگھ**

برسات کے موسم میں بادلوں کے کھلنے کے بعد آسمان پر جو مختلف رنگوں کی کمان سی نمودار ہوتی ہے ۔ جُھولا ۔

**تتر کھنبھی**

تیتر کے پروں جیسا سفید و سیاہ دھبوں والا بادل ، جسے بارش کی علامت سمجھا جاتا ہے ۔

مثل ۔ تتر کھمبی بدلی تے رن ملائی کھا ۔ اوہ وسّے اوہ اجڑے کہیا نہ اوکت جا ۔

**ٹلا**

چھوٹی سی پہاڑی ۔ شمال مغرب کی سمت ۔ اس طرف سے جو بادل اٹھتا ہے وہ ایسی تیزی کے ساتھ آسمان پر چھا کر برسنے لگتا ہے کہ لوگوں کو سنبھلنے کی بھی مہلت نہیں ملتی۔ (بدل آیا ٹِلیّوں مجھ کھولن نہ دیندا کِلیّوں)

**ٹھکا**

موسم سرما کی تند و تیز ٹھنڈی ہوا ۔

**جھڑ**

آسمان پر بادلوں کا محیط ہونا ۔ بند لرائی ۔

**جھڑی**

متواتر کئی دنوں تک آسمان پر بادل چھائے رہنے اور ایک ہی رفتار کے ساتھ لگا تار بارش ہونے کی کیفیت ۔ (عام خیال ہے) اگر جمعرات کو بارش شروع ہو تو ایسی جھڑی لگتی ہے کہ مسلسل ہفتہ بھر بارش ہوتی رہتی ہے ۔ ساون کی جھڑی سے کچے مکانوں کو بہت نقصان پہنچتا ہے ۔

(ساون دی جھڑی نہ کوٹھا نہ کڑی)

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**جھامبا**

موسم سرما کی تند ہوا ، برسات میں چلنے والی باد صرصر ۔

**جھٹمب**

ہوا کے تھپیڑوں کے باعث بارش کا ترچھا رخ ، واچھڑ ۔

**چوماسا**

برسات کے چار مہینے اساڑھ ، ساون ، بھادوں ، اسوج ، ان مہینوں میں بارش کے بعد نکلنے والی دھوپ ناقابل برداشت ہوتی ہے ۔

**چوبا**

برسات کے موسم میں چھت ٹپکنے کی کیفیت ، ٹپکے ہوئے قطروں کے نشانات ۔

**چھڑاکتا**

بارش کے تیز چھینٹوں کا ریلا ۔

**چھہبر**

مسلسل آواز کے ساتھ برسنے والی بارش ۔

**دریڑا**

مسلسل برسنے والی نہایت زور دار بارش ۔

**ڈھاڈوُ**

جنوب مغرب سے چلنے والی ہوا ، پہاڑ کی طرف سے چلنے والی ہوا ۔

**رجتواں ( مینہ )**

اتنی بارش جس سے زمین پوری طرح سیراب ہو جائے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**زِجواں (سینہ)**

ہلکی ہلکی مسلسل بارش جو مکانوں کی چھتوں کے لیے بہت خطرناک ہوتی ہے ، کیونکہ بارش کا پانی ساتھ ساتھ چھتوں میں جذب ہوتا جاتا ہے اور ان کو نقصان پہنچاتا ہے - اسے 'تیرمتّھا' سینہ بھی کہتے ہیں -

**سوکتا**

بارش نہ ہونے کے باعث فصلوں کے سوکھ جانے کی کیفیت ، اوڑ -

**شُوک/شُوکر**

چلتی ہوئی ہوا ، چڑھتے ہوئے دریا یا موسلا دھار بارش کی آواز ، سانپ کی پھنکار -

**ککّڑ/کورا**

سردی کے موسم میں فصلوں اور پودوں پر جم جانے والی برف ، جو فصلوں اور پودوں کو بہت نقصان پہنچاتی ہے -

**کنے**

بارش کے موٹے موٹے قطرے -

**کنیاں**

سینہ کی بہت چھوٹی چھوٹی بوندیں -

**کنّ منّ**

تھوڑی تھوڑی بارش ، کوئی کوئی قطرہ پڑنا ، 'چھڑاکا' کے برعکس -

**گُھپ گھیر**

گہری تاریکی جس میں ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہ دے -

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**گنتھ**

موسم سرما کے آغاز میں چوطرفہ چلنے والی ہوا جو اپنے ساتھ بارش بھی لاتی ہے۔ طوفان باد و باراں۔

**گڑھک**

ژالہ باری سے پہلے بادلوں کے گرجنے کی آواز۔

**گنتھوڑا**

مٹی اور ہوا کا طوفان ، طوفان گرد و باد۔

**لِشک**

بجلی کی چمک ، کسی چمکدار چیز کی تیز روشنی ، منعکس روشنی۔

**لشکارا**

بجلی کی آنکھوں کو خیرہ کر دینے والی تیز چمک ، سورج کے سامنے آئینہ رکھنے سے پیدا ہونے والی منعکس روشنی۔

**لُوہری**

موسم سرما کی مسلسل چلنے والی تند ہوا۔

**نِمبّل / نِبّل**

بارش کے بعد بادلوں کے چھٹنے اور مطلع صاف ہونے کی کیفیت۔
(جنھڑ کی ضد)

**مُگھتاں**

چمکیلے بادلوں کا مجموعہ۔

**وسّن ہار**

لازمی طور پر برسنے والا (بادل)۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ورھاؤ**

برسنے کے قریب ،

**واچھڑ**

ہوا کے تھپیڑوں کے باعث بارش کا ترچھا رخ ، جھمپ ۔

**ہُسّٹ / ہُسّڑ / ہُم**

گرمی کے موسم میں بارش سے پہلے ہوا بند ہو جانے کے باعث پیدا ہونے والی کیفیت ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۲ - زمین اور اس کے متعلقات

**اُبھتَلی**

وہ جگہ جہاں سے پانی خود بخود چشمے کی طرح پھوٹ کر نکلتا ہو۔

**اُتاڑ**

اونچی زمین ، دریا کے چڑھاؤ کی طرف کی زمین (ہٹھاڑ کی ضد) ۔

**بَتھل**

ندی نالوں کے سیلاب میں آنے والی مٹی کی تہ جس میں ریت کی آمیزش ہوتی ہے ۔

**بھوں / بھوئیں**

مطلق طور پر زمین اور مٹی کے معنوں میں آتا ہے ۔

**بیٹ**

دریا کے کنارے واقع دور تک کا نشیبی علاقہ ۔

**پانڈُو**

ایک قسم کی سفید مٹی جو کنویں سے نکلتی ہے ۔

**پتنیّ**

اونچا اور اُبھرا ہوا میدان ، نیز پوٹھوہار کا ایک لوک ناچ ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**پتی**

ایسی سخت زمین جو ریتلے ٹیلوں کے درمیان واقع ہو۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ بارش کے دنوں میں اس میں عام زمینوں کی طرح دراڑیں نہیں پڑتیں۔

**پدھر**

ہموار زمین جس میں نشیب و فراز نہ ہوں۔

**پڑ**

ہموار اور صاف ستھرا میدان جو گندم مالدنے کے لیے خاص طور پر تیار کیا جاتا ہے۔ کبڈی کھیلنے کا میدان، کشتی کا اکھاڑا۔

**پڑیلی**

افتادہ زمین۔

**پنیلی**

ایک ایکڑ زمین، ایک گھماؤں کا کھیت۔

**تیلا**

ریگستانی زرعی زمین کی قسم ہے جسے وافر مقدار میں پانی درکار ہو۔

**ٹھیم / ڈھیم**

مٹی کا بڑا ڈھیلا۔

**چلتھ/چلتھن**

دلدلی علاقہ۔

**جُوہ**

گاؤں کے گرد و نواح میں کھلا میدان جو قدرتی چراگاہ کا کام دیتا ہے۔ وہاں

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

گاؤں کے لوگ مویشی چراتے ہیں ۔ مال کے کاغذات میں اسے 'شاملات' لکھتے ہیں ۔

**چُگیر**

چوہے کے بل کی مٹی جو ننھی ننھی گولیوں کی شکل میں ہوتی ہے ۔

**دواہندا**

پانی میں گھرا ہؤا خشک زمین کا وہ قطعہ جس میں کھیتی باڑی کی جا سکے ۔

**دُھدّل**

بہت ہی باریک اور نرم مٹی جس میں چلتے وقت پاؤں دھنس جاتے ہیں ۔

**ڈوبتا**

اکثر زیر آب آنے والی زمین ۔

**ڈھایا**

دریا کے کنارے کی اونچی زمین جو سیلاب سے محفوظ رہتی ہے ۔

**ڈھبّا / ٹبّا**

ریت کی چھوٹی سی ڈھیری ۔

**رَڑ / رڑی**

گاؤں کے قریب واقع فراخ اور ہموار علاقہ جسے عموماً کھیل کے میدان کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ تیز سخت زمین جہاں بارش سے دراڑیں پڑ جاتی ہیں ۔

**رکڑ**

سخت اور پتھریلی زمین جو بنجر ہو ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## رَوڑ / رَڑا

ہموار اور چٹیل میدان ۔

## روہی

دریا کے نشیبی کناروں پر واقع ریتلی زمین جو دھان کی فصل کے لیے بہت مفید ہوتی ہے ۔

## ریتڑ

ریتلی زمین ، جس زمین کی مٹی میں ریت کی آمیزش ہو ۔

## رہیہ

دریا کی تہ کی خشک مٹی جو دھدل کی مانند ہوتی ہے ۔ دھوبی اسے کپڑے دھونے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ کھار ۔

## کلراٹھی / کلراچھی

کلر والی سخت زمین ، شور زمین ۔

## کچھتی

دریائی مٹی والی زمین جو اپنی زرخیزی کے باعث سونا اگلتی ہے ۔

## کدھی

دریا کے بلند کنارے کی زرخیز زمین ۔

## کرنڈ

تازہ بوئے ہوئے کھیت کی سطح پر بارش کی وجہ سے جم جانے والی مٹی کی سخت تہ جو بیج کے اگنے میں مزاحم ہوتی ہے ۔

## کرنڈ توڑنا

(موزوں محاورہ) کرنڈ والے کھیت میں بھیڑ بکریوں کا گلہ چھوڑ دینا تا کہ

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

ان کے کھروں سے زمین کی سطح نرم ہو جائے اور بیج آسانی سے اگ سکے۔

## کنڑ

کنوئیں کی گہرائی میں زمین کی وہ سخت تہ جسے پھاڑنے سے پانی پھوٹ نکلتا ہے ۔

## کھدھڑ

دراڑوں والی چکنی زمین ۔

## کُھڈل

وہ زمین جس میں جانوروں نے جا بجا گڑھے ڈال دیے ہوں ۔ چوہوں کے بلوں والی زمین ۔

## کھڑوچ

وہ گڑھے جو گیلی زمین پر مویشیوں کے چلنے پھرنے سے پڑ جاتے ہیں اور خشک ہو کر زمین کو سخت ناہموار بنا دیتے ہیں ۔

## کھڑدڑ

زمین کے نشیب و فراز ، کسی جگہ کی ناہمواری ۔

## کھنگھر

کھردرا پتھر ، جس زمین سے کھردرے پتھر نکلیں ، وہ اینٹ جو بھٹے میں جل کر سیاہ اور کھردری ہو جائے ۔

## کھوبھتا

دریا کے کنارے کی دلدلی زمین ۔

## گچ

ایسی زمین جس میں سخت مٹی کی تہ اور پتھر موجود ہوں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## گھسّو

دیکھو سیرا ۔

## لاگھا

ریت کے ٹیلوں کے درمیان قابل کاشت زمین ۔

## لتار / نوان

دریا کے کنارے کی نشیبی زمین ۔

## مارُو

صرف بارش کے پانی سے سیراب ہونے والی زمین ۔

## مسل

ندی نالوں کے سیلاب میں آنے والی چکنی مٹی کی تہ جو کھیتوں کو بہت زرخیز بنا دیتی ہے ۔

## منڈ

دریا کے کنارے کی نشیبی زمین ۔

## سُہالا

وہ زمین جس میں ہل چلایا گیا ہو ، جوتی ہوئی زمین ۔

## سیرا

زرخیز اور عمدہ زمین جس میں آسانی سے ہل چلایا جا سکے ، اس زمین میں ریت کی ملاوٹ ہوتی ہے ، گندم اور کپاس کی فصلوں کے لیے بہت مفید ہے ، اسے گھسّو بھی کہتے ہیں ۔

## نیائیں

گاؤں کی آبادی سے ملحق اُفتادہ زمین جسے گاؤں کے لوگ رفع حاجت

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

کے لیے استعمال کرتے ہیں ، یہ زمین کھاد ملنے کی وجہ سے بہت زرخیز ہوتی ہے ۔

## واہن

جوتی ہوئی زمین ، وہ زمین جس میں ہل چلایا گیا ہو ، لیکن سہاگا نہ دیا گیا ہو ۔ مٹی کے ڈھیلوں کی وجہ سے اس میں چلنا پھرنا مشکل ہوتا ہے ۔ مثل مشہور ہے ''بھجدیاں نوں واہن اکّو جہیا'' یعنی مقابلہ کرنے والوں کے لیے مشکلات یکساں ہوتی ہیں ۔

## وڈھ

وہ زمین جہاں سے کوئی فصل کاٹی گئی ہو ۔ لیکن پودوں کی جڑیں (مُنڈھیاں) ابھی زمین ہی میں ہوں ۔ کنک کے وڈھ سے سٹے چنے جاتے ہیں ۔ چھولیاں (چنے) کے وڈھ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا ۔ ایک یا دو آدمی اپنی وفا پر فخر کرتا ہؤا کہتا ہے ''راہ یاری اے چھولیاں دا وڈھ نہیں'' ۔ یا بےوفا کی یاری کے متعلق طعنہ دیتے ہیں ''او یاری نہ ہوئی چھولیاں دا وڈھ ہویا'' ۔

## وڈھ وتّر

محکمہ نہر والے اس پر بھی معاملہ وصول کرتے ہیں اگر ایک فصل کاٹ لینے کے بعد حاضر نمی کو استعمال کرتے ہوئے دوسری فصل پکائی جائے ۔

## ہٹھاڑ

نشیبی زمین ، جس سمت دریا کا بہاؤ ہو (اتاڑ کی ضد) ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۳ ۔ دریا اور نـدّی نالے

**اُبھـتا**

دریا کے بہاؤ کی مخالف سمت ۔

**بُڈھ**

دریا کی پرانی گزر گاہ جہاں اب کوئی عام سا نالا بہ رہا ہو ۔

**پتن**

وہ مقام جہاں سے دریا کو کشتی کے ذریعے عبور کر سکیں ۔

**پھاٹ**

دریا یا نہر کی چھوٹی سی شاخ ۔

**تُلا**

گھاس پھوس اور لکڑیوں کا بنا ہؤا پُولا جس سے دریا عبور کرنے کے لیے کشتی کا کام لیا جاتا ہے ۔

**ٹوبـھا**

وہ نشیبی زمین یا گڑھا جس میں برسات کا پانی جمع ہوتا ہو ۔

**جھلار**

دریا یا نہر کے کنارے کا کنواں یا گڑھا جس سے پانی کھینچ کر کھیتوں کو سیراب کیا جاتا ہے ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA:  http://www.apnaorg.com

**چو**

وہ نالا جس میں صرف برسات کے موسم میں پانی آتا ہے ۔ برساتی نالا ۔

**چھپڑ**

پانی کا گڑھا ، ٹوبھا ۔

**چھپڑی**

چھپڑ کی تصغیر ' چھوٹا سا چھپڑ ۔

**چھل**

طغیانی کی حالت میں دریا کے پانی کا اچھال ۔

**چھنبھ**

پانی کا گڑھا ، چھپڑ ، ٹوبھا ۔

**ڈنگھ**

دریا کے وسط میں نہایت گہری جگہ جس کی تھاہ نہ مل سکے ۔

**ڈھا**

دریا کا طغیانی کی حالت میں اپنے کناروں کو کاٹ کاٹ کر گرانے کا عمل ۔

**ڈھن**

بہت گہرا تالاب ، وہ گڑھا جو آبشار گرنے سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

**رجواہا**

چھوٹی نہر جو کسی بڑی نہر سے نکالی گئی ہو ۔

**راٹی واہ**

پرانی اور قدرتی نہر ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## روڑہ

دریا یا بارش کے بہتے ہوئے پانی کی رو ۔

## روڑھو

سیلاب کا تیز و تند دھارا جو اپنے راستے میں حائل ہونے والی چیزوں کو بہا لے جاتا ہے ۔

## سُکنالا

خشک نالا جو صرف بارش کے دنوں میں بہے ، برساتی نالا ۔

## سُوآ

چھوٹی نہر جو کسی بڑی نہر سے نکالی گئی ہو ۔ نہر کی شاخ ۔

## سِیڑھ

پانی کا دھارا ، وہ مقام جہاں دریا کا بہاؤ تیز ہونے کی وجہ سے کشتیاں الٹنے کا خطرہ لاحق رہتا ہے ۔

## شوہ

دریا کا عین وسطی حصہ جہاں پانی نہایت گہرا اور تیز ہوتا ہے ۔

## کتپڑ

دریا میں کم گہری مگر پر شور طوفانی جگہ ، جہاں دریا کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے اور وہ اپنی زد میں آنے والی کشتیوں کو الٹا دیتا ہے ۔

## کسّی

نہر میں سے نکالا ہوا بڑا کھالا جس کے ذریعے کھیتوں کو پانی دیا جاتا ہے ، (پوٹھوہاں) پہاڑی نالا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## گاہن

وہ مقام جہاں سے پیدل چل کر دریا عبور کیا جا سکے ۔ کشتی کے بغیر ۔

## گھرال / گھرل

پانی کے بہاؤ سے زمین میں پیدا ہونے والا لمبا سا گڑھا ۔ بارش کے پانی سے چھت یا کچی دیوار میں جو گڑھے پڑ جاتے ہیں ۔ آنسوؤں سے گالوں پر پڑنے والے نشان ۔

## گھمّن

دریا کے بہاؤ کے راستے میں کوئی گہرا گڑھا ہونے کے باعث دریا کی سطح پر پانی کا جو چکر پیدا ہو جاتا ہے ۔ نیز 'گھمن گھیر' ۔

## واہل

نشیبی زمین جو کبھی دریا کی گزرگاہ رہی ہو ، دریا کا قدیم اور خشک راستہ ، جو برسات کے موسم میں پر آب ہو جائے ۔

## وہن

دریا کی گزر گاہ ، دریا کا بہاؤ ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۴ ـ جنگلات

**بیلا**

دریا کے کنارے کا جنگل جہاں گھاس اور کانی کثرت سے ہو ۔

**جھل**

دریا کے کنارے درختوں کا جنگل ۔

**جھنگ/جھنگر**

جھاڑیوں والی زمین ، وہ جنگل جس میں جھاڑیاں کثرت سے ہوں ۔

**رکھ**

وہ جنگل جہاں سے کسی کو لکڑی کاٹنے کی اجازت نہ ہو ۔ درختوں کا ذخیرہ ۔

**ڈھکّ**

وہ جنگل جس میں کثرت سے ڈھاک کے درخت ہوں ۔ نیز دو پہاڑیوں کے درمیان تنگ راستہ ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# حیوانیات

۱ - عام جانور اور ان کے متعلقات
۲ - زراعت اور باربرداری کے جانور
۳ - دودھ دینے والے جانور
۴ - جانوروں کے بچے
۵ - مویشیوں کے امراض

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۱ ـ عام جانور اور ان کے متعلقات

**بدھیلُو**

تھان پر بندھا رہنے والا مویشی جو ریوڑ کے ساتھ چرنے نہ جائے ۔

**بنلتھا**

جس مویشی کے چاروں کھُر پیشانی سمیت سفید ہوں ۔

**پکّا / دالدی**

جس جانور کے پورے دانت نمودار ہو چکے ہوں ۔

**پُھلیّ**

مویشی کے ماتھے کا سفید نشان ۔

**جتّ**

جانور کے جسم کے گھنے اور لمبے لمبے بال ۔

**جتلّ**

گھنے اور لمبے لمبے بالوں والا جانور ۔

**چُنگا**

ہانکتے وقت مویشی کے چڈوں میں 'پرانی' چبھونے کا عمل ۔

**چوکھر**

مویشی ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۱ ۔ عام جانور اور ان کے متعلقات

**بدھیلُو**

تھان پر بندھا رہنے والا مویشی جو رہوڑ کے ساتھ چرنے نہ جائے ۔

**بنلتھا**

جس مویشی کے چاروں کھُر پیشانی سمیت سفید ہوں ۔

**پُکّا / دالدی**

جس جانور کے پورے دانت نمودار ہو چکے ہوں ۔

**پُھلّی**

مویشی کے ماتھے کا سفید نشان ۔

**جتّ**

جانور کے جسم کے گھنے اور لمبے لمبے بال ۔

**جتلّ**

گھنے اور لمبے لمبے بالوں والا جانور ۔

**چُنگا**

ہانکتے وقت مویشی کے چڈوں میں 'پرانی' چبھونے کا عمل ۔

**چوکھر**

مویشی ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**چھڑ/پھنڈ**

مویشی کی دم یا پچھلی ٹانگ کی ضرب ۔

**چنوکا**

چار دانتوں والا مویشی (مویشیوں کی عمر کا اندازہ ان کے دانتوں سے لگایا جاتا ہے) ۔

**چھگا**

چھ دانتوں والا مویشی ۔

**دوندا**

دو دانتوں والا مویشی ۔

**ڈھد**

بھینس کا ایک ہی مرتبہ کیا ہوا ڈھیلا سا گوبر ۔

**بھوس**

بھینس کا تازہ گوبر ۔

**بھوسی**

بھوس کی تصغیر ۔

**پیڑا**

مویشی کے پچھلے کھُر باندھنے کا رسّا ۔

**دھلیار**

مویشی کے گلے کا رسا جو تھوتھنی پر بھی باندھ دیتے ہیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۲ - زراعت اور باربرداری کے جانور

**ارلی بَـهنّ**

الھڑ چوپایہ جسے نیا نیا پنجالی میں جوتا جائے۔ ارلیاں توڑ کر بھاگ نکل، بھاگنے والا سرکش بیل۔

**بھوّڈا**

ایسا بیل جس کے سینگ بہت چھوٹے ہوں یا بالکل نہ ہوں۔

**بیشنڈی**

بوجھ زیادہ ہونے کی صورت میں بیل گاڑی کے دو بیلوں کے آگے جوتا ہؤا بھینسا یا بیل۔ ریلو کٹا۔

**جوتـا / جوترا**

ہل کا ایک چکر، پہلی واہی (لاؤنا)۔
کسی کام میں پوری تندہی کے ساتھ مصروف ہونے کی کیفیت۔

**جوتـا لگانا**

موزوں محاورہ ہل چلانا، زمین جوتنا۔ پوری تندہی کے ساتھ کسی کام میں مصروف ہونا۔

**جوگ**

بیلوں کی جوڑی، رہٹ، ہل یا کولہو چلنے کے بدلے میں بیلوں کے جتے رہنے کی مدت۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**جُھلکا**

ایسا بیل جس کے سینگ آگے کی طرف بڑھے ہوئے ہوں ۔

**چھتّا**

چھوٹے سینگوں والا بیل ۔

**دانشد**

ہل وغیرہ چلانے کے قابل بیل ۔

**دواکا / دواگلا**

نہایت طاقتور بیل جس کی ناک میں دو رسّیاں ڈالی جائیں اور اسے آگے پیچھے سے پکڑ کر چلانا پڑے ۔

**دھرُنگا**

کمزور بیل جس کی ہڈیاں نکلی ہوئی ہوں ۔

**ڈبتا / ڈب کھڑبتا**

بڑے بڑے سفید و سیاہ دھبوں والا بیل ۔

**ڈھکا**

چھوٹے قد کا بیل ۔

**کھوپے**

چمڑے کے بنے ہوئے ڈھکنے جو بیل کی آنکھوں پر چڑھائے جاتے ہیں ۔

**کتھولا**

بوڑھا بھینسا جو ناکارہ ہو چکا ہو ، اسے عموماً کسی بوچڑ کے ہاتھ فروخت کر دیا جاتا ہے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ساہن**

افزائش نسل کے لیے پالا ہؤا بیل جسے آزاد چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

**لاکھا**

سیاہ یا گہورے سرخ رنگ کا بیل ۔

**مالی**

نسل کشی کے لیے پالا ہؤا بھینسا ۔

**میہڑی**

اناج گاہنے والا خصوصی بیل ۔

**نہرا**

وہ بیل جس کے دونوں سینگ کہان کی طرح ہوں ۔

# ۳ ۔ دودھ دینے والے جانور

**بسُوری**

بھورے رنگ کی بھینس ۔

**بوسری**

موٹی تازی بھینس (فربہ اندام عورت) ۔

**بھاڑُو**

وہ بھینس جو بچے کے بغیر چارے ہی پر دودھ دے ۔

**پہلن**

پہلی بار بیائی ہوئی گائے بھینس ۔

**بھرڑ / بھنڈر**

ایسی گائے بھینس جو بیانے کے قابل نہ ہو اور دودھ نہ دے ۔ (مجازاً بانجھ عورت) ۔

**ترویل / تروول**

(ترو جانے والی) ایسی گائے بھینس جسے اسقاط کا عارضہ لاحق ہو ، یعنی آسے لگنے کے بعد پھر جائے ۔

**توکڑ**

ایسی گائے بھینس جسے دودھ دیتے سات آٹھ ماہ سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہو ، دودھ دینے کی مدت ختم ہونے کو ہو ، اور باقاعدہ دودھ نہ دے ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**جھوٹی**

دو اڑھائی برس کی جوان بھینس ۔

**چھڑیلی**

چھڑ مارنے یا دولتیاں جھاڑنے والی گائے بھینس ۔

**چُھوہکر**

ایسی گائے بھینس جو دودھ دوہتے وقت بھاگے اور حتی الوسع دودھ نہ دوہنے دے ۔

**دھناپ**

تین برس کی بچھڑی جو جوان سمجھی جاتی ہے ، نیز پہلی بار بیانے کے قابل ۔

**دھینوُ**

ترش دودھ دینے والی گائے بھینس ۔

**دھرلی**

بہترین ددھیل گائے بھینس ۔

**ڈھیلی**

وہ بھینس جس کے سینگ نیچے کی طرف لٹکے ہوئے ہوں ۔

**سَجر / سَجر سُو**

تازہ تازہ بیائی ہوئی گائے بھینس ۔

**سُو**

گائے بھینس کے بیانے کی کیفیت یا مدت ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

### سُوآ

گائے بھینس کے بیانے کی کیفیت یا مدت ۔

### کیڑتھنی

گائے بھینس کی ایک قسم ، جس کے تھن سخت ہوتے ہیں ، دودھ دوہتے وقت اسے بہت تکلیف ہوتی ہے ، دوہنے والے کو بھی کافی زور لگانا پڑتا ہے ۔ اس کا دودھ بڑا روغن دار ہونے کی وجہ سے بہت مشہور ہے ۔

### کھانگڑ

بھینس جس کا دودھ دینے کا زمانہ ختم ہو رہا ہو ۔ اس کا دودھ بہت گاڑھا ہوتا ہے اور بڑی رغبت سے استعمال کیا جاتا ہے ۔

### کھنٹڑ

ایسی گائے بھینس جو آسانی سے دودھ دوہنے نہ دے ۔

### کھولیؔ

بھینس ۔

### گوکا / گاوا

گائے سے متعلق ، گائے کا (جیسے گوکا دُدھ) ۔

### لویرا

مطلق طور پر دودھ دینے والا مویشی ، گائے بھینس وغیرہ ۔ (گنے کی پہلی فصل ۔ دوسری فصل کو موہڈا کہتے ہیں) ۔

### لویری

دودھ دینے والی ، گائے بھینس وغیرہ کی صفت ہے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ماجھا**

بھینس (مجھ) سے متعلق ، بھینس کا (جیسے ماجھا دُدھ) ۔

**ماجھی / ماہی**

**مہاگ / مہیر / مہینوال**

بھینس چرانے والا ۔ مجازاً محبوب ، رانجھا ۔

**میئنی**

ایک قسم کی بھینس جس کے سینگ کانوں کی طرف مڑے ہوئے ہیں ۔

**مشتو**

ایسی گائے جو آسانی سے دودھ دوہنے نہ دے ۔

**میُہرو**

بھینسوں کی نسل کا عام نام ۔

**پرورھیائی**

ہر سال بچہ دینے والی گائے بھینس ۔

**پرہال / پرہار**

آوارہ گائے بھینس جسے ہر کوئی دوہ لے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۴ ـ جانوروں کے بچے

**بکروٹ / بکروٹا**

بکری کا جوان بچہ ۔

**باسُونگا / بلونگڑا**

بلی کا بچہ ۔

**بوتا**

اُونٹ کا بچہ (مؤنث بوتی) ۔

**بوٹ**

پرندے کا ننھا سا بچہ ، جو ابھی اُڑنے کے قابل نہ ہوا ہو ۔

**بھڈوُرا**

بھیڑ کا طاقتور بچہ (عام بچہ لیلا کہلاتا ہے) ۔

**پٹھیا**

چھوٹی بکری جو ابھی دودھ نہیں دیتی ۔

**پٹھور**

جوان بکری ، مجازاً نوخیز دوشیزہ ۔ جوان مرغی ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**بتھورا / بتھوری**

مرغی کا بچہ ، جوان مرد یا عورت ۔

**بھارُو**

بھیڑ کا چھوٹا سا بچہ ، گلے میں سے ایک بھیڑ یا بکری ۔

**توڈا**

ایک برس کا اونٹ کا بچہ ۔

**جھوٹا**

بھینس کا جوان نر بچہ ، مجازاً موٹا آدمی ۔

**جھوٹی**

بھینس کا مادہ جوان بچہ ، مجازاً موٹی عورت ۔

**چڑُونگا**

پرندوں کے ننھے ننھے بچے ، مجازاً چھوٹے چھوٹے بچے بالے

**چھیلا**

ایک سال سے زیادہ عمر کا بکری کا بچہ ۔

**ڈاچی**

جوان اور تیز رفتار اونٹنی ۔

**کٹا**

بھینس کا چھوٹا سا نر بچہ (مؤنث کٹی) ۔

**کتوُرا / کتونگڑا**

کتے کا چھوٹا سا بچہ ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## لیکھ

جوں کا انڈا۔

## لیلا

بھیڑ کا چھوٹا سا نر بچہ (مؤنث لیلی)۔

## میمنا

بکری کا چھوٹا سا نر بچہ (مؤنث میمنی)۔

## وہڑا / وہڑکا / وچھا

ایک سال سے تین سال تک کا گائے کا بچھڑا۔

## وہڑ / وہڑی

جوان گائے۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۵ ـ مویشیوں کے امراض

## بھکڑا

مویشیوں خصوصاً بیلوں کا ایک مرض جس میں وہ چلتے چلتے بیٹھ جاتے ہیں۔ بھکڑے کا مریض ناکارہ سمجھا جاتا ہے۔

## بھکل

وہ مویشی جو چلتے چلتے بیٹھ جائے، بھکڑے کا مریض۔

## پان/ پانا روگ

خارش کی ایک قسم ہے جس میں سارا جسم گل جاتا ہے۔ یہ مرض عموماً کتوں کو لاحق ہوتا ہے۔

## تروآ

چوپائے کا حمل ساقط ہو جانے کا مرض۔

## تھن پاکا

مویشیوں کے تھن اس مرض کے باعث متورّم ہو کر پھٹ جاتے ہیں اور ان میں سے پیپ جیسا پانی رسنے لگتا ہے۔

## ٹاکُو

گرم سرد ہو جانے سے پیدا ہونے والا حیوانی مرض، جس کے باعث دوران خون میں کمی واقع ہونے سے مریض جانور کے لیے چلنا پھرنا دوبھر ہو جاتا ہے۔ علاج کے طور پر کانوں کے سرے کاٹ دیتے ہیں جن سے فاسد خون بہہ



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

نکلتا ہے اور جانور تندرست ہو جاتا ہے ۔

## بھڑکی

بھیڑ بکریوں کا ایک مہلک مرض جو اچانک حملہ کرتا ہے ۔ اس کا شکار ہونے والی بھیڑ بکری ایک چیخ کے ساتھ بھڑک بھڑک کر دم توڑ دیتی ہے ۔

## چُھڑکنا

مویشی کو اسہال لگنا ۔ قبض کا ٹوٹنا ۔

## کنتھ

چارپائے کی گردن کا زخم جو جوئے یا پنجالی کے باعث پڑ جاتا ہے ۔

## گڑی

مویشی کے بازو یا پشت پر نمودار ہونے والا ایک خطرناک پھوڑا ۔

## گل گھوٹو

خناق کی ایک حیوانی قسم ، جس میں مویشی کو رک رک کر سانس آتا ہے ۔

## موک

مویشی کا اسہال ۔

## مُہاڑا / موہکھُر

مویشی کے کھُر سُوج کر پھٹ جانے اور منہ متورم ہونے کا مرض ۔ اس میں چلنا پھرنا دشوار ہونے کے علاوہ چارہ بھی چھوٹ جاتا ہے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# لسانیات

۱ - پنجابی مصادر
۲ - اسمائے صوت
۳ - اسمائے جمع

Academy of the Punjab in North America - APNA:  http://www.apnaorg.com

# ۱- پنجابی مصادر

**آ گرنا**

گنے کی فصل زیادہ پک جانے کی وجہ سے (سرکنڈے کی مانند) پھول نکل آنا ۔

**ابُوتھنا**

نعل بندی کے لیے چوپائے کے چاروں کھُر باندھ کر یوں گرانا کہ اس کی تھوتھنی آسمان کی طرف اٹھی رہے ۔

**اُبھاسرنا**

دوسروں کے سامنے دل کا حال کھول کر بیان کرنا یا اپنے دکھ درد کا اظہار کرنا ۔

**اٹیرنا**

سوت کو اٹیرن پر لپیٹ کر انٹیاں بنانا ، چالاکی کے ساتھ کسی سے کوئی چیز ہتھیا لینا ۔

**اُدھالنا**

اغوا کرنا ، کسی عورت کو بھگا لے جانا ۔

**اُدھلنا**

اغوا ہونا ، عورت کا اپنے خاوند اور لواحقین کو چھوڑ کر آشنا کے ساتھ بھاگ جانا ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA:  http://www.apnaorg.com

**اریڑنا**

رہٹ کی ماہل کو اریڑیاں لگانا ۔

**آڑانا/آرڑانا**

بھینس کا اونچی آواز کے ساتھ بولنا ۔

**اڑنگنا/اڑینگنا**

گائے بھینس کا اونچی آواز کے ساتھ بولنا ۔ اڑانا ۔

**اُڑبنا**

چھید کر کے پرونا ، کسی چیز کی نوک کے ساتھ اٹکا کر اٹھانا ۔

**اُکترنا/اُکیرنا**

کھود کر نقش و نگار بنانا ، کندہ کرنا ، گیلی تختی پر خشک قلم کے ساتھ لکھنا (بچوں کو لکھائی کی مشق کرانے کے لیے) ۔

**اُکتلنا**

جڑوں کو دیمک لگ جانے کی وجہ سے فصل سوکھ جانا ، زمین کے مرطوب ہونے یا تیز ہوا کے چلنے کے باعث مکئی کے پودوں کی جڑیں زمین سے باہر نکل آنا ۔

**اُگراہنا**

قرض دی ہوئی یا لگان اور محصول کی رقم وصول کرنا ۔

**اُگترنا**

اُگراہی ہونا ، رقم وصول ہونا ۔

**اُگھاڑنا/اُگھیڑنا**

آنکھ کھولنا ، نیند سے بیدار ہونا ، رنگ کو شوخ اور نمایاں کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**اُگھٹرنا**

کسی کو مارنے کے لیے مکا یا لاٹھی اوپر کو اٹھانا ۔

**اُگھڑنا**

نیند سے آنکھ کھلنا ، رنگ شوخ اور نمایاں ہونا ۔

**اُگَلنا**

چپکی ہوئی چیز کا نمی کے باعث نرم ہو کر چھوٹ جانا ۔

**اُگَمنا**

اوپر کو اٹھنا ، جامے سے باہر ہونا ۔

**اُلارنا**

ایک طرف دباؤ یا بوجھ ڈال کر جھکانا ، کھنڈو کو اوپر کی طرف اچھالنا ، کسی کو مارنے کے لیے ڈانگ کو سر سے اوپر اٹھا کر پیچھے کی طرف جھکنا ۔

**اُلتھنا**

تہ و بالا کرنا ، اتھل پتھل کرنا ، ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنا ۔

**اُلَرنا**

فصل کا پک کر اونچا ہونا ، گاڑی کا بوجھ کی زیادتی کے باعث پیچھے کی طرف جھکنا ۔

**اُلھڑنا**

کپڑے کے کناروں پر ہاتھ سے ترچھی سلائی (اُلھڑی) کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## اٹھنا (اشھنا)

رگڑ لگنے سے جسم کا کوئی حصہ پک جانا یا متورّم ہو جانا ۔ بوجھ تلے آنے یا دباؤ پڑنے سے کسی عضو میں درد ہونا ۔

## اوڑنا

بارش نہ ہونے کی وجہ سے فصل سوکھ جانا ، خشک سالی کے باعث چری کا زہریلا ہو جانا (اسے کھانے سے مویشی اپھارے میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو جاتے ہیں) ۔

## بِسُتھلنا

دودھ جم کر دہی بن جانا ، پسینے سے تر ہونا ۔

## بِھلنا

مشین میں کوئی نقص پیدا ہو جانا ۔ کوئی پرزہ خراب ہو جانا ۔

## بُرڑانا/ بُڑانا

نیند میں باتیں کرنا ۔

## برورنا

(دیکھو بھکنا) دھوڑنا ۔

## بڑھکنا

(بڑھکاں مارنا) اپنی تعلّی بیان کرنا ۔

## بتکلنا

پھل کا بد ذائقہ ہو جانا ، پیاس سے بدحواس ہونا ۔

## بِلٹنا

بگڑ جانا ، ناراض ہو جانا ، باغی یا سرکش ہو جانا ۔ مُکر جانا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**بسلولدھرنا**

بلی کی طرح ناخنوں کے ساتھ خراشنا ۔

**بنگارنا**

حریف کو للکار کر مقابلے کی دعوت دینا ۔ ونگارنا ۔

**بُوتھنا**

ٹھونس ٹھونس کر بھرنا ۔

**بُوسرنا**

(بھینس کی طرح) موٹا تازہ ہونا ، فربہ اندام ہونا ۔

**بولشدلنا/بھوندنا**

بد حواس ہو جانا ، ہوش و حواس گم ہونا ۔

**بو پڑنا**

مدد کے لیے پہنچنا ، فریاد رسی کرنا ، دشمن سے بچانے یا دکھ سے نجات دلانے کے لیے عین وقت پر پہنچنا ۔

**بُھبلا کھنا**

بینگن وغیرہ کو بھرتا بنانے کے لیے بھوبل میں دبا کر بھوننا ۔

**بھرنا**

چُورا چُورا ہونا ، ریزہ ریزہ ہونا ۔

**بھرُونا**

درخت کی شاخ کو ہاتھ میں پکڑ کر اس طرح کھینچنا کہ سارے پتے ہاتھ میں رہ جائیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**بھڑاسنا**

تپی ہوئی زمین پر پانی پڑنے سے زمین کا اپنی اندرونی حرارت چھوڑنا ۔

**بُھڑکنا**

اُوپر کو اُچھلنا (جیسے پانی میں مچھلی یا بھونتے وقت کڑاہی میں دانے) ۔

**بھکرولنا**

خاک آلودہ کرنا ، کسی چیز پر خاک ڈالنا ۔

**بُھکنّا**

کوئی پِسی ہوئی چیز چٹکی میں لے کر ہلکی ہلکی چھڑکنا (جیسے زخم پر دوا یا سالن پر نمک) بروُرنا ، دھوڑنا ۔

**بھکھلانا**

معمولی بخار کے باعث جسم کا تھوڑا تھوڑا گرم ہونا ، ہلکی ہلکی حرارت ہونا ۔ تیز بخار یا نیند کی حالت میں واہی تباہی بکنا ۔

**بُھوترنا/ بُھوتنا**

بھوتوں کی سی حرکات کا مظاہرہ کرنا ، خر مستی کرنا ۔

**بھورنا**

کسی چیز کو ہاتھ سے مسل کر ریزہ ریزہ کرنا ، مکئی کے بُھٹوں کے دانے ادھیڑنا ۔

**بُھورنا**

چاند کا طلوع ہونے کے قریب ہونا ، چاندکے طلوع ہونے سے پہلے افق پر مدّھم سی روشنی نمودار ہونا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**بھوسرنا**

غرور یا غصے کے باعث پھول جانا ۔

**بَھونا**

چکر کھانا ، گردش کرنا ، آوارہ پھرنا ۔

**بیڑنا**

سواری کے جانور پر کاٹھی یا پالان رکھنا ، سفر کی تیاری کرنا ، کہاد بیلنے کا بیلنا یا رہٹ لگانا ۔

**پتیانا**

تسلّی دینا ، باتوں باتوں میں راضی کر لینا ۔

**پچھنا**

پچھنے (یا پچھنے) لگانا ، خون لینے کے لیے استرے سے گودنا ۔

**پھنڈنا**

دولتیاں جھاڑنا ، جانوروں کا پچھلی ٹانگیں اٹھا اٹھا کر مارنا ۔

**پدانا**

کھیلوں کی اصطلاح میں جس کے سر بازی ہو اسے خوب دوڑانا ۔ بھگا بھگا کر تھکا دینا ۔ بری طرح شکست دینا ۔

**پرسنجنا**

پسینہ آ جانا ۔

**پرٹھنا / پرچھنا**

دعوت کے موقع پر دیگوں سے کھانا نکال کر مہمانوں کی خاطر تھالیوں میں ڈالنا ۔ کھانا تقسیم کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**پشمانا**

دوہتے وقت شیردار جانور کے تھنوں کو ہاتھوں سے آہستہ آہستہ چھُو کر دودھ اُتارنا ۔ کسی کو کچھ دینے پر آمادہ کر لینا ۔

**پَسمنا**

ددھیل جانور کا اپنے تھنوں میں دودھ اُتارنا ۔

**پُگنا**

پورا ہونا ، کھلاڑی کا داؤ کو ہاتھ لگا دینا ، فرد کا اپنے آخری خانے میں پہنچ جانا ۔

**پلوسنا**

آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا ۔

**پُنگرنا**

کونپلیں پھوٹنا ۔ پنیری کا اگنا (اُنگرنا) ۔

**پُننا**

بُرا بھلا کہنا ۔ فحش گالیاں دینا ، نیز کپڑا رفو کرنا ۔

**پِنّنا**

خیرات مانگنا ۔ بھیک مانگنا ۔

**پوتنا/پوچنا**

مٹی بھگو کر کپڑے کے ذریعے دیوار یا چولہے کی لپائی کرنا ۔

**پھتّھرنا**

ہرا بھرا ہونا ۔ فصل کا سر سبز ہونا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**پھپھٹیانا**

پھوڑے کا پک کر نرم ہو جانا زمین کی سطح کا بارش سے نرم ہو کر پھول جانا ۔

**پَھٹنا**

زخم (پَھٹ) لگانا ، (تلوار وغیرہ سے) زخمی کرنا ۔

**پِھٹنا**

دودھ بگڑ جانا ۔ غرور و تکبّر سے مست ہو جانا ۔

**پُھرنا**

دل میں کوئی خیال گزرنا ۔ ذہن میں کوئی بات آنا ، یاد آنا ۔ منتر کا کامیاب ہونا ۔

**پھرولنا / پھولنا**

کسی چیز سے ٹوہ کر تلاش کرنا ۔

**پُھلکنا**

کپڑا دھو کر ہلکا کرنا ۔ کوئی چیز منہ میں ڈال کر پھونک کے ساتھ اڑانا ۔

**پُھنڈنا**

نشانہ لگانا ۔

**پَھنڈنا**

مونجی کو پرالی سے پکڑ کر لکڑی وغیرہ پر مار مار کر سٹوں سے دانے الگ کرنا ۔

**پِھچنا**

گرہ کا بہت سخت ہونا ۔ کس کر باندھنا ۔ تیز کیارے کا پانی سے بھر جانا ،

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

سیراب ہونا ۔

**تاڑنا**

بند کر دینا (جیسے مرغیوں کو کھڈے میں) ۔

**تانگھنا**

آرزو کرنا ، دیوانہ وار چاہنا یا انتظار کرنا ۔

**تاہنا**

باہر نکال دینا (تراہنا) ۔

**تبھکنا**

ڈر کر دفعتاً کانپ اٹھنا ، خوف سے لرز جانا (تربھکنا) ۔

**تراہنا**

باہر نکال دینا (تاہنا) ۔

**تربھکنا**

اچانک ڈر جانا ، دہشت زدہ ہو جانا (تبھکنا) ۔

**ترُنڈنا**

پھل پھول توڑنا ۔

**ترُونا/ تُونا**

گائے بھینس کا آسے لگنے کے بعد پھر جانا ۔ حمل ساقط ہو جانا ۔

**ترولکنا**

چُلیوں سے ہلکا ہلکا چھڑکاؤ کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**تِیڑکنا**

بال آنا ، ٹوٹ جانا ، روٹھ جانا ۔

**تڑنا**

بند ہونا ۔

**تِڑنا**

سوکھ کر پھٹ جانا ، خشک ہو کر ٹوٹ جانا ، بال آنا ۔

**تِھڑکنا**

کسی عضو کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ، بولنے میں اٹکنا ، لغزش کرنا ، قائم نہ رہنا ۔

**تِھڑنا**

مثل ہے :

لنڈ جیہا بھانڈا نہیں جے رڑھے ناں ۔
جٹ جیہا راٹھ نہیں جے تھڑے ناں

**تھاپڑنا**

دونوں ہاتھوں سے پیٹنا ، دوہتڑیں مارنا ، بچے کو سلانے کے لیے آہستہ آہستہ تھپکنا ۔

**ٹکانا**

آرام سے رکھ دینا ، آباد کرنا ۔

**ٹکرنا**

اچانک مل جانا ، آمنا سامنا ہونا ، انتقام لینا ، مقابلہ کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ٹُکنا**

کوئی چیز تھوڑی سی کاٹ لینا ، روٹی پکانے کے لیے آٹے کے پیڑے بنانا ، گنے کو کاٹ کر ستے بنانا ۔

**ٹُنگنا**

کپڑے کو اوپر کھینچ کر اٹکا لینا ، تہبند کا پلّو ڈاب میں پھنسا لینا (اُڑنگنا) ۔

**ٹُمبنا**

سلائی سے چراغ کی بتّی کو اُکسانا ۔

**ٹونکنا**

کتّے کے پلّے (کتورے) کا بولنا ۔

**ٹھارنا**

ٹھنڈا کرنا ۔ سردی کے مارے سُنّ اور بے حس کر دینا ۔

**ٹھاکنا**

سختی سے منع کرنا ، کسی کام سے باز رکھنا ، شادی وغیرہ کے موقع پر کھانے کی دعوت دینا ۔

**ٹھپنا**

کتاب وغیرہ بند کرنا ۔

**ٹھرکنا**

ٹھوکر لگنے سے برتن میں بال آ جانا ۔

**ٹھسنا**

کسی عضو کے جوڑ کا ضرب کھا جانا ۔ چوٹ لگنے کے باعث اُنگلیوں میں کام کرنے کی سکت نہ رہنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ٹہکنا**

سر سبز ہونا ، پھول کی طرح کھیل جانا ، بیماری سے افاقہ ہونا ۔

**ٹہلتّھنا**

پانی میں کود پڑنا ۔ تیرنا ۔

**ٹھنگورنا/ٹھونگنا**

کسی چیز کا مغز نکال کر کھانا ، تھوڑا تھوڑا کھانا ، چھولیا ٹھونگنا ۔

**ٹھورنا**

انڈے کو ہلکی سی ٹھوکر لگانا ، حسرت و افسوس کے اظہار کے لیے ماتھے پر انگلیاں مارنا ، برتن کو بجا کر پرکھنا ۔

**ٹھہکنا**

شیشے یا چینی کے برتن کو ٹھوکر لگنا ، ٹوٹ جانا ۔

**ٹھپکنا**

ٹھپّے کی مدد سے کپڑے پر بیل بوٹے چھاپنا ۔

**ٹھیلھنا**

کشتی کو دریا میں ڈال دینا ۔

**ٹیرنا**

بچے کا روتے وقت ہونٹ نیچے لٹکانا (بلھ ٹیرنا) ۔

**جالنا**

برداشت کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**جُلھکنا**

آہستہ آہستہ لیکن لگاتار روتے جانا ۔

**جُوڑنا**

بالوں کو لپیٹ کر گرہ لگانا ، جوڑا بنانا ، مشکیں باندھنا ۔

**جوہنا**

کسی کو ٹٹول کر دیکھنا ۔

**جَھبلنا**

مکھن نکالنے کے لیے چاٹی میں ہاتھ ڈال کر ہلانا ۔

**جُھرنا/جُھورنا**

غم کھانا ۔ گھل گھل کر مرنا ۔ تفکرات کے باعث ضعیف ہو جانا ۔ دل میں کڑھنا ۔

**جھرٹینا**

جلدی جلدی اور بے احتیاطی کے ساتھ لکھنا ۔

**جَھشمبنا**

کپاس کو تُوت کی چھڑی (جھشمبی) مار مار کر صاف کرنا ۔ نیز مارنا ، پیٹنا ۔

**جَھتسنا**

سر یا جسم کے کسی حصے پر تیل لگا کر ہتھیلی سے آہستہ آہستہ مالش کرنا ، تیل رچانا ۔

**جھونا**

(کوئی کام) شروع کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**جَھونا**

سوکھ جانا ، کمزور ہو جانا ۔

**چاسلنا**

ضد کرنا ، شوخی یا گستاخی کرنا ۔

**چِپّنا**

پٹ سن کے ریشے یا رسّی کو پانی میں بھگو کر کوٹ کوٹ کر صاف کرنا ۔

**چترنا**

تصویر کشی کرنا ، تصویر بنانا ۔

**چرونڈنا**

دانتوں کے ساتھ ہڈی سے گوشت نوچ نوچ کر کھانا ۔ مکئی کے ابلے ہوئے نرم بھٹے کو دانتوں سے کھانا ۔

**چگلنا**

کھانے کی چیز کو منہ میں ڈال کر پھولنا ، جھوٹا کرنا ۔

**چُنگھانا**

بچّے کے منہ میں پستان دے کر دودھ پلانا ۔

**چُنگھنا**

بچے کا تھن منہ میں لے کر دودھ پینا ۔

**چنڈانا**

اوزار (کسی ، رنبہ وغیرہ) کی دھار تیز کرانا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**چنڈنا**

اوزار کی دھار ہتھوڑی سے کوٹ کوٹ کر تیز کرنا ۔

**چُوپنا**

گنے ، گنڈیری وغیرہ کو دانتوں سے چبا چبا کر رس چوسنا ۔

**چُونڈنا**

دیکھو چرونڈنا ۔

**چھانگنا**

درخت کی شاخیں کاٹنا ۔

**چھتنا**

چھت" ڈالنا ، مکان تعمیر کرنا ۔

**چھٹنا**

اناج کو چھاج میں ڈال کر پھٹکنا ، دھوبیوں کا کپڑے کو پٹرے پر مار مار کر دھونا ۔ نیز بدنام کرنا ۔

**چھنڈنا**

روٹی پکانے وقت آٹے کے پیڑے کو دونوں ہاتھوں کی مسلسل ضربوں سے پھیلانا ۔ گیلے بالوں کو جھٹکنا ، جھاڑ کر صاف کرنا ۔

**چھیڑنا**

مویشیوں کو چرانے کے لیے باہر لے کر جانا ۔

**چھیکنا**

برادری سے خارج کرنا ، مقاطعہ کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ڈاہڈرنا/دادھڑنا**

بڑی بیدلی سے کھانا ، بغیر چبائے کھانا ۔

**دبلٹنا**

بے جا استعمال کرنا ۔

**دبیڑنا**

بوجھ تلے دبانا ، برابر دباتے چلے جانا ، حد سے زیادہ دباؤ ڈالنا ۔ پیچھے دھکیلنا ۔

**درڑنا/دریڑنا**

موٹا پیسنا ۔

**دُھانا**

مشہور کر دینا ، دھوم مچانا ۔

**دُھمّنا**

عالم میں مشہور ہو جانا ، دھوم مچنا ، طلوع آفتاب کے وقت آسمان پر سرخی پھیل جانا ۔

**ڈھوالکھنا**

دھوئیں سے متاثر یا بد ذائقہ ہونا ۔

**ڈاہنا**

مویشیوں کو پانی پلانا ، چارپائی زمین پر ڈالنا ۔ کسی کام میں لگانا ، بہلانا ۔

**ڈہنا**

پوری تندہی کے ساتھ کام میں منہمک ہونا ۔ کوئی کام شروع کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

چارپائی زمین پر ڈالی جاتا ۔

**ڈکّنا**

منع کرنا ، روک دینا ، بند کرنا ۔

**ڈِکّنا**

کھیلوں کی اصطلاح میں ڈِک ڈو ڈو کے طریقے سے کھلاڑیوں کو دو گروہوں میں تقسیم کرنا ۔

**ڈلھکنا**

موتی کی طرح چمکنا ، جگمگ جگمگ کرنا ۔

**ڈُلھنّا**

کسی پر دل و جان سے فریفتہ ہونا ، دیوانہ وار چاہنا ۔ لٹّو ہونا ، نیز گِر جانا ۔

**ڈنّھنا (مَتھنا)**

بادل ناخواستہ کسی کو کوئی چیز دینا تاکہ وہ چیز نظر بد سے محفوظ رہے ۔

**ڈُنگنا**

فصل کے پکے ہوئے خوشوں کو درانتی سے کاٹ لینا ۔

**ڈولنا**

خاکہ کھینچنا ، سکیم تیار کرنا ۔

**ڈھانا**

کشتی میں حریف پہلوان کو چاروں شانے چت گرانا ۔ مسمار اور منہدم کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ڈھٹھنا**

کشتی میں پہلوان کا چت گرنا ، ہار جانا ، مسمار اور منہدم ہونا ۔

**ڈھکنا**

برات کا دلہن کے گھر پہنچنا ، بیاہنے کے لیے جانا ۔ نیز گائے بھینس کا بیانے کے قریب ہونا ۔

**ڈھنگنا**

کسی چوپائے کو لمبی رسی سے باندھ کر کھیت میں چھوڑ دینا تاکہ وہ آسانی سے چرے لیکن بھاگ نہ سکے ۔ نیز ایک جانور کو دوسرے جانور کے ساتھ باندھنا ۔

**ڈھونا**

دروازہ بند کرنا ، بوجھ اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ۔

**ڈیشبرنا**

حیران ہو جانا ، گھبرا جانا ۔

**راڑھنا**

روٹی کو پکا کر سرخی مائل اور سخت کرنا ۔

**راہنا**

لوہے کے نوکدار آلے سے چکی کے پڑ کو کھردرا کرنا ۔

**رجانا**

پیٹ بھر کر کھلانا ، سیر کرنا ۔

**رجنا**

پیٹ بھر کر کھانا پینا ، سیر ہونا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**رُجھنا**

مصروف ہونا ، کسی کام میں لگنا ۔

**رِجھنا**

آگ پر پکنا (ہانڈی ، دال وغیرہ) دل ہی دل میں کڑھنا ۔

**رَڑھنا**

روٹی کا پک کر سرخ اور خستہ ہو جانا ۔

**رڑھنا**

بچوں کا گھٹنوں کے بل چلنا ۔

**رُلّھنا**

مصروف کرنا ، کام میں لگانا ۔

**رِلھنا**

(ہانڈی یا دال بھاجی) پکانا ۔

**سِجلنا**

نمی سے خراب ہونا ، چپ چپ کرنا (جیسے برسات میں زخم پر پٹی باندھنے سے جلد سیجّل جاتی ہے) ۔

**سِجھنا**

بدلہ لینا ، انتقام لینا ۔

**سدھرانا**

آرزو کرنا ۔

**سُرلانا**

سرکنا ، رینگنا (جیسے جسم پر چیونٹی چلتی ہے) ، سستی اور لاپروائی سے

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

کام کرنا ۔

**سرنا**

توفیق یا استطاعت ہونا ، پیٹ سے ہوا خارج ہونا ۔

**سُڑھکنا**

دودھ یا گرم چائے کی چسکیوں کے ساتھ پینا ۔ سُڑ سُڑ کی آواز کے ساتھ پینا ۔

**سُڑھنا**

خشک ہونا ، پکتی ہوئی ہانڈی یا اُبلتے ہوئے دودھ میں سے پانی سوکھ جانا ، نیز بھوک کے مارے پیٹ میں گڑبڑ ہونا ۔

**سِکنا**

آتش شوق میں جلنا ، محبوب کو چاہنا ، سکھنا ، سیکھنا ، سکھاؤنا ، سکھانا ۔

**سُکھانا**

مؤثر ہونا ، طبیعت کے موافق ہونا ۔

**سُکھنا**

منّت ماننا ، مراد پوری ہونے پر نذر چڑھانا ۔

**سَلنْگڑنا**

دو رسیوں کے سروں کو خاص انداز سے ایک دوسرے کے ساتھ ملانا یا گرہ لگانا ۔ نیز جسم کا اکڑ جانا ۔

**سَلنا**

زخم پر زخم لگانا ، زخمی کرنا ، سوراخ کرنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**تسنگنا**

حجاب کرنا ، ہلکی ہلکی شرم محسوس کرنا ، آداب ملحوظ رکھ کر جھجکنا ۔

**سِتّنھنا**

شست باندھنا ، نشانہ لگانا ۔

**سورنا**

گائے بھینس کا گابھن ہونا ، کام بن جانا ۔

**سُونا**

(جانوروں کا) بچہ جننا ۔

**سہیڑنا**

دلہن کو بیاہ کر لانا ، نیز خواہ مخواہ دکھ یا مصیبت مول لینا ۔

**سیپنا**

نائی ، دھوبی ، بڑھئی ، لوہار وغیرہ کی خدمات اس طرح حاصل کرنا کہ چھ ماہ یا سال بھر کے بعد انہیں نقدی کے بجائے مقررہ مقدار میں غلہ بطور اُجرت دیا جائے گا ۔

**سِیکھنا**

سلائی کے ساتھ چراغ کی بتّی کو اُکسانا ۔

**شُوکرنا شُوکنا**

سانپ یا بھینس کی مانند پھنکارنا ۔

**کُٹھنا**

ذبح کرنا ، مجازاً بری طرح مارنا (کوہنا) ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

### کجھنا

زمین کی پیائش کرنا ، پیداوار کا اندازہ لگانا ۔

### کُسّدھنا

بھاڑ میں خس و خاشاک کو چھڑی (کُسّدھنی) سے ہلا کر آگ تیز کرنا ۔
آگ کو اُکسانا ۔

### کُرنڈنا

سطح زمین کا خشک اور سخت ہو کر پھٹ جانا ۔ بارش سے کھیت کی سطح پر چکنی مٹی کی تہ جم جانا (یہ تہ بیج کے اگنے میں مزاحم ہوتی ہے ، کرنڈ توڑنے کے لیے کھیت میں بھیڑ بکریوں کا گلہ چھوڑ دیتے ہیں) ۔

### کرچھنا

دانت پیسنا ۔ سخت نفرت کا اظہار کرنا ۔ سوتے میں دانتوں کا پیسنا ۔

### کرولنا

چھڑی وغیرہ کے ساتھ ٹٹولنا ۔

### کڑُکنا

مرغی کا بولنا ۔ دانتوں سے دانے وغیرہ چبانا ۔

### کلُنجنا

کنوئیں یا گڑھے میں سے پانی نکالنا ۔ برتن یا ہاتھوں سے پانی نکال نکال کر باہر پھینکنا ۔

### کلتھنا

زور لگانا (خصوصاً رفع حاجت کے وقت) ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## کُنگڑنا

سخت سردی کے باعث اعضا کا سکڑ جانا ۔

## کوہنا

ذبح کرنا ، مجازاً نہایت بیدردی کے ساتھ مارنا (کُٹھنا)۔

## کھا"بنا

کھبتی دینا ، مویشی کے دونوں جبڑے سر تک باندھ دینا ۔

## کھبڑنا

گلے میں رسا ڈال کر بل دینا ، اپنی بات منوانے کے لیے دباؤ ڈالنا ۔ ناقبہ تنگ کرنا ۔

## کُھٹنا

ختم ہو جانا ۔

## کَھٹنا

نفع حاصل کرنا ۔

## کھدیڑنا

پیچھا کرنا ، باہر نکال دینا ۔

## کھروُنچنا

ناخنوں کے ساتھ چھیلنا ۔

## کُھڑبھنا / کھبیڑنا

بحث و تکرار کرنا ، مسلسل جھگڑنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**کھسنا**

زبردستی چھین لینا ۔

**کھگھنا**

کسی پودے کی چا کلی نکالنا تا کہ اُسے دوسری جگہ لگایا جا سکے ۔

**کھُلنا**

بڑی بے دردی کے ساتھ مارنا ۔

**کھہنا**

ساتھ چھُو کر گزرنا ، آپس میں دشمنی اور پرخاش رکھنا ۔

**کیسرنا**

کانسی یا تانبے کے برتن میں پڑی ہوئی چیز کا کسیلا اور بدمزہ ہو جانا ۔

**کیلنا**

جادو منتر کرنا ، جادو کے زور سے اپنی جگہ سے ہلنے کے قابل نہ چھوڑنا۔

**گا کھنا**

تجربے سے معلوم کرنا ، ہر طرح سے آزمانا ، تجربہ حاصل ہونا ۔

**گٹکنا / گڑُھکنا**

کبوتر کا بولنا ، غٹر غوں غٹر غوں کرنا ، ہنسنا ۔

**گجھنا**

عادی ہو جانا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**گڑھکنا**

ژالہ باری سے قبل بادلوں کا زور سے گرجنا ۔

**گھالنا**

سخت محنت کرنا ، وقت گزارنا ، پگھلانا۔

**گھچولنا**

گدلا کرنا (پانی) ۔

**گھُلنا**

آپس میں گتھم گتھا ہونا ، کشتی لڑنا ۔ نیز حل ہونا ۔

**گھُوکرنا/ گھوکنا**

کسی چیز کا آواز کے ساتھ گھومنا ۔ مشہور عام ہونا ، نیند کے خمار میں ہونا ۔

**لاپرنا**

کسی فصل کو اوپر اوپر سے کاٹنا ۔

**لاچڑنا**

مستی میں آنا (ماچڑنا) ۔

**لاسنا**

جلنے کے باعث (جسم ، کپڑے یا روئی پر) داغ پڑ جانا ۔

**لکیرنا**

گرم درانتی سے پھوڑے کے گرد حلقے کی شکل میں گہرا داغ لگانا تاکہ مرض محدود ہو جائے اور پھیلنے نہ پائے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ماٹھنا**

بہلا پھسلا کر کسی سے کوئی چیز چھین لینا (ٹھگنا) ۔

**ماچڑنا**

دیکھو لاچڑنا ۔

**میتھنا**

فرض کر لینا ۔

**مٹیھرنا**

تیل کو گرم کر کے اس کی جھاگ مارنا (کچھ تلنے سے پہلے)۔

**مُچھنا**

دھوکہ دے کر کسی سے کچھ چھین لینا ۔

**مچھڑنا**

ضد میں آنا ، ضد کرنا ۔

**مدھولنا**

کسی چیز کو ہاتھوں میں مسل کر خراب کر دینا ۔

**مِذکنا/مڑکنا/مِکنا**

کھیل میں ہمجولیوں کے انتخاب کے لیے نام بدل کر آنا تاکہ کھلاڑیوں کا غیر جانبدارانہ انتخاب عمل میں آ سکے ۔

**متولنا**

سر سبز ہونا ، خوش ہونا ، غرور کرنا ، بسنت میں جسم کا بگڑنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**لتّھنا**

چوپائے کی ناک میں رسی (نتّھ) ڈالنا ، نتھّی کرنا ۔

**لتّھنا**

دودھ دینے والے مویشی کا دودھ دینا بند کر دینا ، یا دودھ دینے کی مدت ختم ہو جانا ۔ بھاگنا (نسّنا) ، ذمہ داری چھوڑ کر بھاگ جانا ۔
جھڑا کن لپیٹ کے نس جاوے مکر لگ کے اوسنوں دھتّئے کیوں (وارث شاہ)

**لسرنا**

خوشے نکلنا ، پودے کا نشو و نما پانا ۔

**لکُھٹّنا**

آہستہ آہستہ ختم ہو جانا ۔

**لکّھڑنا**

الگ ہونا ، ممتاز ہونا ۔

**نکھیڑنا**

الگ الگ کرنا ، فرق و امتیاز کرنا ، نفاق ڈالنا ۔

**لگندنا**

رضائی میں روئی بھر کر بڑی سوئی (گھندوئی) کے ساتھ لمبے لمبے ٹانکے لگانا ۔

**لگھارنا**

دلدل میں دھنسانا ، غرق کرنا ، تباہ و برباد کرنا ۔

**لگھرنا**

نیچے ہی نیچے دھنستے جانا ، غرق ہونا ، کمزور ہو جانا ، حوصلہ ہارنا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**لوڑنا/لڑنا**

کس کر باندھنا ، دو بیلوں کو (ہل وغیرہ جوتنے کے لیے) اکٹھا باندھنا ۔

**واہنا**

ہل چلانا ، زمین جوتنا ۔ تانگہ وغیرہ چلانا ۔

**والگنا**

گاڑی کے پہیے کو چربی ، تیل یا صابن وغیرہ لگانا ۔

**وچھانا**

بچھانا ۔ شکست ۔

**وڈھنا**

ریٹ یا کھاد بیلنے کا بیلنا لگانا ۔ کوئی کام شروع کرنا ۔ ریٹ کے 'بھانڈے' چڑھانا ۔

**وڈیانا**

بڑائی کرنا ، مبالغہ آمیز تعریف کرنا ۔

**ورتانا**

کھانا وغیرہ تقسیم کرنا ، موزوں طریقے سے بانٹنا ۔

**ورجنا**

کھانے کی دعوت دینا ، نیز منع کرنا ، روکنا ۔

**وسرنا**

بھول جانا ، یاد سے محو ہو جانا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**وکانا**

بیچنا ۔

**وگاھنا**

پوری طاقت کے ساتھ پھینکنا ۔

**وگلنا/ ولنا**

احاطہ کرنا ۔

**وہاجنا**

غلہ وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا ۔ سامان تیار کرنا ۔

''سفر پیش ای رخت وہاج کڑے''

**وِہڑنا**

سرکش یا باغی ہونا، ناراض ہونا (بلٹنا) ۔

**ہاہڑنا**

مرض 'ہاہڑا' میں مبتلا ہونا ، شدت کی بھوک لگنا ۔

**ہٹکنا**

کسی کو برائی کے ارتکاب سے منع کرنا ، سختی سے روکنا (ہوڑنا) ۔

**ہتڑ نا**

سیلاب (ہڑھ) میں بہ جانا ۔

**ہُلسنا**

خوشبو پھیلنا ۔ مشہور ہونا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**پلُوتنا**

پھل یا پتے جھاڑنے کے لیے درخت کی شاخ پکڑ کر ہلانا ۔

**پُھکنا**

باسی یا بند چیز میں بدبو پیدا ہو جانا ۔

**پنڈھانا**

مسلسل استعمال کرنا ۔

**پنڈھنا**

مسلسل استعمال ہونا ، کپڑے یا جوتے کا چلنا ۔

**پنگھالنا**

کپڑے یا برتن کو دھو کر صاف کرنا ، پانی میں سے نکال کر نچوڑنا ۔

**پسُونجنا**

جھاڑو دینا ، کوڑا کرکٹ صاف کرنا ۔

**پوڑنا**

(دیکھو ہٹکنا) ۔

**پرکانا**

دہشت زدہ کرنا ، مقابلے سے بھگانا ۔

**پرکنا**

سانڈھوں کی لڑائی میں ایک سانڈھ کا گھبرا کر میدان سے بھاگ جانا ۔
دہشت زدہ ہو جانا ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۲ - اسمائے صوت

۱- اڑاٹ/ ۲- اڑاٹا

بھینس کی آواز ، گلا پھاڑ کر رونے کی آواز ۔

بُبتھ/ بُھتب

شیر کے دھاڑنے کی آواز ، دھاڑیں مار کر رونے کی آواز ۔

باگھا

انسان خصوصاً بچے کے منہ پھاڑ کر رونے کی آواز ۔

بڑاٹ

نیند میں بولنے کی آواز ۔

پڑک

چلتے وقت پاؤں کی آہٹ (کیڑ) ۔

بڑالا/ بول بڑالا

(بلارا) بہت سے آدمیوں کے بولنے کی آواز ۔

تاڑ

کبڑنے کی آواز

تاڑ تاڑ

تیز اور گستاخانہ لہجے میں بولنے کی آواز ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**تتا تتا/تت تت**

بیلوں کو ہانکنے کی آواز۔

**توئے توئے**

کتے کو بلانے کی آواز (کُوور کُوور)۔

**چانگ/چانگر**

چیخنے کی آواز۔

**چیک چہاڑا**

چیخ و پکار، رونے دھونے کی آواز۔

**چیلو**

چیل کی آواز۔

**چھیہو**

مویشیوں کو پانی پلانے کی آواز۔

**دُرے دُرے**

کتے کو دھتکارنے کی آواز۔

**دگڑ دگڑ**

زمین پر زور زور سے پاؤں مار کر چلنے کی آواز۔

**دھامبڑ**

زد و کوب کرنے کی آواز۔

**دھاکڑا**

ایک تال پر باہم مل کر پیدا کی ہوئی آوار

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**دھنگڑ**

ڈھول کی بھرپور آواز -

**ڈبکوں ڈبکوں**

پانی میں گھڑے کے ڈوبنے کی آواز -

**ڈیہو**

بھینس کو بلانے کی آواز -

**ساڑ ساڑ**

کوڑے مارنے کی آواز -

**سُڑھکا**

لمبے گھونٹ بھر کر گرم چائے یا دودھ پینے کی آواز -

**شُوک/شُوکر**

آندھی کے چلنے کی آواز ، دریا کے چڑھنے کی آواز ، موسلا دھار بارش کی آواز ، سانپ کی پھُنکار -

**کانواں رَولا/کاکو رَولا**

بہت سے کوّوں کے ایک جگہ اکٹھے ہو کر بولنے کی آواز -

**کاڑ کاڑ**

کوڑے مارنے کی آواز - سوکھے درخت کی شاخوں کے ٹوٹنے کی آواز

**کڑاکا**

ہڈی کے ٹوٹنے کی آواز ، انگلیاں چٹخانے کی آواز -

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**کُڑ کُڑ**

مرغی کی آواز ۔

**کُکڑونکا**

مرغ کی آواز (اذان)

**کوُر کوُر**

کتّے کو بلانے کی آواز ۔ (توُ ے توُ ے)

**کِھڑ کِھڑ**

کھلکھلا کر ہنسنے کی آواز ۔

**کھُوں کھُوں**

بوڑھوں کے کھانسنے کی آواز ۔

**کیڑ**

چلتے وقت زمین پر پاؤں کے پڑنے کی آواز ۔

**چپاکا**

وہ آواز جو کھانا کھاتے وقت منہ سے نکلتی ہے ۔

**سُڑک سُڑک**

دانے چبانے کی آواز ۔

**ہِڑ ہِڑ**

ہنسنے کی آواز ۔

**ہونگا**

درد سے کراہنے کی آواز ۔

**ہیک**

لمبے سُر کے ساتھ گانے کی آواز ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۳ ۔ اسمائے جمع

**اِجڑ**

بھیڑ بکریوں کا گلہ

**بلید/بلیدا**

بیلوں کا گلہ

**بھون**

چیونٹیوں کا

**بِیٹھڑ/بیٹھڑ/وٹھڑ**

مسوڑھوں میں لگے ہوئے دانتوں کی قطار ۔

**پُونگ**

**ترنڈی**

مختلف چوپایوں کا ریوڑ ( جسے عموماً فروخت کے لیے لیجایا جاتا ہے) ۔

**تھبا**

روٹیوں یا کاغذوں کا ۔

**چمبا**

چڑیوں کا جھنڈ ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**چھالا/ چھیلا**

بکریوں کا گلہ ۔

**دتھا**

کتوں کا ۔

**ڈھانی**

لڑکوں کی ٹولی ۔

**کتیر/کتیھڑ**

کتوں کا گروہ جو بھاگتا اور بھونکتا پھرے ۔

**گھیرا**

اُپلوں کا ڈھیر ۔

**مچھیر**

مچھلیوں کا گروہ ، عام طور پر ننھی مچھلیوں کی ٹولی کو کہا جاتا ہے ۔

**مُنڈیر**

لڑکوں کا گروہ ۔

**منگو/منگواڑ**

بھینسوں کا ریوڑ ۔

**مُسہارا**

مکئی یا جری کے ڈانڈوں کا ڈھیر ۔

**سہائن/سہین**

لوگوں کا گروہ ، جماعت ، بہت سارے لوگ ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**سہیں**

بھینسوں کا ریوڑ ۔

**میہڑ**

بیلوں ، بھینسوں ، گدھوں یا گھوڑوں کی جوڑیاں جو چنوں وغیرہ کے بھس کو لتاڑنے کے لیے یکجا کی جاتی ہیں ۔

**مکھیشیر**

مکھیوں کا جمگھٹا ۔

**وچھمڑ/وچھیہڑ**

بچھڑوں کا گلہ ، بہت سے بچھڑے ۔

**وگ**

مویشیوں کا گلہ

**پیڑ**

کتوں کی ، کبوتروں کی ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA:  http://www.apnaorg.com

# تفریحات

۱ - لڑکوں کے کھیل
۲ - لڑکیوں کے کھیل
۳ - مردوں کے کھیل
۴ - کھیلوں کی اصطلاحات
۵ - لوک گیت
۶ - لوک ناچ

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۱ - لڑکوں کے کھیل

## اٹ کھڑ کتا

اس کھیل میں دو فریق ہوتے ہیں ۔ ایک فریق کے کھلاڑی گھوڑے بن کر دائرے کی شکل میں کھڑے ہو جاتے ہیں اور دوسرے ان پر سوار ہوتے ہیں ۔ سوار آگے کی طرف جھک کر اپنے دونوں ہاتھوں سے گھوڑوں کی آنکھیں بند کر دیتے ہیں ، ایک سوار اپنے سردار کے حکم سے گھوڑے سے اتر کر دبے پاؤں جاتا اور دائرے میں رکھی ہوئی دو اینٹوں کو آپس میں ٹکرا کر واپس لوٹ آتا ہے ۔ سردار اپنے گھوڑے سے اینٹیں بجانے والے کا نام پوچھتا ہے ۔ اگر وہ ٹھیک بتا دے تو گھوڑے سوار اور سوار گھوڑے بن جاتے ہیں ، ورنہ سب سوار اتر کر اپنے دائیں طرف کے گھوڑوں پر چڑھ جاتے ہیں اور کھیل پھر شروع ہوتا ہے ، یہ چکر اسی طرح جاری رہتا ہے ۔

ہر وقت کے لڑائی جھگڑے اور بحث و تکرار کو بھی "اٹ" کھڑک" کہتے ہیں ۔

## اٹ کھڑ کا لگنا یا لگانا

(موزوں محاورے ہیں) ۔

## اٹو روڑا

اس میں صرف دو کھلاڑی ہوتے ہیں جو باری باری اینٹ پھینک کر ایک دوسرے کی اینٹ کا نشانہ لیتے ہیں ۔ جس کی اینٹ پر نشانہ لگے وہ گھوڑا بنتا ہے اور دوسرے کھلاڑی کو اپنی پیٹھ پر اٹھا کر اینٹ والے مقام تک لے جاتا ہے ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## اُتو بوجی

کھدو یا گیند کو پوری طاقت کے ساتھ آسمان کی طرف پھینک کر زمین پر گرنے سے پہلے فضا میں دبوچ لینا ۔ بچوں کی دل پسند کھیل ہے ۔ اسے "اُل بوجی یا تارا بوجی" بھی کہتے ہیں ۔

## اُچا لِبا

کسی چبوترے یا اونچے مقام کو "لبا" قرار دیتے ہیں ۔ کھلاڑی اس کے اردگرد منڈلاتے ہیں ۔ چھوتی ان کو چھونے کی کوشش کرتا ہے ۔ جو کھلاڑی ٹیے پر چڑھنے میں کامیاب ہو جائے ۔ وہ چھوتی کی زد سے محفوظ ہو جاتا ہے ۔

## ٹلوا ٹلوی

اس کھیل میں ایک منصف ہوتا ہے جو فریقین کے ایک ایک کھلاڑی سے پوچھتا ہے کہ کس گھر میں اتنے ٹلوے اور اتنی ٹلویاں (یعنی مذکر اور مؤنث افراد) ہیں ؟ جو کھلاڑی ٹھیک جواب دے وہ سوار اور دوسرا گھوڑا بنتا ہے ۔ گھوڑا ، سوار کو پیٹھ پر اٹھا کر اس گھر تک لے جاتا ہے ۔ سوار گھر والوں سے پوچھتا ہے ۔ "پیٹھلی آئے یا سوار و سوار" ؟ (یعنی سوار گھوڑے اور گھوڑے ، سوار بن جائیں یا جوں کے توں رہیں) ۔ گھر والوں کا فیصلہ قطعی ہوتا ہے ۔ اگر وہ "سوار و سوار" کہہ دیں تو گھوڑے کو دوبارہ اپنے سوار کو اٹھا کر دائی تک واپس لانا پڑتا ہے ۔ لیکن گھر والے عموماً "پیٹھلی آئے" کہہ کر اپنی انصاف پسندی کا ثبوت دیتے ہیں ۔

دنیا بازیچۂ اطفال ہی تو ہے ، زندگی ٹلوے ٹلوی کا کھیل ہے جس میں حالات ہمیشہ بدلتے رہتے ہیں ۔

ع ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## چیچو چیچ گنڈیریاں (کندھولیاں)

اس کھیل میں دونوں گروہوں کے کھلاڑی ایک دوسرے سے چھپ کر دیواروں پر کوئلے یا چاک کے ساتھ لکیریں کھینچتے ہیں۔ پھر ایک دوسرے کی کھینچی ہوئی لکیروں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر مٹاتے ہیں۔ اس کے بعد دونوں گروہوں کی اپنی لکیریں شمار کی جاتی ہیں۔ جس گروہ کی لکیریں زیادہ ہوں وہ جیت جاتا ہے۔ لکیریں کھینچنے کا وقت ختم ہونے کا اعلان کرنے کے لیے یہ جملہ استعمال کیا جاتا ہے۔ "چیچو چیچ گنڈیریاں، دو تیریاں دو میریاں"۔ اس کھیل کو 'ہیلو' بھی کہتے ہیں۔ اس سے تھوڑے وقت میں زیادہ کام کرنے اور دوسروں کی چھپائی ہوئی چیز ڈھونڈ نکالنے کا ملکہ پیدا ہوتا ہے۔

## شٹاپو/کیڑی کاٹا

زمین پر کوئلے یا ٹھیکری سے لکیریں کھینچ کر ایک بڑی مستطیل بنائی جاتی ہے۔ پھر اسے بہت سے خانوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ہر کھلاڑی مقررہ اصولوں کے مطابق ایک خانے میں ٹھیپا پھینکتا ہے، پھر کود کر اس خانے میں داخل ہوتا ہے اور ایک ٹانگ کے بل کھڑا ہو کر ٹھیپے کو پاؤں کے نیچے کی ٹھوکروں کے ساتھ مختلف خانوں میں پھراتا ہوا باہر نکال لاتا ہے۔ یہ کھیل لڑکیاں بھی کھیلتی ہیں لیکن ان کا کیڑی کاٹا لڑکوں سے کسی قدر مختلف ہوتا ہے۔

## باندر کِلّا

کھیل کے میدان میں ایک کِلا (کھونٹا) گاڑ کر اس کے ساتھ رسی کا ایک سرا باندھ دیتے ہیں۔ ایک کھلاڑی رسی کا دوسرا سرا پکڑ کر بندر بنتا ہے، کلے کے پاس کوڑے رکھے ہوتے ہیں۔ دوسرے کھلاڑی ان کو اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن بندر مزاحم ہوتا ہے، اگر بندر کسی کھلاڑی کو چھو لے تو وہ بندر بن جاتا ہے اور پہلا بندر کھلاڑیوں میں شامل ہو جاتا ہے۔ اگر کھلاڑی کوڑے اٹھانے میں کامیاب ہو جائیں تو وہ بندر

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

کر ان سے پیٹتے ہیں ۔

## کوڑا چھپاکی

سب کھلاڑی دائرہ بنا کر منہ مرکز کی طرف کر کے اور سر جھکا کر بیٹھ جاتے ہیں ۔ کسی کو پیچھے یا اطراف میں دیکھنے کی اجازت نہیں ہوتی ۔ ایک کھلاڑی کوڑا ہاتھ میں لیے یہ کہتا ہوا ان کے گرد چکر لگاتا ہے ۔ ''کوڑا چھپاکی کی جمعرات آئی جے جہڑا پچھے مڑ کے دیکھے اہدی شامت آئی جے'' ۔ اس دوران میں وہ چپکے سے کوڑا کسی کھلاڑی کے پیچھے رکھ دیتا ہے ۔ پھر دائرے کا چکر پورا کر کے کوڑا اٹھا کر اس کھلاڑی کو پیٹنا شروع کرتا ہے ۔ وہ کھلاڑی اٹھ کر آگے آگے بھاگتا اور پٹتا ہؤا چکر پورا کر کے پھر اپنی جگہ آ بیٹھتا ہے اور کھیل از سر نو شروع ہوتا ہے ۔ اگر کسی کھلاڑی کو معلوم ہو جائے کہ کوڑا اس کے پیچھے پڑا ہے تو وہ کوڑا اٹھا کر کوڑا رکھنے والے کو پیٹنا شروع کر دیتا ہے یہاں تک کہ بھاگتا ہوا اس کھلاڑی کی جگہ جا بیٹھتا ہے ، اسی طرح سب کھلاڑی باری باری ایک دوسرے کو پیٹتے اور پٹتے کھیل کا لطف اٹھاتے ہیں ۔

## روڑا لکائی

دونوں فریق ایک دوسرے کے مقابل قطاریں باندھ کر بیٹھ جاتے ہیں ۔ ایک فریق کا سردار اپنے ساتھیوں میں سے کسی کی جھولی میں روڑا (ٹھیکری) چھپا دیتا ہے ۔ اگر دوسرے فریق کا سردار بتا دے کہ روڑا کس کی جھولی میں ہے تو وہ روڑا لے کر اپنے فریق کے کھلاڑیوں کے ساتھ یہی عمل دہراتا ہے ، ورنہ جس کھلاڑی کی جھولی میں روڑا چھپا ہو وہ دونوں پاؤں جوڑ کر پوری قوت کے ساتھ لمبی چھلانگ (بڑ"با) لگا کر قطار سے آگے بڑھ جاتا ہے ، یہ عمل جاری رہتا ہے ۔ سب کھلاڑیوں کو اسی طرح چھلانگیں لگاتے ہوئے مقررہ مقام تک پہنچنا اور بتدریج واپس آنا ہوتا ہے ۔ جو فریق پہلے مخالفین کی حدود پار کر لے وہ جیت جاتا ہے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## چڑیل مار ڈنڈا

سب کھلاڑی کسی درخت کے نیچے جمع ہوتے ہیں - ایک کھلاڑی ایک ٹیڑھی سی لکڑی اپنی ٹانگ کے نیچے سے پوری طاقت کے ساتھ دور پھینکتا ہے ، چھوتی اسے اٹھا کر لاتا ہے اور درخت کے نیچے ایک دائرے میں رکھتا ہے اس دوران میں سب کھلاڑی درخت پر چڑھ جاتے ہیں ، چھوتی ان کو چھونے کی کوشش کرتا ہے - اگر کوئی کھلاڑی انچھوئی حالت میں لکڑی کو اٹھا کر چوم لے تو کھیل دوبارہ اسی چھوتی کے ساتھ شروع ہوتا ہے - چھوتی دائرے میں داخل ہونے بغیر کسی کھلاڑی کو چھو لے تو باری اس سے ٹل جاتی ہے اس کھیل کو ''کیڑ کڑانگا'' بھی کہتے ہیں -

## چور کُھتی

اس کھیل میں کھلاڑیوں کی تعداد کے مطابق کھتیاں کھودی جاتی ہیں - ان کے عین درمیان چور کھتی ہوتی ہے - ہر کھلاڑی اپنی مرضی سے ایک ایک کھتی انتخاب کرلیتا ہے ایک کھلاڑی (چور) چند گز کے فاصلے پر گھٹنوں کے بل بیٹھ کر گیند کو کھتیوں کی جانب لڑھکاتا ہے - جس کھلاڑی کی کھتی میں گیند جائے وہی چور پر سوار ہوتا ہے - اگر گیند چور کھتی میں چلا جائے تو سب کھلاڑی ایک دم بھاگ جاتے ہیں کیوں کہ چور ان میں سے کسی کو گیند مار کر چور بنا دیتا ہے اور خود کھلاڑیوں میں شامل ہوجاتا ہے اگر کوئی کھلاڑی اپنی کھتی کو ہاتھ لگا دے تو وہ بچ جاتا ہے -

## للتھا للتھی

یہ کھیل کھدو اور ہاکی نما ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے - تمام کھلاڑی میدان میں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر کھڑے ہو کر اپنے گرد چھوٹے چھوٹے دائرے بنا لیتے ہیں ، ایک کھلاڑی کھدو پھینکتا ہے باقی ڈنڈے سے ضربیں لگا لگا کر اسے بڑھاتے ہیں - کھلاڑی اپنا دائرہ چھوڑ کر دور بھی جا سکتے ہیں لیکن اگر اس دوران میں بڑھنے والا کسی کے خالی

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

دائرہ پر قابض ہو جائے تو میٹی بدل جاتی ہے ۔ دائرہ چھوڑنے والا کھلاڑی اپنا ڈنڈا اسے دے دیتا ہے اور خود کھدو پھینکنے لگتا ہے ، اس کھیل میں دائرے اور ڈنڈے بدلتے رہتے ہیں

## کُھتی ہان

یہ کھیل عموماً شیشے کی گولیوں سے کھیلا جاتا ہے ۔ زمین میں ایک کھتی کھودی جاتی ہے ۔ اس سے کچھ فاصلے پر ایک طرف لکیر کھینچ دی جاتی ہے جسے کھرن کہتے ہیں ، اس کے متوازی تھوڑے تھوڑے فاصلے پر دو لکیریں کھینچی جاتی ہیں جن کو 'لکے' اور 'وڈے' کہتے ہیں ، ان لکیروں پر کھڑے ہو کر کھلاڑی کھتی میں گولیاں پھینکتے ہیں ۔ سب کھلاڑی مقررہ تعداد میں گولیاں اکٹھی کر کے ایک کھلاڑی کو دیتے ہیں وہ انہیں کھتی کی طرف اس طرح پھینکتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ گولیاں کھتی میں پڑیں کیونکہ کھتی والی گولیاں اس کی اپنی ملکیت ہو جاتی ہیں ۔ پھر بکھری ہوئی گولیوں میں سے دوسرے کھلاڑیوں کے اشارے کے مطابق کسی خاص گولی کا نشانہ لیتا ہے ۔ اگر نشانہ ٹھیک لگ جائے تو وہ ساری گولیاں جیت جاتا ہے ، ورنہ باقی گولیاں دوسرے کھلاڑیوں کو دی جاتی ہیں جو انہیں کھتی میں پھینکتا ہے اور کھیل اسی طرح جاری رہتا ہے ، گولیوں کے علاوہ یہ کھیل کوڑیوں اور اخروٹوں سے بھی کھیلا جاتا ہے ۔ چھوٹے بچے دھر کونوں سے بھی کھیلتے ہیں ۔

## گیڈیاں

'الو روڑا' کی مانند لڑکوں کا ایک کھیل ہے جس میں اینٹوں کی بجائے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں استعمال کی جاتی ہیں ۔ ایک لڑکا گیڈی آگے پھینکتا ہے دوسرا اس کا نشانہ لیتا ہے ۔ لکڑیاں بالعموم سوٹی موٹی ہوتی ہیں جن کو نشانہ باسانی لگ جائے ۔ ان لکڑیوں کو 'گیڈیاں' کہتے ہیں ۔ انہیں نشانہ بنا کر لکیر سے پار کرنا ہوتا ہے ۔ لکیر سے پار کرنا ہشیاری اور مشاق چاہتا ہے ۔ "آ کھیڈ گیڈیاں وے میں تیرے چیڈیاں" کسی زمانے

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

میں لڑکے لڑکیاں مل کر کھیلتے ہیں ۔

## بھاں بلتیاں

چھوٹے بچوں کا عام اور سیدھا سادا کھیل ہے ۔ وہ دونوں بازو پھیلا کر بڑی تیزی کے ساتھ گھومتے ہیں اور ساتھ ساتھ 'بھاں بھاں بلتیاں' کے الفاظ یا سہل بول دہرائے جاتے ہیں ۔

## اڈا کھڈا

زمین پر ایک مربع شکل کھینچ کر اسے متعدد خانوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ، بیک وقت چار کھلاڑی کھیلتے ہیں ۔ آمنے سامنے کے دونوں کھلاڑی ایک دوسرے کے 'بانی' ہوتے ہیں ۔ ہر کھلاڑی کے پاس چار نردیں ہوتی ہیں ، جن کی نردیں پہلے پگ جائیں وہ جیت جاتے ہیں ۔ یہ کھیل تکنیک کے لحاظ سے چوسر سے کسی قدر ملتا جلتا ہے ۔ لیکن یہ سات کی بجائے صرف چار کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے اور چالیں بھی اس سے مختلف ہیں ۔

## لکنی بور

یہ کھیل کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے ۔ یہ دراصل ایک قسم کا جوا ہے جس میں پیسوں کی بجائے داؤ پر کوڑیاں لگائی جاتی ہیں ۔

## بھنڈا بھنڈاریا

ایک لڑکا پاؤں کے بل زمین پر بیٹھ جاتا ہے ، باقی کھلاڑی اپنے دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں باندھ کر اس کے سر پر اوپر نیچے رکھتے جاتے ہیں ۔ پھر اس سے پوچھتے ہیں 'بھنڈا بھنڈاریا کتنا ک بھار؟' وہ جواب دیتا ہے ۔ 'اک مکی چک لا دوجی تیار' پس اوپر سے ایک مٹھی اٹھا لی جاتی ہے اور یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہتا ہے ۔ یہ کھیل اس امر کا احساس دلاتا ہے کہ انسان دنیا میں ذمہ داریوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے جو کبھی ختم ہونے میں نہیں آتیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## تتلیاں بتلیاں یا ٹھیکری

نہایت دلچسپ کھیل ہے ۔ لڑکے کسی جوہڑ یا تالاب کے کنارے کھڑے ہو کر پوری قوت کے ساتھ ایسے انداز سے ٹھیکریاں پھینکتے ہیں کہ وہ پانی کی سطح سے چھوتی ہوئی دور تک چلی جاتی ہیں اور جہاں سے وہ ٹھیکریاں گزرتی ہیں وہاں پانی کی سطح پر لہروں کے چھوٹے چھوٹے حلقوں کی ایک زنجیر سی بن جاتی ہے جو عجیب خوش نما منظر پیدا کرتی ہے ۔

## کھدو کھتی

بچوں کا ایک کھیل جو کیہ بٹلا کی طرح کھیلا جاتا ہے ۔ ایک بچہ کھدو پھینکتا ہے ۔ دوسرا کھوی (ہٹی) سے ضرب لگاتا ہے ۔ کھدو کو لگاتار کھتی کے اوپر اچھالنا اور زمین پر نہ گرنے دینا (یعنی بچیتاں ڈالنا) بچوں کا ایک دل پسند کھیل ہے

## کھدو کھونڈی

اس کھیل میں کھتی کی بجائے خم دار لکڑی (کھونڈی) استعمال ہوتی ہے ۔ یہ کھیل لڑکیاں بھی کھیلتی ہیں ۔ اس کھیل کی ترقییافتہ صورت ہاکی ہے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۲ - لڑکیوں کے کھیل

## اڈی چھڑپا

لڑکیوں کا کھیل ہے۔ اس کی دو صورتیں ہیں۔

اول - کوئی اکیلی لڑکی ایک لمبی رسّی کے دونوں سرے اپنے دونوں ہاتھوں میں پکڑ کر اسے سامنے رخ گھماتی اور اچھل اچھل کر اپنے پاؤں کے نیچے سے گزارتی ہے۔

دوم - دو لڑکیاں رسّی کے دونوں سرے پکڑ کر اسے گھماتی ہیں اور تیسری لڑکی جو ان کے درمیان ہوتی ہے رسی پھاندتی ہے۔

دونوں صورتوں میں بعض اوقات دو لڑکیاں رو در رو کھڑی ہو کر ایک ساتھ رسی پھاندتی ہیں۔ اس کھیل کو اڈی ٹپا بھی کہتے ہیں۔

## بلّی ماسی

ایک لڑکی ماسی (خالہ) بنتی ہے۔ دوسری بلّی۔ باقی لڑکیاں ایک دوسری کا ہاتھ پکڑ کر دائرہ بنا لیتی ہیں۔ ماسی اپنا دودھ، کھانڈ اور مکھن کسی لڑکی کے سپرد کرکے خود نہانے جاتی ہے۔ واپسی پر معلوم ہوتا ہے کہ بلی سب کچھ چٹ کر گئی۔ تو وہ بلی کے پیچھے یہ کہتی ہوئی بھاگتی ہے۔ "کیوں نی بلیے! توں کیوں کھادا؟" بلی بھاگتی ہوئی جواب دیتی ہے۔ "نہیں نی ماسی! میں نہیں کھادا"۔ بلی کو دائرے سے باہر نکلنے یا اندر داخل ہونے کے لیے ہوشیاری اور قوت سے کام لینا پڑتا ہے کیونکہ دائرے کی لڑکیاں اس کی راہ میں حائل ہوتی ہیں لیکن ماسی کے لیے کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی۔ چیزیں سپرد کرنے اور کھانے کی کارروائی



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

فرض ہوتی ہے ۔ اس کھیل میں لڑکیوں کو کنبے بھیس والا گھر سنبھالنے کی تربیت دینے کا پہلو مضمر ہے ۔

## گیٹے

بالکل سادہ کھیل ہے ۔ لڑکیاں کچھ گیٹے زمین پر ڈالتی ہیں ۔ پھر ایک گیٹا اٹھا کر اسے آہستہ آہستہ اوپر کو اچھال کر دبوچتی اور زمین پر الٹے سیدھے ہاتھ مار کر بکھرے ہوئے گیٹوں کو اٹھاتی ہیں ۔

## پنج گیٹڑا

نو خیز لڑکیوں کا پسندیدہ کھیل ہے ۔ ہر لڑکی باری باری پانچ گیٹے زمین پر ڈالتی ہے ۔ پھر گیند کو دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی مسلسل ضربوں سے اٹھاتی ہے ۔ ساتھ ساتھ گیند کی تال پر گیت بھی گاتی ہے ۔

## گڈیاں پٹولے

معصوم بچیوں کا دل پسند کھیل ہے ۔ وہ باہم مل کر ''گڈے گڈی'' کا بیاہ رچاتی ہیں اور اس میں شادی بیاہ کی تمام رسوم ادا کی جاتی ہیں ۔

## ہولٹے سانٹے

ننھے بچوں کو بہلانے کا خاص ڈھنگ ہے جس میں عورتیں یا بڑی لڑکیاں چت لیٹ کر اور گھٹنے کھڑے کرکے بچے کو اپنے پاؤں پر بٹھا کر جھولے کی طرح جھلاتی ہیں اور ساتھ ساتھ مخصوص گیت :

''ہولٹے سانٹے، سٹ بھرا آٹے ، اک بھرا کوارا ، سو بتی دا لاڑا......'' ۔

بھی گاتی ہیں ۔ جب گیت ختم ہونے کو آتا ہے تو بچے کو پاؤں کے سہارے اوپر اٹھا لیتی ہیں ۔ اس طرح بچے بہت جلد بہل جاتے ہیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۳ - مردوں کے کھیل

## کبڈی

ایک عام اور مشہور کھیل ہے - کھلاڑیوں کے دو گروہ ہوتے ہیں - کھیلنے میدان میں ایک لکیر کھینچ کر اس کے دونوں سروں پر دو لڑکوں کو بٹھا دیتے ہیں یا مٹی یا کپڑوں اور جوتوں کی ڈھیریاں بنا دیتے ہیں ان کو دائیاں کہتے ہیں - یہ لکیر دونوں گروہوں کے درمیانی حد فاصل ہوتی ہے - اس کھیل کی کئی صورتیں ہیں :-

### پڑ کوڈی

ایک گروہ کا کھلاڑی کوڈی کوڈی کہتا ہوا دوسرے گروہ کی حد میں داخل ہوتا ہے ، اگر وہ ایک ہی سانس میں دوسرے گروہ کے کسی کھلاڑی کو ہاتھ لگا کر اپنی حد میں واپس آ جائے تو جس کھلاڑی کو اس نے چھوا تھا وہ مردہ متصور ہوتا ہے اور کھیل کے میدان سے نکل کر الگ بیٹھ جاتا ہے ، لیکن اس کے برعکس اگر مخالف گروہ کا کھلاڑی اسے پکڑ لے اور وہ سانس ٹوٹنے تک اس کی گرفت سے نکل کر اپنی حد میں واپس نہ آسکے تو وہ خود مر جاتا ہے - جب ایک گروہ کا کوئی کھلاڑی مر جاتا ہے تو دوسرے گروہ کا ایک مردہ کھلاڑی زندہ ہو کر دوبارہ کھیل میں شامل ہو جاتا ہے ، اسی طرح موت اور زندگی کے چکر میں کھیل جاری رہتا ہے - ع

زندگی نام ہے مر مر کے جیے جانے کا

### جپھل کوڈی

ایک گروہ کا کھلاڑی درمیانی لکیر کو عبور کر کے حریف کی حد میں جاتا



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

ہے اور کسی کھلاڑی کو چھوتا ہے ۔ صرف وہی حریف اسے جپھا مارتا یعنی کولی بھرتا ہے ۔ اگر وہ حریف کے چنگل سے نکل کر اپنی حد میں داخل ہو جائے یا کم سے کم درمیان لکیر کو چھو لے تو جیت اس کی ہوتی ہے اور حریف مر جاتا ہے ، ورنہ وہ خود مردہ متصور ہوتا ہے ۔

## چیروں کوڈی

دونوں گروہ آمنے سامنے بیٹھ جاتے ہیں ۔ ایک گروہ کا ایک کھلاڑی اٹھ کر میدان میں کھڑا ہو جاتا ہے ۔ دوسرے گروہ کا ایک کھلاڑی اٹھ کر اسے جپھا مارتا ہے ۔

## سونچی

یہ کھیل باکسنگ سے بےحد مماثلت رکھتا ہے ۔ دو کھلاڑی آمنے سامنے کھڑے ہوتے ہیں اور مبارزت طلبی کے بعد ایک دوسرے کی چھاتی اور گردن پر مکے، تھپڑ ، دوہتڑ مارتے ہیں اور حریف کا وار بھی بچاتے ہیں ۔ جو کھلاڑی اپنی ضرب سے دوسرے کو نہ گرا سکے یا اپنی وینی نہ چھڑا سکے اور دوسرے کا وار بھی نہ سہ سکے ، وہ ہار جاتا ہے ۔

## وینی/ہتھ جوڑی

قوت آزمائی کا کھیل ہے ۔ ایک نوجوان دوسرے کی وینی (کلائی) کو اپنے دونوں ہاتھوں سے پوری قوت کے ساتھ پکڑ لیتا ہے اور دوسرا مقررہ اصولوں کے مطابق اس کی کلائی کی پکڑ کو مروڑتا ہوا چھڑانے کی کوشش کرتا ہے ۔ یہ کھیل محض قوت آزمائی ہی کا نہیں اس میں مہارت اور داؤں بھی خاصہ کام دیتے ہیں ۔

## چھنج

بہت بڑا دنگل جس میں نی دیہات کے نامی پہلوان شرکت کرتے ہیں ۔ آخری اور سب سے بڑے جوڑ میں جیتنے والے پہلوان کو پٹکا دیا جاتا ہے۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۲ - کھیلوں کی اصطلاحات

### آڑی

ساتھی ، کسی کھیل میں حصہ لینے والے ایک گروہ کے تمام کھلاڑی ایک دوسرے کے آڑی کہلاتے ہیں ۔ (بانی) ۔

### بُنتیاں / باڑے

کبڈی کے کھیل میں درمیانی لکیر کے دونوں سروں پر جو مٹی یا کپڑوں اور جوتوں کی ڈھیریاں بنائی جاتی ہیں ۔

### بچتیاں

گلی ڈنڈے کے کھیل میں گلی کو ڈنڈے کے اوپر ہلکی ہلکی ضربوں کے ساتھ لگاتار اُبھارنا ، کھدو بھٹی کے کھیل میں کھدو کے ساتھ بھی بچیاں ڈالتے ہیں ۔ یہ چھوٹے بچوں کا دلچسپ کھیل ہے جس کی بچیاں زیادہ ہوں وہ جیت جاتا ہے ۔

### پٹکا

ململ کا دوپٹہ جس کے ساتھ کچھ رقم بندھی ہوئی ہوتی ہے ۔ چھنجھ (پہلوانوں کے دنگل) میں آخری اور سب سے بڑے جوڑ میں جیتنے والے پہلوان کو انعام کے طور پر دیا جاتا ہے ۔ پٹکا دراصل (Challenge shield) کی حیثیت رکھتا ہے ۔

### پٹولے

گڈے گڈی کا لباس جو عموماً کپڑوں کی کترن سے تیار کیا جاتا ہے ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## پیڑ

کھیل کے میدان ، گدم ساندنے کا میدان ۔

## پیڑی

کھدو کی سطح پر دھاگے سے بنی ہوئی جالی کا ایک خانہ جو چوکور ہوتا ہے ۔

## پُگنی

کھیلوں میں قرعہ اندازی کا پنجابی طریقہ 'پگنا' کہلاتا ہے ۔ تین کھلاڑی ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر حلقہ باندھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور اپنی باہوں کو تین بار جھٹکا دیتے ہیں ۔ آخری جھٹکے پر ہاتھ چھڑا کر اپنا اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر الٹا یا سیدھا رکھنا ۔ اگر دو کھلاڑیوں کے ہاتھ سیدھے پڑیں اور ایک کا الٹا ، تو وہ ایک پگ جاتا ہے ۔ پھر باقی دو کھلاڑیوں کے ساتھ ایک اور کھلاڑی شامل ہوتا ہے اور وہی عمل دہرایا جاتا ہے یہاں تک کہ سب کھلاڑی پگ جاتے ہیں ۔ آخر میں جو کھلاڑی پگنے سے رہ جائے اس کے سر میٹی (باری) آتی ہے ۔ اگر تینوں کھلاڑیوں کے ہاتھ یکساں پڑیں تو کوئی نہیں پگتا ۔ اس لیے پھر وہی عمل دہرایا جاتا ہے ۔ پگنے کے لیے بچوں میں کچھ لوک گیت بھی رائج ہیں ۔

## پھاڈی

کھیلوں میں جو کھلاڑی پگنے سے رہ جائے یا جس کی باری سب سے آخر میں ہو ، آخری کھلاڑی (میری کی ضد) ۔

## پہل / دوج / تیج

کھیلوں میں کھلاڑیوں کے کھیلنے کی ترتیب ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## تھوہ تھوکڑے

کھیلوں کی اصطلاح میں دیوار پر تھوکنا یا داؤ کو ہاتھ لگانا ۔ ایسا کرنے والا کھلاڑی بنک جاتا ہے ۔ پھر چھوتی اسے چھو نہیں سکتا ۔

## ٹُل / ٹلا

گلّی ڈنڈے کے کھیل میں گلّی کو نوک پر ڈنڈا مار کر اسے فضا میں ابھار کر پوری قوت کے ساتھ ڈنڈے کی ضرب لگانا ۔ نیز اتفاقیہ بارور ہونے والی کوشش ۔

## ٹُل لگنا

(سوّرد محاورہ) محض حسن اتفاق سے کوئی کوشش بارور ہو جانا ۔

## ٹھینا / ٹھینی

لکڑی کی پٹی ، چپٹی لکڑی جس کے ساتھ کھدو کھیلتے ہیں ۔

## ٹھیتا / ڈھیا

وہ گول ٹھیکری جس سے 'کھتّی بان' وغیرہ کھیلوں میں گولیوں پر نشانہ لگاتے ہیں ۔ وہ ٹھیکری جو 'کیڑی کاٹا' میں استعمال ہوتی ہے ۔

## جاپھی

کبڈی کے کھیل میں حریف کو جپھا مار کر (یا کولی بھر کر) پکڑنے والا کھلاڑی ۔

## جھومری

مشہور لوک ناچ 'جھومر' میں حصہ لینے والا فرد ۔

## چھڑپنا / شڑپنا

لمبی چھلانگ جو دونوں پاؤں جوڑ کر لگائی جائے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## چُھوتی

'لکن میٹی، وغیرہ کھیلوں میں جس کھلاڑی کے سر بازی ہو وہ 'چھوتی' کہلاتا ہے کیونکہ وہ دوسرے کھلاڑیوں کو چھونے کی کوشش کرتا ہے۔

## چُھوٹ

لمبی دوڑ میں کھلاڑی کی یکبارگی پوری تیزی کے ساتھ دوڑنا ۔ بے تحاشا بھاگنا ۔

## دائی

کبڈی کے پڑ میں درمیانی لکیر کے دونوں سروں پر جو لڑکے بٹھائے جاتے ہیں یا ڈھیریاں بنائی جاتی ہیں ۔

'لکن میٹی وغیرہ کھیلوں میں کسی خاص مقام یا چیز (مثلاً دیوار، درخت) کو مرکزی حیثیت دے کر دائی مقرر کرتے ہیں ۔ چھوتی دوسرے کھلاڑیوں کو چھونے کی کوشش کرتا ہے اور جس کھلاڑی کو وہ چھو لے وہ مر جاتا ہے یعنی کھیل سے خارج ہو جاتا ہے یا بازی اس کے سر آ جاتی ہے ۔ جو کھلاڑی چھوتی کی زد سے بچ کر دائی کو ہاتھ لگا دے وہ پک جاتا ہے ۔

## دڑنگا

دوڑ کے دوران لگائی ہوئی چھلانگ ۔

## ڈک ڈک ڈو ڈو

کبڈی کے کھیل میں کھلاڑیوں کو دو گروہوں میں تقسیم کرنے کا ایک طریقہ ہے ۔ دونوں گروہوں کے موہری (سردار) ایک جگہ بیٹھ جاتے ہیں، ان کو 'کانٹے' کہتے ہیں ۔ باقی کھلاڑی اپنے لیے دو فرضی نام تجویز کر لیتے ہیں اور دو دو کی جوڑیوں میں ''ڈک ڈک ڈو ڈو'' کہتے ہوئے کانوں

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

کے قریب آتے ہیں اور شعر کی صورت میں دو نام بولتے ہیں ، مثلاً :

کھوہ وچ ماری پاتھی
کوئی لوے شیر، کوئی لوے ہاتھی

ان میں سے ایک کا فرضی نام شیر ہوتا ہے اور دوسرے کا ہاتھی ، لیکن پکتّوں کو اس کا علم نہیں ہوتا - پس پکتّے ان میں سے جو نام پسند کریں ، اس نام کے کھلاڑی ان کے گروہ میں شامل ہوتے جاتے ہیں -

## ڈھالو / لاوُن

اخروٹوں کے کھیل میں نشانے کے لیے استعمال ہونے والا بڑا اخروٹ -

## ڈھولی

ڈھول بجانے والا ، 'بھرائی' قوم کا فرد ، جن کا پیشہ ڈھول بجانا ہے -

## راب

گلّی ڈنڈے کی کھیل میں کھُتّی کو راب کہتے ہیں -

## راب دینا

(موّرد محاورہ) گلّی کو کھُتّی کے اوپر رکھ کر ڈنڈے کے ایک سرے سے اڑس دے کر پوری طاقت کے ساتھ دور پھینکنا ''کھتی وچ موتنا'' کھیل میں ایسی بے قاعدگی کرنا جس سے کھیل جاری نہ رہ سکے یا گڑ بڑ نہ ہو جائے - (Queering the pitch) -

## کُھتّی

چھوٹا سا گڑھا جو کوڑیاں ، گولیاں ، اخروٹ یا گلّی ڈنڈا کھیلنے کے لیے زمین میں کھودا جاتا ہے -

## کُھرن

'کیتی ہان' کھیل میں کھتی سے کچھ فاصلے پر ایک لکیر کھینچی

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

جاتی ہے اسے کھُرن کہتے ہیں کیونکہ کھُتی میں گولیاں پھینکتے وقت اگر کوئی گولی اس لکیر سے پیچھے رہ جائے تو بازی کھُور جاتی ہے۔

**کھدو/کھتو/کھنیوں**

کپڑے کا بنا ہوا دیسی ساخت کا گیند، اس کی سطح پر بڑی سوئی (کھدوئی) کے ساتھ مضبوط دھاگے کی جالی بنی جاتی ہے۔ اس جالی کا ہر خانہ 'پڑی' کہلاتا ہے

**کھُونڈی**

بانس نما خم‌دار لکڑی جس کے ساتھ بچے کھدو کھیلتے ہیں۔

**کنگھی/کھنگھی**

ناچتے وقت باہم ہاتھوں کی انگلیوں میں انگلیاں پھنسالینے کی حالت۔

**لاکڑی**

لکڑی والا شخص، وہ شخص جو کبڈی کے میدان میں حد سے آگے بڑھنے والوں کو پیچھے دھکیلنے پر مامور ہوتا ہے۔

**میشٹ میشی**

کھیل کی باری، بازی۔

**بانی**

ہم عمر، ساتھی، کھیل میں ایک گروہ کے سب کھلاڑی ایک دوسرے کے 'بانی' ہوتے ہیں (آڑی) ٹیم کے ممبر۔

**پڑپتا**

لمبی چھلانگ جو دونوں پاؤں جوڑ کر لگائی جائے (چھڑپا)

**ہُلارا/ہُوٹا/ہولٹا/جھوٹا**

جھولے کا ایک بار جھولنا۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۵ ۔ لوک گیت

## بولیاں

بولیوں کو ماجھے کے علاقے سے وہی خصوصیت ہے جو 'ڈھولا' کو بولھوار سے ہے۔ یہ ایک 'تک' (مصرع) کا گیت در اصل ِ گِدھا سے لیا گیا ہے ۔ ِ گِدھے کے ہر بند کا آخری مصرع 'بولی' ہوتا ہے لیکن یہ لوک گیتوں کی ایک الگ اور مستقل صنف بھی ہے ۔ عام طور پر دیہات کے گبھرو جوان میلہ دیکھنے جاتے ہیں ۔ تو اکٹھے مل کر یہ گیت گاتے ہیں۔

## تو تکڑے

لوک گیتوں کی ایک صنف ہے ۔ جب لڑکیاں باہم مل کر ِ کِھنّو یا پنج گیٹڑا کھیلتی ہیں تو ساتھ ساتھ تھالوں جیسے تو تکڑے بھی گاتی ہیں جو چھوٹی چھوٹی لوریوں سے مشابہت رکھتے ہیں ۔

## تھال

یہ ایک نغماتی کھیل ہے جس میں گیت اور گیند لازم و ملزوم ہیں ۔ لڑکیاں باری باری دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی ضربوں سے گیند کو مسلسل اچھالتی ہیں اور ساتھ ساتھ گیند کی تال پر چھوٹی بحر میں بڑی روانی کے ساتھ گیت بھی گاتی جاتی ہیں ۔ ان گیتوں کے ہر بند کا آخری بول یہ ہوتا ہے ۔

''آل سال ، پورے تھال''

## ٹپا

ڈھولے اور ماہیے کے ایک بول کو ٹپا کہتے ہیں۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## جُگنی

پنجاب کا ایک ہر دلعزیز لوک گیت جو نام ہی سے پر کشش ہے۔ جگنی دراصل گلے کا ایک زیور ہے۔ اس گیت کے ہر بند کے آخر میں 'اللہ بسم اللہ میری جگنی' کا جملہ دہرایا جاتا ہے۔ بعض لوگوں کے نزدیک 'جگنی' لفظ جوگن کی بگڑی ہوئی صورت ہے۔ جگنی پنجاب کے ان گنے چنے لوک گیتوں میں سے ہے جنھیں غیر پنجابی بھی بے حد پسند کرتے ہیں۔ 'جگنی' کے ایک معنی یہ بھی رائج ہیں۔ 'میری جان' شعر کہنے والا اپنی ذات کے حوالے سے زندگی کے حقائق اور متصوفانہ واردات پر روشنی ڈالتا ہے۔ 'جگنی اہدے موہنوں بھیے جنھوں رٹ عشق دی لگتے۔ پیر میریا جگنی'۔

## ڈھولا

پوٹھوار کا خاص لوک گیت ہے۔ اس کی تکنیک ماہیا سے کسی قدر مختلف ہے۔ اس کے 'بڑے' کے دونوں مصرعے ہم وزن ہوتے ہیں اور دونوں میں معنوی ربط بھی موجود ہوتا ہے۔

## سٹھنی

'پشکارا' کی رسم کے بعد جب برات دلہن کے گھر پہنچتی ہے تو میلنیں اس کا استقبال ان فحش گیتوں سے کرتی اور براتیوں کو سٹھنیاں دیتی ہیں۔ ان میں براتیوں کو خاص طور پر طنز کے کچوکے لگائے جاتے ہیں۔ یہ اصل میں سمدھیوں کے آپس میں بےتکلف ہوجانے کا اظہار ہے۔ گالیاں کھانے والے کہتے ہیں 'کڑمایاں دیاں گالاں نے گھیو دیاں نالاں' یعنی گالیاں نہیں بلکہ گرما گرم گھی پلایا جا رہا ہے۔ اس میں ایک لطیف نکتہ یہ ہے کہ دلہا کے گھر میں جو کچھ دولہا کے ہاتھوں دلہن پر بننے والی ہے اس کی رشتہ دار عورتیں الفاظ کے ذریعے دولہا کی ماں بہن کے ساتھ کر گزرتی ہیں۔

## ستوار

پنجابی لوک گیتوں کی مقبول صنف ہے۔ جس میں 'باراں ماہ' کے برعکس

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

سہنوں کی بجانے بھنے کے دنوں کا نام لے لے کر درد و فراق کے منظوم رونے روئے جاتے ہیں ۔

## سَد

بیلو شاعر کی مرزا صاحباں کے بول ، جو ڈھڈا اور سارنگی کے ساتھ گائے جاتے ہیں ۔ گانے والا کان پر ہاتھ رکھ کر لمبی لمبی تانیں لگاتا ہے ۔ 'سد' بہادروں کی شان میں لگائے جاتے ہیں ۔ عام طور پر رزمیہ کارنامے 'سد' کا موضوع بنتے ہیں ۔ پنجابی شاعر قدرے وا شگاف انداز میں کہتا ہے ۔ 'گانڈواں دی سد کوئی نہیں لاوندا ، بونڈیاں دے گیت کوئی نہیں گاوندا'

## سوہلے

بیٹا پیدا ہونے کی خوشی میں گائے جانے والے گیت ۔ عموماً خاندانی میراثی گاتے ہیں اور انعام پاتے ہیں ۔ مراثیوں کا خاندانوں سے تعلق اتنا پختہ ہوتا ہے کہ وہ دوسرے خاندان کو نہ اسیس (دعا) دیتے ہیں اور نہ ہی ان سے بھیک مانگتے ہیں ۔ اس لیے محض میراثی ستارسنگ کہلاتے ہیں یعنی صرف ستاروں کے مانگت ۔

## گھوڑیاں

بیاہ شادی کے موقع پر گایا جانے والا بہنوں کا گیت ۔ جب دولہا سہرا باندھ کر گھوڑی پر سوار ہوتا ہے۔ تو بہنیں آگے بڑھ کر باگ تھام لیتی ہیں اور یہ مخصوص گیت گا کر 'واگ پھڑائی' کا انعام پاتی ہیں ۔

## ماہیا

پنجاب اور پوٹھوار دونوں علاقوں کا مشترکہ گیت ہے ۔ یہ سدا بہار لوک گیت غزل کی طرح ہر نوع کے مضامین سمو لینے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔ اور اختصار و اشاریت کا بلند پایہ نمونہ ہے ۔ اس کا ہر ٹپا دو مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔ پہلا مصرع چھوٹا اور دوسرا طویل۔ ان دونوں میں معنوی

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

ربط بھی نہیں ہوتا ۔ پہلا مصرع سہل ہوتا ہے اور محض قافیہ بندی کے لیے آتا ہے لیکن دوسرا زور دار اور پر مغز مضمون کا حامل ہوتا ہے ۔ اس میں مکالمے کا انداز پایا جاتا ہے ۔ عاشق اور معشوق باہم اپنے جذبات و واردات کا اظہار کرتے ہیں ۔ چاندنی رات میں لڑکوں کی دو ٹولیاں ایک دوسری سے کافی فاصلے پر بیٹھ جاتی ہیں ۔ ایک ٹولی عاشق کی اور دوسری معشوق کی نمائندگی کرتی ہے ۔

## وار

رزمیہ لوک شاعری ۔ یہ ایک طویل جنگی نظم ہوتی ہے ۔ جس میں کسی ہیرو کی بہادری کے کار نامے روایتی انداز میں بیان کیے جاتے ہیں ۔

## ہیک

لمبی تان ، لمبے سر میں گانے کی آواز ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ٦ ۔ لوک ناچ

## بھنگڑا

آزاد فضاؤں کا ناچ ہے ۔ گندم کی فصل پکنے کی خوشی میں بیساکھی کے موقع پر ناچا جاتا ہے ۔ گاؤں کے باہر کھلے میدان میں ڈھول پر چوٹ پڑتی ہے ۔ ڈھول کی آواز سنتے ہی ہر عمر اور ہر طبقے کے لوگ بھاگتے ہوئے آتے اور ڈھولی کے گرد حلقہ باندھ لیتے ہیں ۔ کوئی منچلا نوجوان آگے بڑھ کر ایک ہاتھ ڈھول پر اور دوسرا کان پر رکھ کر لمبے سر میں ڈھولے کا کوئی ٹپا الاپتا ہے ، پھر سب مل کر آخری بول کو بار بار دہراتے اور مخصوص انداز سے باہیں اُلار اُلار کر ناچتے ہیں ۔ فقیر اور ملنگ لوگ بھی اس ناچ میں بڑی دلچسپی لیتے ہیں ۔ بھنگڑا اصل میں بہادروں کا گیت ہے ۔ بھنگڑے میں اصل لطف اُس وقت پیدا ہوتا ہے ۔ جب دو علاقے کے گبھرو ناچ میں شامل ہوں ۔ اُس وقت ایک دوسرے کو للکارتے ہوئے بھنگڑا ڈالتے ہیں ۔ شہروں میں رہنے والے اس لیے بھنگڑے سے واقف نہیں کہ اُن میں نہ باہمی بے تکلفی ہوتی ہے اور نہ حریف کو للکارنے کا موقع ۔

## جُھمّر

ساندل بار اور بہاولپور کا مشہور لوک ناچ ہے جو چاندنی راتوں میں مشعلوں کی روشنی میں ناچا جاتا ہے ۔ اس کے ساتھ بڑے نشیلے گیت گائے جاتے ہیں ۔ جھومری ، ڈھولی کے گرد گھیرا ڈال کر ناچتے اور گاتے ہیں ۔ جب ناچ اپنے نقطۂ عروج کو پہنچتا ہے تو گانا بند ہو جاتا ہے اور



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

خاموش رقص شروع ہوتا ہے ۔ ڈھول کی آواز کے ساتھ ناچنے والوں کے قدم تیز تر ہوتے جاتے ہیں ، یہاں تک کہ پاؤں کی ٹھوکریں ، ٹاپ کی شکل اختیار کر لیتی ہیں اور عجیب سماں بندھ جاتا ہے ۔ جھومریوں کا گھیرا بار بار کھلتا اور تنگ ہوتا رہتا ہے ، اس ناچ میں ڈھولی بھی اپنے فن کے خوب جوہر دکھاتے ہیں ۔ اس ناچ کو ''گھمتر'' اور ''دھریس'' بھی کہتے ہیں ۔

## سمّی

عورتوں کا لوک ناچ ہے جو چاندنی راتوں میں ناچا جاتا ہے ۔ دفعتاً باہیں اٹھتی ہیں ، لہراتی ہیں ، پھر سینوں کے سامنے تالیاں بجتی ہیں ، زمین پر پاؤں پڑتے ہیں ۔ یہ ناچ ہر قسم کے تکلفات سے پاک ہوتا ہے ۔ اس میں ڈھولک نہیں بجتی ، پاؤں کی ٹاپ اور باہوں کا الار تال کا کام دیتا ہے ، سمّی کے گیتوں سے گھریلو زندگی کی سادگی ٹپکتی ہے ۔

## بھنّی

سمّی ہی کی ایک قسم ہے ، دونوں میں فرق یہ ہے کہ سمی ایڑیوں پر (اڈیاں بھار) ناچا جاتا ہے اور بھنّی پاؤں کے پنجوں پر (پبّاں بھار) ۔

## کِکلی

نو خیز دو شیزاؤں کا دل پسند لوک ناچ ہے ، وہ دو دو کی ٹولیوں میں بٹ کر ، ایک دوسری کے بانہوں میں ہاتھ ڈال کر پاؤں سے پاؤں ملا کر تن جاتی ہیں اور پوری تیزی کے ساتھ گھومنے لگتی ہیں ۔ اُن کے نیکھے گیت ، اُڑتے آنچل ، لہرا لہرا کر بل کھاتی چوٹیاں ، چھنکتی چوڑیاں ، جھنکتی پازیبیں نقرئی قہقہے ایک سحر انگیز منظر پیدا کر دیتے ہیں ۔ یہ سدا بہار ناچ ہنستی کھیلتی زندگی کا جیتا جاگتا تصور پیش کرتا ہے ۔ دوشیزائیں ککلی میں اپنے بھائیوں کی تعریف یا اُن کی یاد میں خود ساختہ بیت بولتی ہیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

''نکلی کلیردی ۔ پگ میرے ویر دی ۔ دوپٹا میرے بھائی دا ۔ بھٹے منہ جوانی دا'' ۔

## گدّھا

پنجاب کا مشہور لوک ناچ ہے ، خوشی کے موقعوں پر کُڑیوں کی الٹھڑ مٹیاریں اکٹھی ہوتی ہیں اور ''گدھے'' کی تقریب کا اہتمام ہو جاتا ہے ، پہلے چٹکیاں بجتی ہیں ، پھر الگ الگ تالیوں کی آواز آتی ہے ، آخر میں سب ہاتھ ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں ۔ تالیوں کے ساتھ ''گدھے'' کے مخصوص گیتوں کی آواز بھی ابھرتی ہے اور عجیب سماں بندھ جاتا ہے ، عورتوں کی طرح مرد بھی گدھا رچاتے ہیں ۔

## جلتھی

باہیں اٹھا اٹھا کر اور بغلیں بجا بجا کر ناچا جانے والا فقیروں کا مخصوص ناچ ، جس کے ساتھ ''الا اللہ الا اللہ'' کا ورد کیا جاتا ہے ۔ بعض سرگرم لوگ متواتر کئی گھنٹے جلتھی ڈالتے ہیں ۔ درویشوں میں ذکر کی دو مشہور قسمیں ہیں ۔ ایک ذکر خفی جس میں 'انفاس' کے اندر ذکر حق ہوتا ہے اور دوسرا ذکر جلی جس میں لا الہ الا اللہ کا کلمہ طیب باآواز بلند پڑھا جاتا ہے ۔ اس باآواز بلند پڑھنے کو پنجابی میں 'جلتھی' بولتے ہیں ۔

## بُھمتیاں

دیہاتیوں کا سادہ ناچ ہے جو عام طور پر ''قدموں کے میلے'' پر ناچا جاتا ہے ، جلتھی کی طرح اس میں بھی ہاتھوں اور پیروں کو خاص انداز سے ایک ساتھ حرکت دیتے ہیں اور ساتھ ساتھ چٹکیاں بھی بجاتے ہیں ۔ بعض لوگ بچوں کو لوریاں دیتے ہوئے بھی بھمتیاں ڈالتے ہیں ۔

جس طرح مور ، مورنی کو دیکھ کر ناچتا اور مرغ مرغی کو دیکھ کر ایک پر لٹکا کر اس کے گرد گھومتا ہے اسی طرح جس لوک ناچ میں ایک عورت اور ایک مرد شامل ہوں مرد ، عورت کے گرد حلقہ باندھ کر چھوٹے

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

چھوٹے قدموں سے ناچتا ہے۔ اسے رجھا کے اور اپنی طرف مائل کرنے کے لیے یہ 'بھنی' کی ابتدا ہے۔

## لُڈی

یہ فتح مندی کا ناچ ہے۔ کشتی، کبڈی یا مقدمہ جیتنے پر ناچا جاتا ہے۔ ناچنے والے باری باری پاؤں اوپر اٹھاتے بانہوں کو سر کی سیدھ میں لہراتے اور ایک ایڑی پر اینٹھ کر ڈھولی کے گرد گھومتے ہیں۔ اور مستی کے عالم میں "بلّو بلّو، علی علی، لڈی گھتم گھتّی" کے نعرے لگاتے ہیں۔ کبھی ترنگ میں آ کر طرح طرح کے سوانگ بھی بھرتے ہیں۔

## بالک لُڈی

لڈی ناچ کی ایک عام سی قسم ہے۔ لڑکیاں بالیاں باہم مل کر ناچتی ہیں۔ یہ ککلی کے برعکس ہاتھوں میں ہاتھ پکڑنے کی بجائے ایک تال پر آگے پیچھے ہٹ ہٹ کر چکر کی شکل میں ناچا جاتا ہے اور اس کے ساتھ سہل بھی گیت بھی گائے جاتے ہیں جو تھانوں سے مشابہت رکھتے ہیں۔ ہر بول کے خاتمے پر اچھل اچھل کر ایک دوسری کے ہاتھوں پر ہاتھ مارے جاتے ہیں اور تالی بھی بجائی جاتی ہے۔ ہم آہنگ تالیاں، فی البدیہہ گیتوں کا سوانگ اور معصوم بچیوں کا حلقے میں گھومتے جانا، عجب بہار دکھاتا ہے۔

## باگھی

لُڈی ناچ کی ایک قسم ہے۔ ناچنے والے دائرے کی شکل میں پاؤں اٹھا اٹھا کر زمین پر مارتے اور بانہوں کو لہراتے ہیں۔ ساتھ ساتھ بغلیں بھی بجائے جاتے ہیں۔

## دھمال

درویش ڈھول کی تال پر ذکر حق کرتے ہیں۔ کبھی اکیلے کبھی مل کر۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# کھیتی باڑی

۱ - زرعی نظام کار
۲ - زرعی اصطلاحات اور دیگر متعلقات
۳ - زرعی آلات اور ان کے متعلقات
۴ - آبپاشی کے ذرائع اور دیگر متعلقات
۵ - چاول کی فصل اور اس کے متعلقات
۶ - کپاس اور اس کے متعلقات
۷ - مکئی اور چری کی فصلیں
۸ - کھاد اور اس کے متعلقات
۹ - مختلف قسم کے رسے رسیاں

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۱ – زرعی نظام کار

## آہوت

امداد باہمی کا ایک زمیندارانہ طریقہ۔ جس میں فصل کی کٹائی وغیرہ کے لیے بلائے گئے ساتھیوں کو اجرت دینے کی بجائے پر تکلف کھانا کھلایا جاتا ہے۔ اسے مانگی بھی کہتے ہیں۔

## آدھلاپ

کسی کی غیر آباد یا جنگلاتی زمین آباد کرنے کے صلے میں ملی ہوئی آدھی زمین جو آبادکار کی اپنی ملکیت تصور ہوتی ہے، نیز اس قسم کا معاہدہ۔

## آدھیارا

نصف پیداوار کے عوض کسی کو کھیتی باڑی کے لیے اپنی زمین دینے یا کسی کی زمین لینے کا طریق - بھولی۔

نیز اپنی کٹی یا بچھڑی اس شرط پر کسی کے سپرد کرنا کہ وہ اس کے چارے وغیرہ کا انتظام کرتا رہے، جوان ہونے پر اس مویشی کی قیمت دونوں نصف نصف تقسیم کر لیں گے۔

## آنگی

کھلواڑے پر رہ جانے والے دانے جو پیشہ ور لوگوں کا حصہ ہوتے ہیں۔

## آٹھو بندا

زمین کا مالک اپنے مزارع سے آدھے حصے کے علاوہ کل پیداوار کا ۸/۱ حصہ زیادہ وصول کرتا ہے۔ یہ افتادہ زمین کی آبادکاری کا صلہ ہوتا ہے۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## آبلی/بلھائی

گلہ بان ، زمیندار کے اپنا پر کھیت میں رات بھر بھیڑ بکریاں چراتا ہے جس سے کھیت کو تازہ کھاد میسر آتی ہے ۔ اس کام کے صلے میں گلہ بان جنس یا نقدی کی صورت میں جو کچھ وصول کرتا ہے وہ ابلی کہلاتا ہے ۔

## بجرایی

فصل بوتے وقت مزدور پیشہ لوگوں کو دیا جانے والا غلہ ۔

## بتھولی

ادھیارے پر کھیتی باڑی کے لیے زمین دینے یا لینے کا طریقہ ۔

## ہاہی

ادھیارے پر کسی دوسرے کی زمین میں کھیتی باڑی کرنے والا مزارع ۔

## پنجدُونی

پیداوار کی تقسیم کا مشہور طریقہ جس میں مالک زمین کو ۵/۲ اور مزارع کو ۵/۳ حصہ ملتا ہے ۔

## جُھوری/لنگ پگ/سروپا

وہ رقم جو کسی دوسرے کی زمین میں کنواں کھودنے کے کرایہ یا معاوضہ کے طور پر ادا کی جاتی ہے ۔

## دھارواں

فصل کاٹنے والے مزدور کی اُجرت اس طرح مقرر کرنا کہ کام ختم ہونے پر گندم کی کوئی بڑی سے بڑی بھری اُٹھا کر لے جائے ۔ مزدوری طے کرنے کا یہ طریق ''دھارواں'' کہلاتا ہے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## راہکی

مزارع کا حصّہ جو پیداوار میں سے دیا جاتا ہے۔

## سیپ/سیپی

کاشتکار ، سال کے بعد نائی ، موچی ، ماشکی ، لوہار ، بڑھئی اور دوسرے پیشہ ور لوگوں کو ان کی خدمات کے بدلے میں جو اناج دیتا ہے۔ نیز اس طرح پیشہ ور لوگوں کی خدمات حاصل کرنے کا طریقہ۔

## کُنڈھی

''انگنی'' سمیٹنے کے بعد بچا کھچا اناج جو موچی کا حصہ ہوتا ہے۔

## لاوا

اُجرت لے کر دوسروں کی فصلیں کاٹنے والا مزدور۔

## لاوی

فصل کاٹنے والے مزدور (لاوے) کی مزدوری۔

## مانگ/آہوت

امداد باہمی کا ایک زمیندارانہ طریق۔ جس میں مدد کے لیے بلائے گئے ساتھیوں کو اُجرت دینے کی بجائے پُر تکلّف کھانا کھلایا جاتا ہے۔

## مُڈھی ماری/مُنڈھی ماری

جنگل صاف کرکے زمین کو قابل کاشت بنانے کا عمل۔ جس کے بعد ''مڈھی مار'' زمین کے کچھ حصے کا مالک تصور ہوتا ہے۔

## منگ

فصل کی کٹائی (واڈھی) کے موقع پر دوستوں اور عزیزوں کا اجتماع۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**دُرسا**

فصل ربیع کی کٹائی پر مزارعین کو غلہ کی صورت میں دیا جانے والا معاوضہ۔

**ہتھ رادھ**

مالک کی اپنے ہاتھ سے کاشت کی ہوئی زمین۔ خود کاشت کھیت۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۲ - زرعی اصطلاحات اور دیگر متعلقات

### بھک

تازہ کھاد کے حصول کے لیے مویشیوں کو رات دن کھیتوں میں باندھنا۔ نیز ایسی جگہ باندھے ہوئے مویشی۔

### بھک بٹھانا

موئزد محاورہ۔

### پینڈی

بوجھ زیادہ ہونے کی حالت میں بیل گاڑی کے دو بیلوں کے آگے جوتا ہؤا بھینسا۔

### پاڑ

موسم میں پہلی بار جوتی ہوئی زمین ۔ کنوئیں کا گڑھا جس میں گنڈ (لکڑی کا چکر) ڈال کر اس کے اوپر کوٹھی (کنوئیں کی دائرہ نما دیوار) اُساری جاتی ہے۔

### پاڑا

جوتی ہوئی زمین کا وہ حصہ جہاں ہل نہ چلایا گیا ہو۔ بلکہ یونہی رہ گیا ہو۔

### پھتا ڈتھا

مویشیوں کے لیے گھاس چارے کا انتظام کرنا۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## بڑیلی

افتادہ یا غیر مزروعہ اراضی ۔

## بلتی

چنوں کے سبز اور نرم پتے جو سبزی کے طور پر پکائے جاتے ہیں ۔

## بورا

ہل کے ساتھ لگی ہوئی عمودی نالی (بور) کے ذریعے بیج بونے کا عمل ۔ بیج بونے کا یہ طریقہ بہترین متصور ہوتا ہے ۔ چنانچہ مثل مشہور ہے کہ بورا بادشاہ ، کیرا وزیر ، چھٹا فقیر ۔

## بوکھتی

ایسی خود رو فصل جو در اصل دو تین سال پہلے بوئی گئی ہو مگر زمین میں اس کے بیج موجود ہونے کی وجہ سے ہر سال اگ آتی ہو ۔

## بولا

گھاس چارے کا بڑا گٹھا ۔

## بولی

"بولا" کی تصغیر ۔ گھاس چارے کا چھوٹا سا گٹھا ۔

## بسوہر

کنوئیں کا ۴/۱ حصہ نیز چاہی زمین کی ایک چوتھائی آمدنی ۔

## بہا / بہیا

کھیتوں کے بیچ میں سے گزرنے والا کچا راستہ ، عام گزر گاہ ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**بھلوڑی**

ایک چوبی آلہ جس سے مویشیوں کا گوبر اکٹھا کیا جاتا ہے۔

**پیٹری**

سالانے کے لیے دائرے کی صورت میں بکھیرا ہوا گندم کا کھلیان جس کے اوپر "پھلا" چلتا ہے۔

**ترنڈا**

کٹی ہوئی فصل کے کھیت میں رہ جانے والے ڈنٹھل۔

**تڑا/ کل**

گاجر کے گودے کے اندر کا سخت حصہ۔

**تیلاٹھی**

تلوں کے تنکوں اور سوکھے پودوں کا بھوسہ۔

**تہر**

زمین میں تیسری مرتبہ ہل چلانا۔

**تکت**

چارے کے کھیت میں وہ جگہ جہاں سے چارا کاٹا جائے۔

**جوتا/ جوترا**

ہل کا چکر - ایک ہلّے میں جس قدر زمین جوتی جا سکے - مسلسل ہل چلانے کا عمل۔

**جھالو**

آبپاشی کے لیے کھیت کی تقسیم۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**چھاٹا**

درخت کا کٹا ہوا خار دار ٹہنا - کانٹوں والی جھاڑی ، جو کھیتوں کے گرد باڑ لگانے کے کام آتی ہے -

**چھوڈا**

تیشے سے کاٹا ہوا لکڑی کا ٹکڑا -

**چھٹا**

تخم پاشی کا سب سے گھٹیا طریقہ ، کھیت میں ہل چلانے کے بعد مٹھیاں بھر بھر کر اناج بکھیر دیا جاتا ہے -

**چھنگھ**

درخت کی سوکھی ہوئی چھوٹی سی شاخ -

**دوہر**

دوسری مرتبہ چلایا ہوا ہل -

**ڈھڑ/ کُنسّوں**

سانڈی ہوئی گندم یا چھڑی ہوئی منجی کا ڈھیر توڑی یا توہ سمیت -

**ڈتھا**

گھاس یا گنوں کا پولا -

**ڈکرا**

بیج کے لیے شلغم یا مولی کا کاٹا ہوا ٹکڑا -

**ڈھگ**

گنے کے بیج کا ڈھیر ، بہت بڑا انبار -

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## ڈھینگر

خشک اور بے پات درخت جس کے شاداب ہونے کی کوئی امید باقی نہ رہے ۔

## ڈھینگری

ایسی خشک ٹہنی جس کے پتے جھڑ گئے ہوں ۔ ڈھینگری عموماً خار دار ہوتی ہے اور باڑ لگانے کے کام آتی ہے ۔

## رُوڑی (ارُوڑی)

گوبر یا کوڑا کرکٹ کا ڈھیر جو بطور کھاد استعمال ہوتا ہے ۔

## سَتّھر

کاٹی ہوئی فصل جو سکھانے کے لیے بکھیری جائے ۔

## سَتّھری

گھاس چارے یا کاٹی ہوئی فصل کا کلاوا ۔

## سیاڑ

ہل چلانے سے زمین میں پڑنے والی گہری لکیر ۔

## سِیَن

کھیت میں ایک دفعہ ہل چلانے کا عمل ۔

## سِلا

فصل کی کٹائی کے بعد کھیت میں گرے پڑے خوشے ۔

## سِلے ہار

کھیت میں گرے پڑے خوشے (سلا) چننے والی عورت ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**سلتھ/سلھابا**

زمین کی نمی یا رطوبت - مرطوب زمین - ایسی زمین جہاں سیلاب کا گزر عام ہو -

**کاچرا**

جوار کی فصل جو مویشیوں کے چارے کے لیے بوئی جاتی ہے -

**کاڈھ**

کنوئیں کو صاف کرنے کے لیے اس کی تہ سے پانی اور کیچڑ وغیرہ نکالنا -

**کانگڑی**

باجرے کا ڈنٹھل -

**کانگیاری**

فصلوں کی ایک بیماری -

**کُتب**

توڑی کا ڈھیر -

**کرنڈ**

بیج بونے کے بعد بارش ہو جائے تو کھیت کی سطح پر مٹی کی تہ جم جاتی ہے - اسے کرنڈ کہتے ہیں - اسے توڑنے کے لیے کھیت میں بھیڑ بکریاں چھوڑ دی جاتی ہیں تا کہ زمین کی سطح نرم ہو جائے اور بیج آسانی سے پھوٹ سکے -

**کنڑ**

کنوئیں کے پانی کی وہ تہ جس کے پھٹنے کے بعد کنوئیں کا پانی ختم

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

نہیں ہوتا ۔

## کُڑ

دودھ بلونے کی چاٹی کا سر پوش ۔

## کُڑہ

وہ احاطہ جہاں مویشی باندھے جاتے ہیں ۔ نیز چکی میں آٹا پڑنے کی جگہ ۔

## کسار

گندم یا جو کے سٹوں کے بال ۔

## کِل"/تڑا

گاجر وغیرہ کا اندرونی سخت حصہ ۔

## کُنڈ

مٹی" کا برتن جس میں توڑی اور ونڈ وغیرہ ڈال کر مویشوں کو کھلاتے ہیں ۔

## کھاڈی

## کھوری

کماد کے خشک پتے جو جلانے کے کام آتے ہیں ۔

## کھوڑی

وہ کھیت جس میں بیٹھک بٹھائی جائے ۔ یعنی حصول کھاد کے لیے رات دن مویشی باندھے جائیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**کھسڑ**

مکئی کا پودا جسے سٹہ نہ لگے ۔ نیز نرم اور پولا گنا جس میں رس نہ ہو ۔

**کھتی**

کٹی ہوئی خار دار جھاڑیوں کا گٹھا ۔

**گاہ**

گندم گاہنے کا عمل ۔

**گتاوا**

توڑی اور ونڈ (دلے ہوئے چنے) ملے ہوئے ، مویشیوں کی خوراک ۔

**گتاوا کرنا**

(موّرد محاورہ) مویشیوں کو کھلانے کے لیے توڑی میں ونڈ وغیرہ ملانا ۔

**گندل**

کسی پودے یا بوٹی کا نرم و نازک تنہ یا کونپل ، جیسے سرسوں کی گندلیں ۔

**گہاڑا**

گھاس کا ڈھیر ۔

**گنڈھیل**

پیاز کا ڈنٹھل ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**گــوڈا**

گوڈی کرنے والا ۔

**گوڈی**

رنبے کے ذریعے زمین کھود کر بوئے ہوئے کھیت میں سے گھاس پھوس نکالنے کا عمل ۔

**گوہا کـُـوڑا**

مویشیوں کا گوبر اور کوڑا کرکٹ اکٹھا کرنے کا کام ۔

**گھسَنڈیاں**

گندم کے نازک کانٹھیں ۔ جو گندم ساندنے کے بعد پھٹک کر الگ کرلی جاتی ہیں ۔

**گھیرا**

اپلوں کا ڈھیر ۔

**لگیر**

بیری یا توت وغیرہ کی لمبی اور نرم و نازک شاخ ۔

**للتھ**

بیری کا بہت کچا بیر جس کی گٹھلی نرم ہو ۔ اس کا ذائقہ کڑوا سا ہوتا ہے ۔

**لنگ**

کیکر کے پتے یا کیکر کے زرد پھول ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**مُڈھ**

درخت یا پودے دا زیر زمین حصہ جس کے ساتھ جڑیں ہوتی ہیں۔

**مڈھی**

سخت ڈنٹھل والی کٹی ہوئی فصل (مثلاً کپاس) کی زمین میں رہ جانے والی جڑ۔

**میگری**

کپاس کی گٹھڑی جو پشت پر اٹھائی جائے۔

**مِلھا**

ایک خار دار جھاڑی جسے چھوٹے چھوٹے بیر (کوکن) لگتے ہیں۔

**مُلتھیڑ**

گوبر اور کوڑے کرکٹ کا ڈھیر جو کھاد کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

**منگواڑ**

مونگ دا کھیت۔

**موڈھی/مونڈھی**

وہ فصل جو کپاس یا کماد وغیرہ کسی فصل کی کٹائی کے بعد زمین میں رہ جانے والی جڑوں سے دوبارہ اُگ آئے۔

**موگھا**

آبپاری کے لیے نہر میں سے نکالی گئی شاخ کا دھانہ۔

**مُہارا**

کٹی ہوئی مکئی کی فصل کا خاص انداز سے لگایا ہؤا ڈھیر۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ُسہالا**

وہ کھیت جس میں ہل چلایا گیا ہو - جتی ہوئی زمین ۔

**ِسہڑاں**

تھوڑی سی فصل (گندم وغیرہ) ساندنے کے لیے دائرے کی صورت میں مویشیوں کو اس طرح پھرانا کہ پیچھے کوئی "پھلا" وغیرہ نہ بندھا ہو ۔

**ناڑ**

گندم کی نالی جس سے ٹوکریاں وغیرہ بنتی ہیں ۔

**ناکا/نوکا**

وہ راستہ جس کے ذریعے آڈ کا پانی کھیت میں داخل ہوتا ہے ۔

**نرڑ**

دو جانوروں کو ایک ساتھ اکٹھا باندھنے کا عمل ۔

**لکال**

جاری پانی کی برابر چلنے والی مقدار ۔

**واڈھو**

پکی ہوئی تیار فصل جو کاٹ لینے کے قابل ہو ۔

**واڈھی**

فصل کی کٹائی ۔

**واڑ**

کپاس کی کھیتی ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**واڑا**

خربوزوں اور ہدوانوں کا کھیت ۔ بھیڑوں کی حفاظت کے لیے جھاڑیوں کی باڑ ۔

**واہن**

وہ کھیت جس میں ہل چلایا گیا ہو مگر سہاگا نہ پھرا ہو ۔ اور نہ کوئی فصل بوئی گئی ہو ۔

**وَت/وَتر**

سینچی ہوئی زمین یا کھیت کا نرم اور تر ہوکر ہل چلانے کے قابل ہو جانا 'وتر آئے' پر زمین باہر سے خشک اور اندر سے تر ہوتی ہے ۔ نیز معمولی نمی ، ٹھیک حالت ۔

**وَترو**

تخم ریزی کے بعد کھیت میں کی گئی پہلی آبیاری ۔

**وٹ**

کھیت کی منڈیر ، کھیت کو کیاروں میں تقسیم کرنے کے لیے جو منڈیں کسی یا جندرے کے ساتھ بنائی جاتی ہیں ۔

**ونالھی**

کپاس کا پودا جس سے کپاس چن لی گئی ہو ۔

**ہالی**

ہل چلانے والا ۔

**ہلوالھی**

وہ زمین جس میں ہل چلایا گیا ہو ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۳ ۔ زرعی آلات اور ان کے متعلقات

**ارلی**

پنجالی کی خمدار کیلی ۔

**اُوٹھنا**

جوئے کے نیچے لگی ہوئی لکڑی جو بیل گاڑی کو آگے گرنے سے روکتی ہے ۔

**اُورلا پنجالی**

ایسی پنجالی جس میں ایک ہی بیل کو جوتتے ہیں ۔

**پٹیلا**

رہٹ کی گادھی میں لگا ہوا کھونٹا جس پر ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں ۔

**پٹیلی**

گادھی پر لگا ہوا لکڑی کا سہارا

**پرانی / پرائن**

بیلوں کو ہانکنے کی مخصوص چھڑی جس کے آگے کیل (آر) اور چمڑے کا سانٹا لگا ہوا ہوتا ہے ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## پنجالی

بیلوں کو رہٹ ، ہل ، خراس میں جوتنے کے لیے استعمال ہونے والا مشہور زرعی آلہ ۔

## ترانگل / ترنگلی

پنجہ نما چوبی آلہ جس سے گھاس اکٹھی کرتے ہیں نیز اس کی مدد سے ساندا ہوا اناج اڑاتے ہیں تا کہ بھوسے اور دانوں کو الگ الگ کیا جا سکے ۔

## ٹھاکن (کُتّا)

رہٹ کو الٹا گھومنے سے روکنے کے لیے چکلی کے ساتھ لگایا ہوا آلہ ۔

## تنگڑ/ترنگڑ

رسّیوں کا بنا ہوا جال جس میں گھاس یا توڑی باندھتے ہیں ۔

## تنگلی

پنجہ نما چوبی آلہ ، ترانگل ۔

## جھامبا

پھل جھاڑنے کی لکڑی ۔ نیز پھل جھاڑنے والا ۔

## چھکلی

بیلوں کی تھوتھنی پر چڑھانے والی جالی ۔ تا کہ وہ فصلوں اور پودوں کو خراب نہ کریں ۔

## ڈسالکا / ڈسالکڑ

غلیل کی مانند دو شاخہ لکڑی ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ڈبی**

بیل گاڑی (گڈ) کو آگے گرنے سے روکنے والا بانس ۔

**ڈھانگا**

پھل پات جھاڑنے اور شاخیں کاٹنے والا لمبا بانس جس کے آگے لوہے کا خمدار پھل لگا ہوتا ہے ۔

**ڈھیری**

بان بٹنے کا آلہ ۔

**کُنڈ ھن/کنڈھنی**

بھاڑ میں خس و خاشاک جھونکنے کی سیاہ چھڑی ۔

**کھبڑ/بیڑ**

پرالی ، گندم کی نالی یا سرکنڈے کے پٹھوں کا بٹا ہوا رسا جس سے گندم کی بھریاں باندھتے ہیں ۔

**گِھرلا**

کھیت کے ڈھیلے توڑنے والا بیلن جیسا گول سہاگہ ۔

**لوڑھو**

کپاس کے بیلنے کا بالائی آہنی بیلن ۔ نچلا بیلن لٹھ کہلاتا ہے ۔

**مُشھیئے**

پنجالی کی درمیانی لکڑیاں (پنجالی میں دو مشھیئے لگے ہوئے ہیں جو پھٹ اور جولے کو پکڑے رکھتے ہیں) ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## مُنّی

ساندنے کے لیے بکھیرے ہوئے کھلیان کے درمیان گاڑی ہوئی کھونٹی ، جس کے ساتھ بیل باندھے جاتے ہیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۴ ۔ آبپاشی کے ذرائع اور دیگر متعلقات

### آڈ

وہ نالی جس کے ذریعے کنوئیں کا پانی کھیتوں میں پہنچایا جاتا ہے ۔

### آڈ کھالنا

آڈ کو صاف کرنا ۔

### اریڑیاں

لکڑی یا لوہے کی سلاخ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو رہٹ کی ماہل کے ساتھ لگے ہوئے ہوتے ہیں ۔ ان کے ساتھ ٹینڈیں لگائی جاتی ہیں ۔

### بھانڈے

رہٹ کے چکلا ، چکلی ، بیڑ ، پاڑچھا ، لسار ، ماہل اور دوسرے سامان کو 'بھانڈے' کہتے ہیں ۔ لغوی معنی ہیں ، برتن ، ظروف ۔

### بیڑ

رہٹ کا بڑا چکر جو کنوئیں کے اوپر لگایا جاتا ہے اور جس پر ماہل چلتی ہے ۔

### بنڈھ/بنّھ‌ڈ

کھیت کو پانی دیتے وقت ، پانی کا رخ ایک کیارے سے دوسرے کیارے کی طرف موڑنے کے لیے آڈ میں جو مٹی کا بند لگایا جاتا ہے ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## بوکا

کنوئیں سے پانی کھینچنے کے لیے چمڑے کا ڈول ، جو ماشکی استعمال کرتے ہیں ۔

## بوکی

'بوکا' کی تصغیر ، چمڑے کا چھوٹا ڈول ۔

## پاڑ

بہت بڑا اور گہرا مدور گڑھا جو کنواں لگانے کے لیے کھودا جاتا ہے ۔ اس گھڑے میں لکڑی کا ایک بہت بڑا چکر (گنڈ) ڈال کر اس پر دائرے کی صورت میں کنوئیں کی دیوار اساری (تعمیر کی) جاتی ہے ۔ جب دیوار کافی اونچی ہو جائے تو اس کے اوپر لکڑی کے شہتیر اور ریت سے بھری ہوئی بوریاں رکھ کر دباؤ ڈال دیتے ہیں ۔ ٹوبھا کنوئیں میں اتر کر گنڈ کے نیچے سے مٹی نکالتا ہے اور گنڈ دیوار سمیت نیچے دھنستا جاتا ہے ۔ یہانتک کہ وہ پانی کی سطح تک پہنچ جاتا ہے ، پھر کنوئیں کی دیوار کے بیرونی گڑھے کو مٹی سے بھر کر کے 'بھانڈے' نصب کر دیتے ہیں ۔

## پاڑچھا

لکڑی یا ٹین کی چادر کا بنا ہوا پرنالہ جو بیڑ کے چکر کے درمیان رکھا جاتا ہے ، جب رہٹ چلتا ہے تو ٹینڈوں سے پانی چلے پاڑچھے ہی میں گرتا ہے ۔

## پھلڑیاں

بیڑ کے دندانے جن پر مابل چلتی ہے ۔ یہ دندانے بیڑ کی گردش کے ساتھ مابل کی اریڑیوں میں پھنستے اور مابل کو آگے دھکیلتے جاتے ہیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**پالڈو**

ایک قسم کی سفید مٹی جو کنواں کھودتے وقت زمین کی نچلی تہ سے نکلتی ہے ۔

**ہیڑ**

لفظی معنی ہیں راستہ ، رہٹ کے چکلے اور چکلی کے گرد وہ گول چکر جس پر بیل چلتے ہیں ۔

**ٹوبھا / چوبھا**

غوطہ خور ، کنوئیں میں غوطہ لگا کر کنوئیں کی تہ اور گنڈ کے نیچے سے مٹی نکالنے والا ۔

**ٹنڈاں**[1]

مٹی کے چھوٹے چھوٹے کوزے یا ٹین کے ڈبے جو مابل کی اریڑیوں کے ساتھ لگے ہوئے ہوتے ہیں انھی کے ذریعے پانی کنوئیں کی تہ سے اوپر آتا ہے ۔

**جھلتن**

کنوئیں کی منڈیروں پر رکھا ہوا بہت بڑا شہتیر ، بیڑ کے دھرے (لٹھ) کا ایک سرا اس کے اوپر رکھا جاتا ہے دوسرے سرے پر چکلی اٹکائی جاتی ہے ۔

**چرسا**

ایک بہت بڑا چمڑے کا ڈول جس سے بیلوں کے ذریعے کنوئیں سے پانی کھینچ کر کھیتوں کو سیراب کرتے ہیں ۔

---

۱ ۔ ٹنڈ جیہا بھانڈا نہیں جے وڑھے تہ (مثل)

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**ٌچلھا**

کنوئیں کی منڈیر کے قریب پانی کا چھوٹا سا چوبچہ ، جس میں نسار سے پانی گرتا ہے اور پھر یہاں سے آڈ کے ذریعے کھیتوں میں پہنچتا ہے ۔

**ٌچنّا / ٌچنتن**

چھوٹی چھوٹی دو دیواریں جن کے اوپر 'کانجن' رکھی جاتی ہے ۔ چکلا اور چکلی ان دیواروں کے وسط میں نصب کیے جاتے ہیں ۔

**چوڑھا**

قلیل مقدار میں پانی دینے والا کنواں ۔

**دو ِوڈھا / دوہرٹا / دوماہلا**

بہت بڑا کنواں جس کے اوپر دو رہٹ ایک دوسرے کے بالمقابل نصب کیے گئے ہوں اور ایک وقت دو ماہلیں چلتی ہوں ۔

**ٌڈلّ**

غیر آباد کنواں ۔

**ڈھینگلی**

پانی کھینچنے والی لمبی لکڑی جس کے ایک سرے پر بھاری پتھر اور دوسرے سرے پر ڈول کی رسی بندھی ہوتی ہے ۔

**سُوآ**

چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکالی گئی ہو ، نہر کی شاخ ۔

**کاڈھ**

کنوئیں کو صاف کرنے کے لیے اس میں سے جو پانی اور کیچڑ نکالا جائے۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

نیز ایجاد ۔

## کاڈھ کڈھنا

کنوئیں میں سے کیچڑ نکالنا ۔ نیز کوئی نئی چیز ایجاد کرنا ۔

## کاڈھا

کنوئیں میں سے کیچڑ نکالنے والا ، کوئی نئی چیز ایجاد کرنے والا ، موجد ، لیڑا چھوٹنا ۔

## کانجن

لکڑی کا شہتیر جو رہٹ کے دونوں جنوں کے اوپر رکھا جاتا ہے ۔ چکلے کے عمودی دھرے کا بالائی سرا اسی کے ساتھ اٹکا ہوا ہوتا ہے ۔

## کُبتے

رہٹ کے چکلے کے دندانے ، جو چکلی کے دندانوں (کلوں) کو آگے دھکیل کر چکلی کو گھماتے ہیں اور چکلی کے ساتھ ساتھ بیڑ بھی گھومتا ہے کیونکہ یہ دونوں چکر ایک ہی دھرے کے دونوں سروں پر لگے ہوئے ہوتے ہیں ۔

## کلتے

چکتلی کے دندانے ۔

## کھال / کھالا

زمین کھود کر بنایا ہوا نالہ جس کے ذریعے نہر کا پانی کھیتوں میں پہنچایا جاتا ہے ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## کُھوہی

کھوہ (کنواں) کی تصغیر ، گاؤں یا گھر کے اندر چھوٹا سا کنواں جس سے ڈول کے ذریعے پانی کھینچا جاتا ہے ۔ نیز کنوئیں کی تہ کا پانی ختم ہوجائے تو اس کے اندر ایک اور گول دیوار بنا کر اسے پانی کی نچلی سطح تک اتار دیا جاتا ہے اسے بھی کھوہی کہتے ہیں ۔

## گادھی / گابدی

رہٹ چلانے والے کے بیٹھنے کی جگہ ۔

## گار

کنوئیں کی تہ کا کیچڑ یا مٹی ۔

## گنڈ

لکڑی کا بہت بڑا چکر ، اسے کنوئیں کے گڑھے (پاڑ) میں ڈال کر اس کے اوپر کنوئیں کی دیوار اٹھائی جاتی ہے ۔ نیز چکی کے پڑوں کے گرد وہ جگہ جہاں آٹا گرتا ہے ۔

## گیڑ / گیڑا

رہٹ کا ایک چکر ۔

## ماہل

وہ رسے یا لوہے کی کڑیوں کی بنی ہوئی دو زنجیریں جن کے درمیان مساوی فاصلے پر اریڑیاں اور ٹینڈیں لگی ہوئی ہوتی ہیں ۔ ماہل کا نچلا سرا پانی میں ڈوبا ہوا ہوتا ہے ۔ پیڑ گھومتا ہے تو پانی سے بھری ہوئی ٹینڈیں اوپر چڑھتی جاتی ہیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## من/منڈ

کنوئیں کی دیوار کا وہ پختہ حصہ جو زمین کی سطح سے اوپر ہو۔ کنوئیں کی منڈیر۔

## موگھا

سوئے (نہر کی شاخ) کا وہ سوراخ جس سے 'پانی کھال' میں آتا ہے۔

## موُہاں

وہ راستہ جہاں سے آڈ کا پانی کھیت میں داخل ہوتا ہے۔ اسے 'نکا' بھی کہتے ہیں۔

## نسار

وہ چھوٹا سا پرنالہ جو رہٹ کے پاڑچھے کے آگے لگا ہوا ہوتا ہے۔ ٹینڈوں سے جو پانی پاڑچھے میں گرتا ہے وہ نسار کے ذریعے چوبچہ (چلھا) میں جاتا ہے۔ پھر وہاں سے آڈ کے ذریعے کھیتوں میں پہنچتا ہے۔

## نکُھٹ

کنوئیں کا پانی خشک ہو جانے کی حالت۔

## وڈھ

کنوئیں کے آلات۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۵ ۔ چاول کی فصل اور اس کے متعلقات

**بوہل**

چھڑی ہوئی منجی یا ساندی ہوئی گندم کا ڈھیر ۔

**پرالی**

منجی کی خشک نالی ۔

**پھکٹ**

منجی کا بہت باریک چھلکا ۔

**پھنڈنا**

منجی کو پرالی سے پکڑ کر لکڑی یا کسی اور چیز پر زور زور سے مارنا تاکہ سٹوں سے دانے الگ ہو جائیں ۔ ان دانوں کو پھر گھراٹ یا مشین میں چھڑتے ہیں ۔

**توہ**

منجی کا چھلکا ۔ توہ اور پھک" میں فرق یہ ہے کہ توہ موٹے ہوتے ہیں اور پھک باریک ۔

**جھونا**

توہ سمیت چاول ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**چِڑوے**

بھگو کر اور بھون کر کوٹے ہوئے چاول ۔

**دودھا**

منجی یا مکئی کا ہرا سِٹہ ۔

**دھائیں**

ایک گھٹیا قسم کے موٹے چاول ۔ دھان کے معنوں میں بھی آتا ہے ۔

**ڈیلا**

ایک خاص قسم کا گھاس جو منجی کی فصل میں ہوتا ہے ۔

**رَوْنی**

منجی کی فصل بونے سے پہلے کھیت کو پانی سے لبریز کر دینا ۔

**سیول**

ادھ پک منجی کو منجروں سمیت بھون کر چھڑ لیتے ہیں ۔ عورتیں اور بچے بڑی رغبت سے چباتے ہیں ۔

**کالا بوُنڈا**

باسمتی چاولوں کی ایک قسم ۔

**کُدّو کرنا**

منجی کی فصل بونے سے پہلے کھیت میں پانی کھڑا کر کے ہل چلانا ۔

**کسیر**

کالا بونڈا قسم کی منجی کے دانوں کے ساتھ لگا ہوا چھوٹا سا بال ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**کُنتو**

منجی کی فصل کاٹ کر لگایا ہوا ڈھیر ۔ کھلواڑ ۔

**کھانجن**

ادھ چھڑ منجی ۔ چکی میں پہلی بار چھڑی ہوئی منجی ، جس سے اچھی طرح چھلکا الگ نہیں ہوتا ۔ اسے دوبارہ پھر چھڑتے ہیں ۔

**گبھتے**

منجریں نکلنے کے قریب منجی کی فصل کی حالت کو 'گبھے میں آنا' کہتے ہیں ۔

**گُدّی**

منجی کے تھوتھے دانے جن میں چاول نہ ہوں ۔

**گھراٹ**

چاول چھڑنے کی مخصوص چکی" جس کے دونوں 'پڑ پتھر کی بجائے مٹی کے ہوتے ہیں اور ان کو آوے میں پکایا جاتا ہے ۔ جو چاول گھراٹ میں چھڑے جائیں ان کا چھلکا 'توہ' کہلاتا ہے اور جو مشین میں چھڑے جائیں ان کے چھلکے کو 'پھک' کہتے ہیں ۔ نیز پانی سے چلنے والی چکی ۔ پن چکی ۔

**لاپ**

منجی کی ہیری ۔

**مُشکن**

گہرے لال رنگ کی منجی ۔ اس کا چھلکا سرخ ہوتا ہے ، لیکن چاول سفید ہوتے ہیں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**سُنجر**

منجی کا سٹہ ۔

**سُنجی / موُنجی**

دھان کی فصل ۔ دھان ۔ توہ سمیت چاول ۔

**موُلیاں**

منجی کی بنیری (لاب) کی چھوٹی چھوٹی گٹھیاں ۔ ان کو 'بتھیاں' بھی کہتے ہیں ۔

**لڑُو**

ایک خاص قسم کا گھاس جو منجی کی فصل میں ہوتا ہے ۔

**نیسرنا**

فصل کا پوری طرح نشوونما پا کر پھل لانے کے قریب ہونا ۔

**بتیھیاں**

منجی کی بنیری کی گٹھیاں ، موڑیاں ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ٦ ۔ کپاس اور اس کے متعلقات

**بُھتی**

کپاس کے ایک ڈوڈے میں سے جتنی کپاس نکلے ۔ نیز تھوڑا سا دہی ۔

**تاڑا**

دُھنئے کا وہ آلہ جس سے روئی دھنکتے ہیں ۔

**توُمبا**

روئی کا گالا ۔

**تِھمبی**

خمدار لکڑی جس سے عورتیں کپاس کو بیلنے سے پہلے دھوپ میں ڈال کر جھاڑتی اور صاف کرتی ہیں ۔

**چُگائی**

کپاس چننے کا معاوضہ جو چوگی کو جنس یعنی کپاس کی صورت میں دیا جاتا ہے ۔

**چوگی**

معاوضہ (چگائی) لے کر کپاس چُننے والی عورت ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**چھٹی**

کپاس کی چھڑی ، کپاس کے پودے کا خشک تنہ ۔

**ڈوڈا**

کپاس کا پھل جس میں روئی اور بیج (بنولے) ہوتے ہیں ۔

**گوگڑا**

کپاس کی ڈوڈی ۔

**منگلی**

لکڑی کا آلہ جسے 'دھنیا' تاڑے کی تانت پر مار مار کر روئی 'دھنکتا' ہے ۔

**وڑیاں/وڑیواں**

کپاس کا بیج ۔

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

# ۷ ۔ مکئی اور چری کی فصلیں

**آبُو**

گرم راکھ میں پردوں سمیت دبا کر بھونا ہؤا مکئی کا سٹہ ۔ کڑاہی میں آدھے بھنے ہوئے مکئی کے دانے ، پوری طرح بھنے ہوئے دانوں کو مرمرے کہتے ہیں ۔

**آبمیاں**

گندم یا جوؔ کے بھونے ہوئے سٹے ۔

**بکلیاں**

چنے ، گندم اور مکئی کے اُبلے ہوئے دانے ۔

**بمبّل**

مکئی کے پودے کا پھول نیز جھالر ، پھندنے ۔

**بُھلے**

بھنی ہوئی خشک مکئی کی کھیلیں ۔

**تُکّ**

مکئی کے سٹے کا وہ حصہ جس کے اوپر دانے لگے ہوئے ہوتے ہیں ، اسے "گُلّ" بھی کہتے ہیں ۔



Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

**تور**

ایک قسم کی میٹھی چری ، جسے گنے کی طرح چوستے ہیں -

**ٹانڈا**

مکئی کے پودے کا ڈنٹھل -

**دودھا**

مکئی یا منجی کا کچا سٹہ -

**دودھیا**

سفید مکئی کا سٹہ -

**سُوت**

مکئی کے سٹے کے بال -

**سُوت کاتنا**

(سوئرد محاورہ) مکئی کے سٹے میں بال پیدا ہونا -

**کانگڑ**

چری کی عام قسم جو جانوروں کے چارے کے لیے بوئی جاتی ہے -

**کھیتڑ**

مکئی کے سٹے " کے پودے یا وہ پتے " جن میں مکئی کا سٹہ لپٹا ہؤا ہوتا ہے -

**گُـلّ**

دیکھو "گُلّا" -

Academy of the Punjab in North America - APNA: http://www.apnaorg.com

## گنڈی

مکئی کا نیا پھوٹا ہوا چھوٹا سا سٹہ جس میں ابھی دانے پیدا نہ ہوئے ہوں ۔

## مرُمرے

مکئی کے طرح بھنے ہوئے دانے ۔ (گیلی مکئی کے دانوں کو تھوڑا سا بھون لیں تو وہ 'آبیو' کہلاتے ہیں ، پوری طرح 'بھنے ہوئے 'مرمرے' خشک مکئی کے دانے چونکہ بھونتے وقت کھل جاتے ہیں اس لیے ان کو "کھلے" کہتے ہیں اور جو سخت دانے کھلنے سے رہ جائیں وہ 'روڑ' کہلاتے ہیں ۔

